جناب عبدالعلیم خان (وفاقی وزیر برائے مواصلات): جناب! سینیٹر عبدالقادر صاحب بھی اپنا ضمنی سوال پوچھ لیں پھر میں ایک ساتھ جواب دے دیتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی نہیں ایسا نہیں ہو سکتا ہے۔ سینیٹر عبد القادر صاحب! پہلے منسٹر صاحب کو بات کرنے دیں پھر آپ کا ضمنی سوال لے لیں گے۔

جناب عبدالعلیم خان: میں معزز سینیٹر صاحب کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں اور یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ پچھلے tenures دیکھیں تو کس، کس کی حکومتیں رہی ہیں؟ کون، کون سی پارٹیاں برسر اقتدار رہی ہیں؟ کیا ان میں پیپلز پارٹی شامل تھی یا نہیں؟ اگر تھی تو براہ مہربانی وہ بھی اپنے پانچ سال کا حساب دے دیں۔ اگر PTI تھی تو وہ بھی اپنے چار سال کا حساب دے دیں۔ اس کے علاوہ PML (N) بھی تھی، وہ بھی اپنا حساب دے دیں۔ اس کے بعد PML (N) تھی، وہ اپنے حساب دے دے۔ میں تو اپنے چھ مہینے کا حساب دے سکتا ہوں، وہ آپ مجھ سے لے لیں۔ میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں کہ ان شاء اللہ تعالیٰ 2025 میں ہم M-6 شروع کریں گے۔ میں آپ سے یہ بھی وعدہ کرتا ہوں کہ M-6 صرف سکھر سے حیدرآباد تک نہیں ہو گی بلکہ ہم اسے سکھر سے لے کر کراچی تک لے کر جائیں گے۔۔۔

(مداخلت)

جناب عبدالعلیم خان: بھائی! سندھ والوں کو راضی کرلو، پھر بلوچستان کی طرف آجاتے ہیں۔ میری گزارش یہ ہے کہ اس کے لیے میں نے اپنی priorities میں اور وزیر اعظم

صاحب نے اپنی priorities میں جو سب سے پہلی سڑک رکھی ہے، وہ M-6 ہے۔ یہ ہو ہی نہیں سکتا کہ پاکستان کی کوئی بھی سڑک اس سے زیادہ اہم ہو۔

(مداخلت)

جناب عبدالعلیم خان: میری بہن! مجھے گزارش تو کر لینے دیں۔ میں نے آپ سے یہ وعدہ کیا ہے اور پورے ایوان کے سامنے کیا ہے۔ معزز بہن سے گزارش ہے کہ جب آپ نے ضمنی سوال کرنا ہو گا، میں اس کے لیے حاضر ہوں لیکن میری بات تو سن لیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس کے بعد جب ضمنی سوال آئے گا تو آپ ضمنی سوال کریں۔

جناب عبدالعلیم خان: اگر آپ نے ضمنی سوال کرنا ہو گا تو میں اس کے لیے حاضر ہوں۔ میری گزارش یہ ہے۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: کیا ہوا ہے اور کیا نہیں ہوا ہے، the sitting Minister has to answer. Sir, with all due respect, اس کے بعد آپ بتا رہے ہیں کہ M-6 is the most important road, what about N-25? اس طرح کے جواب تین سال سے ہو رہے ہیں۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر ثمینہ صاحبہ! جب سوال آئے گا، پھر بے شک آپ بات کریں۔ جی وزیر صاحب۔

جناب عبدالعلیم خان: میری بہن! یہ غلط بات نہیں ہے، یہ سچی بات ہے، بے شک کڑوی ہو سکتی ہے لیکن سچی بات ہے۔ جب آپ کی حکومت تھی تو آپ کو یہ موٹروے بنانی چاہیے تھی، سچی بات تو یہی ہے۔ اگر آپ نے نہیں بنائی تو آپ کو بھی اس کا جواب دینا چاہیے۔ اگر میں آپ کی یہ موٹروے بنا کر دوں گا تو اس لیے نہیں کہ وہ سندھ کی ہے بلکہ اس لیے کہ وہ پاکستان کی ہے۔ ہم اسے پاکستان کی سڑک سمجھتے ہیں۔ اگر آپ اسے سندھ کی سڑک سمجھتی تھیں تو آپ کی حکومت کو چاہیے تھا کہ وہ اپنے دور میں سب سے پہلے یہ project کرتی۔ اگر ان کو اس بات کا خیال ہوتا کہ انہوں نے کوئی development بھی کرنی ہے تو پھر کرتے۔ اگر آپ کو development کا خیال ہی نہیں ہے تو براہ مہربانی آپ ہماری بات سن لیں اور اس کے بعد جواب دیں۔ کتنے افسوس کی بات ہے کہ بجائے اس کے کہ میں نے آپ کو کہا ہے کہ یہ پاکستان کی سڑک ہے۔۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: ادی! براہ مہربانی۔ جی منظور کاکڑ صاحب۔

سینیٹر منظور احمد: نہیں شہادت صاحب۔ براہ مہربانی۔

جناب عبدالعلیم خان: اگر میں نے یہ جواب دیا ہے تو بالکل سینیٹ کے ایوان میں دیا ہے، آپ سب کے سامنے دیا ہے۔ جو جو حکومت، میں دوبارہ کہتا ہوں کہ جو جو حکومت برسراقتدار رہی ہے وہ M-6 نہ بنانے کی ذمہ دار ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ابھی اگر کسی نے ضمنی سوال کرنا ہے تو کرلیں۔ شہادت بھائی! پلیز۔

سینیٹر شہادت اعوان: پیپلز پارٹی یہاں حساب دے، یہ کہ حکومت پاکستان پیپلز پارٹی کی وجہ سے کھڑی ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اگر آپ سارے ایک منٹ کے لیے اجازت دیں۔ کاکڑ صاحب، ثمینہ زہری صاحبہ، ایک منٹ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شہادت بھائی! آپ بیٹھ جائیں۔ بلال مندوخیل صاحب! وزیر صاحب جواب دے رہے ہیں۔ جی منظور کاکڑ صاحب۔

سینیٹر منظور احمد: شکریہ، جناب چیئرمین! وزیر صاحب ہمارے لیے نہایت ہی محترم ہیں، ہمارے بھائی ہیں۔ جیسے انہوں نے کہا کہ ہم پاکستان کے لیے کام کر رہے ہیں۔ پاکستان میں پچیس کروڑ عوام رہتے ہیں لیکن اتنا hyper ہونا، میرے خیال میں یہ زیب نہیں دیتا۔ اتنا hyper ہونا یا کسی پارٹی کو blame کرنا، جب میں اس floor پر آتا ہوں تو ہم پاکستان کے حوالے سے جیسے انہوں نے خود کہا، ادی سینیٹر صاحبہ نے کچھ بھی نہیں کہا، اس نے صرف یہ کہا، ان کو یہ پتا نہیں ہے سینیٹر صاحبہ بلوچستان عوامی پارٹی سے تعلق رکھتی ہیں، اگر آپ کو یہ پتا ہوتا تو شاید آپ اتنا hyper نہ ہوتے۔ آپ صرف اس لیے یہاں پر آکر بیٹھا کریں کہ کون کس پارٹی سے تعلق رکھتا ہے۔ ہم اتحادی ہیں۔ یہ کوئی غلط بات تو نہیں تھی، اگر میں بلوچستان کے حوالے سے بات نہیں کروں گا تو پھر کون کرے گا۔ اگر میں یہ بات نہیں کروں گا تو شاید بلوچستان کا کوئی پوچھے گا بھی نہیں۔ کیا بلوچستان میں لوگ نہیں رہتے، انسان نہیں رہتے؟ جو میں نے آپ سے ایک بات کہی کہ آپ ایک

خوش خبری دیں گے کہ آپ بلوچستان میں موٹروے بنائیں گے، وہ آپ کے ہاتھوں سے بن جائے گی تو آپ کا ہم پر، بلوچستان پر بڑا احسان ہوگا۔ بلوچستان کو ہمیشہ ignore کیا گیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی رانا تنویر صاحب۔

رانا تنویر حسین (وزیر برائے نیشنل فوڈ سیکورٹی اینڈ ریسرچ): شکریہ، اراکین نے اپنے جذبات کا کافی اظہار کر لیا ہے اور یہاں پر رجسٹرڈ بھی ہو گیا ہے۔ proceedings کو آگے لے کر چلیں۔ کافی اراکین نے اپنے اپنے جذبات کا اظہار کر لیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی تارڑ صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: یہ جو میرے دوست بیٹھے ہیں، یہ House of the Federation ہے---

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وزیر برائے پارلیمانی امور): ثمینہ بہن! ایک سیکنڈ۔ بات تو سن لیں۔ آپ کی طرف سے یہ آیا تھا۔ پارلیمانی لیڈر نے بھی بات کر لی۔ میں صرف اس ایوان کا رکن ہونے کی حیثیت سے اور پارلیمانی امور کو دیکھنے کی حیثیت سے عرض کر رہا ہوں کہ اگر کسی معزز رکن کی کسی صوبے سے وابستگی کی وجہ سے یا کسی سیاسی جماعت سے وابستگی کی وجہ سے دل آزاری ہوئی ہے تو چونکہ کابینہ اجتماعی طور پر ذمہ دار ہوتی ہے، میں معذرت خواہ ہوں۔ ہمارا ماحول بڑا اچھا رہتا ہے اور Question Hour میں تو اور زیادہ اچھا ہوتا ہے۔ انہوں نے کیونکہ پچھلے چھ، سات ماہ سے یہ سارا سلسلہ شروع کیا ہے، کئی مرتبہ دل میں یہ بات ہوتی ہے کہ کام اب تیز ہو رہا ہے تو پہلے ہونا چاہیے تھا۔ ہم لوگوں نے اکٹھی بھی حکومتیں کی ہیں، الگ الگ بھی کی ہیں، یہ آپس میں باتیں کرتے ہوئے ہو جاتی ہے، میں اسی لیے on behalf of Government, being Member of this august House and being Minister for Parliamentary Affairs, ہم نے یہ ماحول بڑا congenial رکھنا ہے۔ پاکستان کے عوام ہمیں دیکھ رہے ہوتے ہیں۔ میں آپ سے یہ استدعا کروں گا کہ اگر کسی کی دل آزاری ہوئی ہے تو میں معذرت خواہ ہوں۔ جناب! معاملے کو آگے چلایا جائے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: انہوں نے معذرت کر لی۔ جی ہو گیا۔ جی علیم خان صاحب۔

جناب عبدالعلیم خان: جناب! پہلی بات تو یہ ہے کہ میں پچھلے پچیس سال سے سیاست کر رہا ہوں۔ میں نے کبھی بھی کسی سیاسی جماعت کے بارے میں کوئی ایسی بات نہیں کی اور نہ کسی سیاسی لیڈر کے بارے میں کی ہےاور نہ ہی کبھی آئندہ کروں گا۔ جب میں نے یہ بات کہی تو میرے لیے پیپلز پارٹی اور اس کے قائدین بھی بہت محترم ہیں۔ اسی طرح PML (N) آج میری اتحادی جماعت ہے۔ اس کے وزیراعظم ہیں،وہ بھی بہت محترم ہیں۔ میں پی ٹی آئی میں رہا ہوں۔ میرے لیے وہ اور ان کے قائدین بھی بہت محترم ہیں لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ میرے۔ جی باپ پارٹی کے سارے دوست جتنے بیٹھے ہیں لیکن دیکھیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: بلوچستان عوامی پاٹی۔

سینیٹر عبدالعلیم خان: آپ مجھے یہ نہیں کہہ سکتے کہ آپ اس بات کو نہ کہیں کہ جی اس M-6 کو نہ بنانے میں تمام سیاسی جماعتیں اس کی ذمہ دار ہیں۔ یہ بات صحیح ہےاور جب صحیح ہے تو مجھے براہ مہربانی پوری عزت واحترام سے بات کرنے تو دیں۔ اسی لیے میری گزارش ہےاور میں نے کیا کہا، میری بہن ہے، میری بہن ویسے بھی کہیں گی تو میں ان سے معذرت کر لوں گا۔ میرے لیے یہ بہت قابل احترام ہیں اور ہماری بہن ہیں اور اگر ان کو کوئی ایسی بات بری لگی ہو تو میں ان سے بالکل دل سے معذرت خواہ ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی کوئی ضمنی سوال، جی بلال مندوخیل صاحب۔ صرف سوال کریں تاکہ بزنس کو چلائیں۔

سینیٹر بلال احمد خان: شکریہ جناب چیئرمین، معزز منسٹر صاحب سے میرا سوال ہے کہ انہوں نے بڑی اچھی بات کی کہ پاکستان کے لیے تمام motorways and highways جو ہیں وہ بڑے اہم ہیں، تو براہ مہربانی وزیر صاحب مجھے بتا سکتے ہیں کہ کوئٹہ-ژوب ہائی وے کا کام کب مکمل ہوگا، کوئٹہ- کراچی جس میں سے کوئٹہ-خضدار تک کا کام ہو چکا ہے اور جاری ہے۔ اس کے علاوہ خضدار سے حب کراچی تک جو روڈ ہے ، غالباً اس کی land acquisition بھی ہو چکی ہے، تو اس کی tendering کب ہو گی، اس پر کام کب شروع ہوگا اور مکمل کب ہوگا، اس کی مالیت کیا ہو گی، اس پر کام کس نوعیت کا ہوگا۔ اس کے علاوہ اگر آپ Hakla and Brahma Bahtar

Motorway کی بات کریں تو Brahma Bahtar سے پھر D.I khan پر جاتے ہوئے ژوب تک موٹروے ہے اس کے بارے میں آپ کچھ بتا سکتے ہیں کہ وہ کام کب شروع ہوگا، کب tender ہوگا۔ بلوچستان کو موٹروے کے ذریعے اور نیشنل ہائی وے کے ذریعے کب اور کیسے connect کریں گے اور کتنے عرصے میں۔ براہ مہربانی ذرا اس بارے میں ہمیں بتا دیں اور completion کا جو وقت آپ بتا رہے ہیں اس پر جو grace period ہے وہ بھی بتا دیں کہ maximum چھ مہینے یا زیادہ سے زیادہ ایک سال اس پر مزید ہم لے سکتے ہیں تو براہ مہربانی ہمیں وہ fix time بتا دیں تا کہ ہمارے لوگوں کو زندگیاں بچانے میں آسانی ہو اور یہ امید ہو کہ جب یہ روڈ بنے گا تو کم از کم ان حادثات سے بلوچستان کے باقی لوگوں کی زندگیاں محفوظ ہو جائیں گی، شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

سینیٹر عبدالعلیم خان: سینیٹر صاحب کی خدمت میں، میں گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ جو آپ کی M-50 ہے، جس طرح ہماری بہن نے کہا تھا یہ M-50 بھی ہمارے لیے بہت اہم ہے۔ یہاں پر بہت زیادہ حادثات ہوتے ہیں۔ میری گزارش یہ ہے کہ ہمارے لیے یہ ساری روڈز جو بلوچستان کے ساتھ connect کرتیں ہیں۔ آپ نے revenue کی بات کی تھی، NHA maintenance پر جو لگاتی ہے، اس میں سے ہم اس وقت 44% بلوچستان کی طرف لگا رہے ہیں۔ جبکہ ہمارے سندھ کے، خیبر پختونخوا کے بھائی بھی اس پر ہم سے اعتراض کرتے ہیں کہ آپ سندھ، پنجاب اور خیبر پختونخوا سے revenue generate کرتے ہیں لیکن آپ اس کا بیشتر حصہ جو ہے وہ بلوچستان کی طرف لگاتے ہیں۔ تو اس کے لیے ان کو جو details چاہیں، جتنی بھی details چاہیں وہ میرے پاس آ جائیں، NHA والوں کو بھی بلاتا ہوں اور ان کے ساتھ بیٹھ کر discussion بھی کر لیتا ہوں اور ان کی جو timelines ہیں ان شاءاللہ ہم اس کو ensure کریں گے کہ ان کی timelines کے مطابق وعدے کو پورا کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر قادر صاحب، Mic کھول دیں اور یہ آخری سوال ہے۔

سینیٹر محمد عبدالقادر: پرویز رشید صاحب آپ کو ویسے ہی meeting میں بلا لیں گے میں اس کمیٹی کا حصہ ہوں۔ میں تھوڑی سی وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ سکھر سے حیدرآباد 310

کلومیٹر کا موٹروے ہے وہ نہیں بنا ہے، کراچی سے خنجراب تک جو connection بنایا گیا ہے یہ سی پیک روٹ کے نام سے بھی اور کراچی لاہور کے نام سے۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ سوال کریں۔

سینیٹر محمد عبدالقادر: جناب! میں تھوڑی وضاحت کروں گا تو وزیر صاحب بتائیں گے کہ ہمارا اس میں ضمنی کیا ہے۔ تو اس میں یہ ہے کہ باقی جگہ روڈ بنا ہوا ہے اور درمیان کا روڈ نہیں بنا ہے۔ میرا اس میں وزیر صاحب سے یہ سوال ہے کہ ابھی تک Public Private Partnership پر NHA میں کوئی private party کام نہیں کر سکی ہے۔ اس کے جو بھی projects ہیں PPP, BOT پر وہ FWO نے کیے ہیں and that is 99.99% government owned. تو میری درخواست یہ ہے کہ پچھلے 10 سال سے اس پروجیکٹ کے نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ NHA جو اس کی basis بناتا ہے وہ viable, یا technically and economically کسی business organization کے لیے attractive نہیں ہے اور صرف 310 کلومیٹر روڈ پر تین سو یا چار سو ارب روپے لگا کر ان کو اس کی انکم نہیں ہے تو اس لیے وہ اس پروجیکٹ میں نہیں آ رہے۔

اگر اس project کو اسی طرح سے Ministry of Communication or NHA بار بار advertised کرتی رہے گی اگر یہ award بھی ہو جائے گا جس طرح یہ last time کوئی تین چار سال ایک کمپنی نے اس میں bid دی تھی اور تین چار سال ضائع کرنے کے بعد وہ کام نہیں کر سکی، تو ایک چیز یہ ہے۔

دوسری چیز یہ ہے کہ وزیر صاحب سی پیک میں جو پروجیکٹ ہوئے تھے جس میں سکھر۔ ملتان تھا، جس دور میں سکھر۔ ملتان سی پیک پر کام ہوا، اس وقت ڈالر 90 یا 95 کا تھا یعنی 10million dollars کا پروجیکٹ فی کلومیٹر ہوا تھا۔ تو میرے کہنے کا مقصد ہے کہ اگر آپ اس کو سی پیک میں ڈالیں گے اسی دور میں جب عبدالحکیم اور لاہور section ہوا تھا، وہ ساٹھ کروڑ روپے فی کلومیٹر ہوا تھا۔ یعنی 30%, 35% price کم آئی تھی۔ تو اگر آپ اس کو سی پیک میں ڈالیں گے تو آپ کو یہ دیکھنا چاہیے کہ china جو ہے۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کے اچھے دوست بھی ہیں آپ ان سے ملیں، سوال کریں۔

سینیٹر محمد عبدالقادر: سوال یہی ہے کہ اس کو دس سال نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ اس کی tendering basis جو ہیں وہ ایسی ہے کہ کوئی کمپنی یہاں نہیں آ سکتی ہے اور دوسری چیز اس میں یہ ہے کہ یہاں پر جو نئے پروجیکٹ کرنے کی بات ہو رہی ہے تو میں یہ کہوں گا کہ جو پرانے projects awarded ہیں دس دس سال سے وہ مکمل نہیں ہوئے اور جو NHA نے projects award کیے ہوئے ہیں وہ 1800 ارب سے اوپر کے ہیں اور سال میں ان کی allocation سو سوا سو ارب کی ہے تو خدا کے لیے پہلے جو projects award کیے ہیں ان کو مکمل کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: قادر صاحب آپ سوال کریں۔

سینیٹر محمد عبدالقادر: جناب! میرا یہی سوال ہے کہ سی پیک میں اگر اس کو ڈالیں تو at least اس میں پاکستانی کمپنیوں کو موقع ملنا چاہیے، یہ نہ ہو کہ 50% high rate پر Chinese کو کام دے دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی علیم صاحب۔

جناب عبدالعلیم خان: میرے بھائی نے جو سوال کیا ہے یہ بہت اچھا سوال ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس میں سوال کون سا ہے۔

جناب عبدالعلیم خان: آپ کا سوال بہت اچھا ہے لیکن مجھے سمجھ نہیں آیا، میں معذرت چاہتا ہوں لیکن میں جو سمجھ سکا ہوں اس کا جواب دیتا ہوں، جو میرے بھائی نے بات کی ہے وہ بہت valid ہے۔ جناب! یہ جو سی پیک ہے یہ تو بعد کی بات کر رہا ہوں، پہلے یہ PPP mode پر ابھی تک کیوں نہیں بن سکا، یہ بالکل ٹھیک بات ہے جو انہوں نے کی یہ feasible نہیں تھا PPP mode کے لیے اور feasible نہ ہونے کی وجہ سے ایک contractor

Mr. Deputy Chairman: Senator Falak Naz, Order in the House.

جناب عبدالعلیم خان: جو معزز سینیٹر بھائی نے بات کی ہے وہ بالکل ٹھیک ہے۔ ایک سینیٹر، ایک contractor جنہوں نے اس کے لیے bid کی لیکن وہ اس کی feasibility پوری نہیں کر سکے اور وہ کچھ سالوں کے بعد اس کو چھوڑ گئے۔ اب اس کے لیے ہم نے جو programme بنایا ہے وہ یہ ہے کہ اگر PPP mode پر کرنا ہے تو اس کو different section میں تقسیم کر

دیا جائے تاکہ یہ contractor کے لیے بھی کام کرنا، اس کو لینا اور پایہ تکمیل تک پہنچاناpossibleہو۔ اس کے بارے میں میرے بھائی زیادہ بہتر سمجھ سکتے ہیں۔ اب جو ہمارا Kibor rate کم ہو رہا ہے، اس کے ساتھ اس کی feasibilityمیں اور بہتر اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ مجھے امید ہے ان شاء اللہ تعالیٰ جب ہم اس سال میں یہ project کریں گے۔ ہم نہ صرف اس کو PPP mode پر لے کر آئیں گے بلکہ یہ اتنا feasible projectہے کہ اگر اس میں حکومت پاکستان اور حکومت سندھ مل کر بھی اپنا کوئی share ڈالیں۔ یہ اگلے پچیس سالوں کے لیے ہے، یہ موٹر وے جو کہ Karachi Portسے چلے گی، جہاں سے آیا ہوا ایک ایک truck اس کو استعمال کرے گا۔

جناب والا! یہ اگلے پچیس سالوں میں آپ کو تقریباً تین ہزار ارب روپے کما کر دے سکتی ہے اور یہ اتناfeasible projectہے جو کہ آج 400,500ارب روپے سے بنتا ہے یہ آپ کو تین ہزار ارب روپے کما کر دے سکتا ہے۔ میں CM Sindh سے بھی ملا ہوں اور میں نے ان سے بھی گزارش کی ہے اور اسی طرح سے میں نے پنجاب حکومت کو بھی کہا ہے کہ اگر آپ ہمارے ساتھ revenue sharingمیں آجائیں۔ یہ profit making projectsہیں۔ یہ ایسے projectsنہیں ہیں جس میں آپ کے پیسے ضائع ہونے لگ جائیں لیکن اگر وہ اس کے باوجود نہیں آتے تو ہم اس کو PPP modeپر لے کر جائیں گے اور ان شاء اللہ تعالیٰ میں نے جیسے پہلے وعدہ کیا ہے۔ M-6 کو ہم سکھر سے لے کر کراچی تک بنائیں گے اور ان شاء اللہ تعالیٰ ہم اس پر اسی سال سے کام شروع کریں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں تین ضمنی سوالات ہوگئے ہیں۔ سوال نمبر 76, سینیٹر اشرف علی جتوئی صاحب۔

*Question No. 76 **Senator Ashraf Ali Jatoi:** *Will the Minister for Maritime Affairs be pleased to state whether it is a fact that Government has initiated or plans to initiate public awareness campaigns addressing the devastating effects of marine pollution on Karachi's marine life, if so, the details thereof?*

Mr. Qaiser Ahmed Sheikh: Ministry of Maritime Affairs cognizant of increasing marine pollution issue is actively engaged with stakeholders to mitigate the impacts of marine pollution i.e.

one is from ships and the other is from land & industries. The pollution by ships is effectively being managed by compliance to international Convention MARPOL. Pakistan is a signatory of this Convention, and the Ministry of Maritime Affairs is committed to follow international precautionary standards especially those pertaining to oil and garbage from the ships. The Ministry implements these standards / SOPs through the Karachi Port Trust, Port Qasim Authority and Gwadar Port Authority. However, the pollution from land sources is still a challenge as it involves multiple stakeholder's i.e. local government institutions. Moreover, Ministry of Maritimes constituted Marine Pollution Control Board (MPCB) on 25th February, 2009 to address Marine Pollution issues and to ensure remedial steps to mitigate its effects on sea lives. Further, a Working Group constituted under MPCB has actively engaged the stakeholders and had various follow up meetings. Further, a Task Force under convenorship of Pakistan Navy has been established on 30.10.2024 and first meeting was held on 03-01-2025. The Task Force will prepare on marine pollution and submit its report within three months and its recommendations will be presented in MPCB for policy directions. Such regulator meeting of MPCB and Working Group are not only a source of interaction amongst the stakeholders but also create awareness at various levels on the subject matter.

In additions Ministry of Maritime Affairs, Ports & Shipping Wing, has planned a series of awareness seminars and public meetings on reduction of marine pollution.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔ سوال نمبر 77, سینیٹر محمد اسلم ابڑو صاحب۔

*Question No. 77 **Senator Muhammad Aslam Abro**: *Will the Minister for Inter-Provincial Coordination be pleased to state whether it is a fact that Government has taken note of poor performance of Pakistan Football team during the last five years, if so, the details thereof, indicating also if there is any proposal under consideration to allocate funds to Pakistan Football team?*

Minister for Inter-Provincial Coordination: The Pakistan Football Federation (PFF) is affiliated with the Pakistan Sports Board (PSB) and recognized by the Asian Football

Confederation (AFC) and Federation Internationale de Football Association (FIFA). The last elections of the PFF were held in 2018 but were not recognized by FIFA. Subsequently, FIFA appointed a Normalization Committee on 13th September 2019 with certain mandates including to conducting PFF elections. The composition of the Normalization Committee has been revised multiple times, with the current Chairman, Mr. Haroon Malik, appointed on 19th January 2021.

The Normalization Committee has been arranging participation of the Pakistan Football team. The PSB has been facilitating the team with provision of No Objection Certificates (NOCs) for international events. However, the Normalization Committee has never submitted Post Visit Reports, which are required by PSB within 10 days of an event's conclusion to evaluate the team's performance.

Due to the absence of a democratic setup within the PFF, the PSB has not provided any financial grants to the federation. Elections at the provincial level have been conducted, and the next steps for the Normalization Committee are to amend the PFF Constitution and hold PFF elections. once a democratic structure is established, the government will support the Pakistan Football team within available resources. It is noteworthy that the PSB has raised concerns about the election process adopted by the Normalization Committee but has not received any satisfactory response.

جناب ڈپٹی چیئرمین: کوئی ضمنی سوال ہے؟

سینیٹر محمد اسلم ابڑو: شکریہ جناب چیئرمین! میں footballپر سوال کرنا چاہتا ہوں۔ اصل میں میں خود بھی پاکستان کا international playerرہ چکا ہوں اور foreign teamsکے ساتھ بھی کھیل چکا ہوں۔ Foreign teamsکا coach بھی رہ چکا ہوں۔ مجھے تو بڑا افسوس ہوتا ہے کہ جب بھی مرکزی حکومت changeہوتی ہے تو وہ اپنا چیئرمین مقرر کرتے ہیں جس کو footballکا پتا بھی نہیں ہوتا اور میں سمجھتا ہوں انہوں نے کبھی footballدیکھا بھی نہیں ہوگا۔

جناب والا! پچھلے الیکشن 2018 میں ہوئے، FIFA نے اس الیکشن کو نہیں مانا۔ اس کے بعد FIFA نے کمیٹی بنوائی اور الیکشن mandate دیا تو ابھی تک الیکشن کیوں نہیں ہوا۔؟ اس کے علاوہ میں وزیر صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کھیلوں میں کون سی NOC ہوتی ہے جو جواب میں دیا گیا ہے۔

جناب چیئرمین! میں بھی Divisional football team کا President/Chairman رہ چکا ہوں۔ ہم جیکب آباد میں ایک ایک سال میں چار چار tournament کرواتے تھے اور ہمیں کسی قسم کی NOC کی ضرورت نہیں ہوتی تھی۔ ہمارے جو players ہیں خصوصی طور پر کراچی۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ سوال کریں۔

سینیٹر محمد اسلم ابڑو: جناب والا! میں سوال تو کر رہا ہوں۔ میں یہ کہوں گا بلوچستان اور سندھ میں football کے زیادہ players ہوتے ہیں اور وہیں سے international team میں بھی select ہو کر آتے ہیں مگر پتا نہیں ان دو صوبوں سے کیا مسئلہ ہے جس کی وجہ سے football کو بھی توجہ نہیں دی جا رہی اور ایک ہی cricket ہے وہ بھی اچھی بات ہے۔ اگر دوسرے sports کے جو مسئلے ہیں ان پر بھی توجہ دیں اور ان کا مسئلہ حل کریں۔ جب ہم کھیلتے تھے تو ہم Russia and Saudi Arab سے بھی کھیلے مگر انہوں نے ہم سے نہیں جیتا بلکہ برابر ہی رہے۔ آج Russia and Saudi Arab بھی world cup کے لیے کھیل رہے ہیں۔ میرے خیال سے حکومت کو خصوصی طور پر football پر توجہ دینی چاہیے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: ان کا بڑا مفصل جواب آیا ہوگا اور اس میں ساری reasons دی گئی ہیں کہ unfortunately جب کھیل میں سیاست آجائے تو ظاہر ہے اس کے بڑے ہولناک consequences ہوتے ہیں۔ Pakistan Football Federation Sports Board کے ساتھ منسلک تو ہے لیکن اس کے ساتھ Asian Football Federation کی جو direct excess ہے اور جو World Football Federation ہے جسے ہم FIFA کے نام سے جانتے ہیں، اس کے ساتھ affiliated ہے۔ اس کے آخری انتخابات 2018

میں ہوئے تھے لیکن وہ انتخابات FIFA نے تسلیم نہیں کیے because اس میں بہت ساری anomalies تھیں اور legal lacunas تھے۔ ایک history ہے جو mover نے بتایا کہ وہ خود بھی اس سے منسلک رہے ہیں، ابڑو صاحب سے زیادہ کسی کو معلوم نہیں ہوگا۔ 2011 onward two factions بن گئے تھے اور پھر ان کی litigation ہوئی، پھر یہ معاملہ چار سالوں تک لاہور ہائی کورٹ میں رہا۔ اس میں interim orders pass ہوئے، ایک retired judge جس کا sports میں کچھ interest بھی تھا۔ ان کو care-taker کے طور پر مقرر کیا گیا پھر وہ order Supreme Court میں challenge ہوا، Supreme Court نے پھر انتخابات کا حکم دیا جس کے لیے انہوں نے convenor بھی appoint کیا۔ 2018 میں وہ finally انتخابات ہوئے اور اسی کے بعد FIFA نے کہا نہیں کیوں کہ ہمارے پاس جمہوری ڈھانچہ نہیں ہے۔

اب یہ صوبوں کی حد تک progress ہو چکی ہے۔ کچھ قانونی موشگافیاں involved تھیں، انہیں کافی حد تک read out کر دیا گیا۔ ہم اب یہ توقع کر رہے ہیں اور ہماری جو normalization Committee ہے، اس کمیٹی نے بھی وقت کچھ زیادہ لیا ہے۔ ہارون ملک صاحب جو dual national ہیں اس کمیٹی کو ابھی chair کر رہے ہیں۔ ان کی football کے حوالے سے بہت contributions ہیں لیکن جمہوری process کو چلانے کے لیے normalization Committee بھی unfortunately وہ نہیں کر سکی جو ان سے توقع کی جا رہی تھی۔

ابڑو صاحب کو یہ یقین دہانی جیسے جواب میں بھی کروائی گئی ہے کہ ان شاء اللہ آنے والے مہینوں میں یہ معاملہ کیوں کہ صوبوں کا complete ہو گیا ہے تو ان شاء اللہ یہ پایہ تکمیل تک پہنچ جائے گا and once are elected bodies their پھر آپ FIFA کے ساتھ اور Asian Federation کے ساتھ مل کر کام کر سکتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر محسن عزیز صاحب۔

سینیٹر محسن عزیز: شکریہ جناب چیئرمین! حکومت اپنے کھیل میں لگی ہوئی ہے، ان کو ان کھیلوں کا کیا پتا؟ اب بات یہ ہے اگر ان کھیلوں کی طرف توجہ دیں۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ سوال کریں۔

سینیٹر محسن عزیز: جناب والا! سوال کر رہا ہوں، آپ تھوڑا توجہ دیں، تھوڑا حوصلہ کریں خیر ہے ایسی بات نہیں ہے۔ میں نے Olympic Association کے متعلق سوال کرنا تھا جو فعال نہیں ہے۔۔ Olympic Association کے متعلق کئی بار سوالات ہو چکے ہیں، اس کی انتظامیہ صحیح نہیں چل رہی ہے۔ بڑی مدت سے ان کی Association چلتی آ رہی ہے اور وہ فعال طریقے سے کام نہیں کر رہی۔ چاہے وہ football کی association ہے جو اس کے ساتھ affiliated ہے یا پھر hockey کی یا کبڈی کی یا کوئی اور بھی چیز ہے وہ اس وقت فعال نہیں ہے۔ اس کو فعال کرنے کے لیے کیا کر رہے ہیں؟ ان کا جو پچھلا الیکشن ہوا ہے جو کہ FIFA کو پسند نہیں آیا یا پھر ان کو acceptable نہیں ہے۔ اس کے بعد سے اگر ہم یہاں پر 2019 سے بیٹھے ہوئے ہیں تو کھیلوں کا تو یہی حال ہوگا جو حکومت کھیل کر رہی ہے اسی طرح کا کھیل چلتا رہے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میرے خیال سے government and opposition کا جو کھیل ہے ہم اسے یہیں پر محدود کر لیں تو بہت زیادہ بہتر ہے۔ کھیلوں کے میدان میں نہ ہی جائیں تو زیادہ بہتر رہے گا۔ بڑا مفصل جواب ہے، آپ نے پڑھ بھی لیا اور اس میں ساری deadlines دی ہیں۔ Football Federation کی حد تک جو آخری development ہے وہ November 2024 کی ہے جس میں انہوں نے اپنے constitution میں amendments کر لی تھیں اور اب ان شاء اللہ وہ منطقی انجام کو پہنچے گا۔

جہاں تک Olympic Association and Federation کا تعلق ہے۔
آپ سب کے علم میں ہے ایک ہی طرح کے لوگ جو تھے وہ اس میں بار بار آ رہے تھے اور وہ cartelization کا جو ایک image ہے وہ نظر آیا تھا۔ اس حکومت کے آنے کے بعد اس کی طرف بھی توجہ دی ہے، جو IPC کے وزیر ہیں، جو کھیلوں کو دیکھتے ہیں۔ انہوں نے اس میں کافی ذاتی دلچسپی لی ہے اور کابینہ میں بھی اس کو discuss کر کے، تحلیل کی اور اس کا بھی دوبارہ reconstitution کا عمل under process آیا۔ ان شاء اللہ اس کی ساری restructuring یا reform ہے وہ بھی agenda پر ہے۔

وزیر اعظم پاکستان کا sportsکے لیے اور نوجوانوں کے لیےvision ہے، اس کی جو youth policy ہے اس کے coordinator رانا مشہود صاحب ہیں۔ انہوں نے نہ صرف وزیراعلیٰ پنجاب ہوتے ہوئے یہ initiativesلیےاور دس سال وہاں پر sports stadium, play groundsکے اضافے کے ساتھ ساتھ جو young talent ہے اس کی آپ نے patronage کی۔ یہ آپ نے خود سنا جو ہمارا قومی ہیرو ارشد ندیم ہے وہ بھی پنجاب کے اسی ایک programmeکیproduct تھے کہ انہیں پہلی بار جو ایک بڑاplatformملا وہ وہیں سے ملا۔ ان شاء اللہ آپ کو گراں قدر تبدیلیاں نظر آئیں گی۔ Hockeyکے میدان میں بھی جو ہماری قومی ٹیم ہے، اس میں basic changes کرکے ان کے fundsکے جو معاملات ہیں ان کو streamlineکیا گیا ہے and they are performing better than the previous years ہم یہ توقع رکھتے ہیں۔ یہ سارے معاملات درست سمت میں جا رہے ہیں اور آپ کو resultsآنا شروع ہوگئے ہیں۔ حکومت کے point of view سے میں آپ کو ضرور بتاتا چلوں ، جو Cabinet meetings and Sub Committeesمیں بھی discussہوتے ہیں۔ یہ درست ہے کہ cricketایک popular کھیل ہے لیکن حکومت اپنی policiesکے حوالے سے جو دیگر کھیل ہیں جن میں hockeyہے، footballہے اور squashہے جس میں ہم نے بڑے سنگ میل طے کیے ہیں۔ ہمارے young champion تیرہ سالہ عدنان نے جو تاریخ رقم کی ہے اس پر انہیں مبارک باد پیش کرنی چاہیے۔ آپ کو دیگر کھیلوں میں بھی improvement نظر آئے گی کیونکہ ہمارے نوجوانوں میں talent موجود ہے اور اُسے صرف nurture کرنے کی ضرورت ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر سرمد علی صاحب۔

سینیٹر سرمد علی: پاکستان ہاکی فیڈریشن نے ابھی کراچی میں National Senior Hockey Championship organize کی ہے۔ جو ہاکی کا حال ہے وہی اس championship میں جو میڈل دیے گئے، ان کا حال ہے۔ مثال کے طور پر انہوں نے جو gold medal دیا اس میں پاکستان ہاکی فیڈریشن کے spellings میں ہاکی کی جگہ ہاکسی لکھا گیا

ہے۔ اگر اس قسم کے gold medals جاری کیے جائیں گے تو اس سے ہمارے sports بالخصوص ہاکی کے حوالے سے seriousness کی بارے میں کیا تاثر ملتا ہے۔

جب ہم کہتے ہیں کہ ہاکی ہماری national sport ہے، تو ہم یہ دیکھتے ہیں کہ ہاکی کی اور پاکستان ہاکی فیڈریشن کی کتنی تنزلی ہو چکی ہے۔ اسی ہاکی فیڈریشن کی سرپرستی میں ہم ایک زمانے میں ہاکی کے World champion اور Olympics champion بھی رہ چکے تھے اور اس وقت ہماری ایسی حالت ہو چکی ہے کہ اب اسی قسم کی چیزیں ہوں گی۔ میں یہ چاہوں گا کہ منسٹر صاحب آپ اس کا نوٹس لیں اور اس کے بارے میں دیکھیں کہ یہ کیا ہو رہا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: بالکل جی، آپ نے جس بات کی نشان دہی کی ہے میں کھیلوں کے وزیر صاحب کی توجہ اس طرف ضرور مبذول کرواؤں گا اور جیسے میں نے پہلے بھی بات کی تھی کہ ہاکی کے بارے میں وزیر اعظم کا جو اپنا ایک پروگرام ہے اس میں hockey is one of the priority. انہوں نے پچھلے دنوں قومی ٹیم سے بھی ملاقات کی تھی اور وہ خود بھی یہ چاہتے ہیں کہ ہاکی فیڈریشن کے معاملات درست ہوں۔ اس کے لیے ان کے youth coordinator رانا مشہود صاحب بھی کام کر رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: بلال صاحب! تین ضمنی سوالات تھے جو مکمل ہو چکے ہیں۔ ایک ضمنی سوال منسٹر صاحب نے خود بھی کیا ہے۔ جی۔ تین ہو چکے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سوال نمبر 78۔ سینیٹر قراۃ العین مری صاحبہ۔ موجود نہیں ہیں۔

*Question No. 78 **Senator Qurat-Ul-Ain Marri:** *Will the Minister for Communications be pleased to state:*

(a) Details of revenue generated and expenditure incurred by Pakistan Post during the last five years with year-wise breakup; and

(b) details of strategies/ business plan aimed at enhancing the growth and operational efficiency of Pakistan Post?

Mr. Abdul Aleem Khan: (a) The year wise breakup of revenue generated and expenditure of Pakistan Post Office Department (PPOD) for the last five (5) years is given below:—

(Figures in Million Rs.)		
Year	Revenue Receipts	Expenditure
2019-20	15,976.821	26,350.604
2020-21	15,517.899	27,741.237
2021-22	14,433.025	17,098.171
2022-23	7,106.389	18,697.566
2023-24	9,255.757	22,756.990

(b) Draft three years Business development plan for Pakistan Post 2024-25 to 2026-27 is enclosed at Annex-A.

(Annexure has been placed in library and on Table of the mover/ concerned Member).

جناب ڈپٹی چیئرمین: سوال نمبر 79، سینیٹر رانا محمود الحسن صاحب۔

*Question No. 79 **Senator Rana Mahmood Ul Hassan:** *Will the Minister for Communications be pleased to state whether it is fact that G.T Road stretch connecting Motorway with Tarnol railway crossing leading towards B-17 is in deteriorating condition and metro buses are also plying on the same route, if so, the reasons for delay in its repair, indicating also the department responsible for its maintenance and the time by which the said portion of the G.T road will be repaired?*

Mr. Abdul Aleem Khan: It is a fact that NHA is responsible for maintenance of G.T Road stretch connecting Motorway with Tarnol Railway crossing leading towards B-17, which is in a satisfactory, motorable condition and presently, traffic is plying smoothly on it.

It is further submitted that the Routine Maintenance Contracts on the said reach of N-5 have recently expired. The acceptance letters of new RM Contracts have been issued. Subsequently, the concerned; contractors shall be directed to mobilize at site and execute the required repair work on main carriageway so as to provide smooth and pothole-free road to the commuters and general public.

Moreover, the G.T Road portion from Rawalpindi to Hassanabdal has been selected for addition of 3rd lane in the project to be funded by Asian Infrastructure Investment Bank

(AIIB) which is presently at design stage. After execution, it will further improve the road condition of this section.

سینیٹر رانا محمود الحسن: بہت شکریہ جناب چیئرمین۔ میں منسٹر صاحب کا بہت شکر گزار ہوں کہ وہ بہت اچھا کام کر رہے ہیں اور میں ان سے کہنا چاہوں گا کہ ملتان تا وہاڑی روڈ جس کو ملتان دہلی روڈ بھی کہتے ہیں، وہ ایک زمانے سے بنتی اور بگڑتی چلی آ رہی ہے۔ وہ تا حال نامکمل ہے اور ابھی اس کے شاید tender بھی ہونے جا رہے ہیں اور اسی طرح سے میانوالی تا ملتان روڈ بھی ہے۔ میں منسٹر صاحب سے یہی گزارش کروں گا کہ کسی دن NHA کے حوالے سے سینیٹ میں آ کر مکمل طور پر brief کر دیں تو سینیٹر صاحبان کے تمام سوالات کے جوابات مل جائیں گے۔ میری یہ ایک تجویز ہے کہ اگر ایسا ہو جائے تو بہت بہتر ہو جائے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

جناب عبدالعلیم خان: جی میں سینیٹر صاحب کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں اور جو انہوں نے سوال کیا ہے وہ چونکہ اس سوال سے related نہیں ہے تو میرے پاس اُس کی تفصیل نہیں ہے۔ اس سلسلے میں میری یہ گزارش ہو گی کہ وہ مجھے آکر مل لیں یا مجھے بتا دیں کہ کہاں پر ہم اس کو بیٹھ کر discuss کر سکتے ہیں۔ جناب! ہمارے پاس کوئی ڈیڑھ سو کے قریب projects ہیں تو ایسا نہیں ہو سکتا کہ میں ان ڈیڑھ سو projects کو یہاں آ کر explain کر سکوں۔ اگر کسی کا کوئی بھی concern ہے تو وہ میرے پاس تشریف لے آئیں۔ میں اپنے محکمے کے تمام لوگوں کو بلا کر ان کے جو بھی concerns ہوں گے، اس کو ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور address کرواؤں گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میرے خیال میں اگر کسی ممبر کا مواصلات کے حوالے سے کوئی بھی concern ہے تو آپ منسٹر صاحب کے ساتھ بیٹھ کر اس کا موثر حل نکال سکتے ہیں۔ جی سینیٹر محسن عزیز صاحب۔

سینیٹر محسن عزیز: میں کوئی بہت لمبی تقریر تو نہیں کرنا چاہتا اور نہ ہی اس کی ضرورت ہے۔ بس ایک سوال کرنا چاہتا ہوں کہ M-1 motorway پر مختلف جگہوں پر depressions آ گئے ہیں اور اس میں بہت خراب قسم کے humps بن گئے ہیں بالخصوص چارسدہ کے قریب اور وہ ٹریفک حادثات کے حوالے سے بہت خطرناک بھی ہیں ۔ ایک یہ request تھی کہ

یہ accidents کے حوالے سے بہت بڑا prone ہے۔ ایک تو یہ آپ سے گزارش ہے کہ اگر اس کو آپ دیکھ لیں۔

دوسرا یہ تھا کہ ہم نے کمیٹی میں بھی اس کو discuss کیا تھا اور اس پر House میں بھی بات ہوئی تھی کہ M-1 سے اسلام آباد ہوائی اڈے کی جو access ہے، وہاں سے بھی towards M-2 اگر ایک loop لے لیا جائے تو یہ ہمارے لیے بہت آسان ہو جائے گا کیونکہ اس وقت ہمیں یا تو گولڑہ موڑ سے مڑنا پڑتا ہے یا پھر تقریباً پندرہ کلومیٹر آگے جا کر ایک access ہے جو کافی زیادہ time and fuel consuming ہے۔ تو ہم نے ان سے request کی تھی جس پر کمیٹی میں بھی discuss ہوا تھا۔ تو یہی گزارش دوبارہ سے کی جا رہی ہے کہ اس پر کوئی کام ابھی تک ہوا ہے یا نہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

جناب عبدالعلیم خان: جناب! جو سینیٹر محسن عزیز صاحب نے بات کی ہے یہ بالکل ٹھیک ہے۔ یہ صرف M-1 پر نہیں ہے بلکہ یہ باقی motorways پر بھی کئی جگہوں پر uneven ہو گئی ہیں۔ ہم نے اس پر machineries لگا دیں ہیں اور جہاں پر انہوں نے نشان دہی کی ہے میں ان شاءاللہ تعالیٰ اس کی details لے کر خود محسن بھائی کو بتاؤں گا اور ہم اس کو اُن کی satisfaction کے عین مطابق remove کریں گے۔

جو انہوں نے اگلے loop کا کہا ہے تو اس پر میری گزارش ہوگی کہ ہمارے معزز بھائی ہمارے ساتھ بیٹھ جائیں تو ہم مل بیٹھ کر جس طریقے سے یہ چاہتے ہیں اس M-1 to M-2 connection کو design کر لیتے ہیں اور ہم ان کی مشاورت کے ساتھ ان کی تجویز پر کام کریں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر سید علی ظفر صاحب۔

سینیٹر سید علی ظفر: عزت مآب منسٹر صاحب سے ایک اور ضمنی سوال تھا کہ جیسے کہ ابھی بات ہوئی ہے کہ جب آپ motorway سے airport کی طرف جا رہے ہیں تو housing society کے لیے ایک نیا loop بنا ہے جو مجھے تو بڑا dangerous لگتا ہے۔ وہ ایک simple small lane ہے جس میں safety کے حوالے سے کافی زیادہ specifications

society کل کو یہ required ہیں، جیسا کہ آپ motorway پر کیسے join کریں گے۔ کل کو یہ society بڑھتی ہے تو وہ ایک بڑا dangerous point ہو سکتا ہے اور کسی بڑے نقصان کا باعث بن سکتا ہے۔ So, I wanted to know کہ آپ نے اس پر کوئی غور کیا ہے؟ اگر کیا ہے تو اس ایوان کو confidence میں لیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

جناب عبدالعلیم خان: جناب! جو concerns سینیٹر سید علی ظفر صاحب نے بیان کیے ہیں وہ بالکل ٹھیک ہیں اور یہ میری وزارت میں آنے سے پہلے کی بات ہے۔ جناب، جو آپ نے نشان دہی کی ہے وہ بھی بالکل ٹھیک ہے اور وہ واقعی dangerous ہے۔ جب میں پچھلے دنوں وہاں گیا تو یہ میں نے خود بھی دیکھا ہے۔ میں نے اس حوالے سے ان شاء اللہ کل ایک meeting call کی ہے۔ اس پر ہم ایک پوری policy لے کر آرہے ہیں کہ ہماری تمام motorways سے اگر کسی کو connection چاہیے تو وہ ضرور لیں لیکن اس کا کوئی طریقہ کار، کوئی قانون، کوئی ضابطہ یا کوئی drawing بھی ہونی چاہیے کہ جس طرح کی ابھی نشان دہی ہوئی ہے۔ ابھی بھی ہمارے service areas کے لیے بہت اچھے loops بنے ہوئے ہیں اور جب لوگ service areas میں جاتے ہیں یا وہاں سے motorway پر connection کے لیے باہر نکلتے ہیں تو وہ بہت safe ہیں اور وہاں کبھی کسی قسم کا حادثہ نہیں ہوا کیونکہ اس کو design کرتے وقت ان تمام چیزوں کو، جن کی نشان دہی ابھی ہوئی ہے، ان کو ملحوظ خاطر رکھا جاتا ہے۔ لیکن اس میں ایسا نہیں کیا گیا۔ آپ نے جو فرمایا وہ بالکل ٹھیک ہے اور چونکہ میں نے اس کو دیکھا ہی دو دن پہلے ہے تو میں نے اس کے لیے آپ کے point out کرنے سے پہلے ہی ایک meeting رکھ لی ہے اور جو آپ فرما رہے ہیں اس کو خاطر میں لاتے ہوئے یہ اُسی طرح design ہو گا جس طرح ہمارا design بنتا ہے of entering from the motorway and entering on to the motorway. تو ان شاء اللہ تعالیٰ آپ کو next sitting میں اس کی تفصیلات بتاؤں گا۔

(اس موقع پر ایوان میں اذان ظہر سنائی دی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر بلال احمد صاحب۔ یہ آخری سوال ہے۔

سینیٹر بلال احمد: جناب! آپ کا شکریہ۔ میرا قابل احترام وزیر صاحب سے ایک سوال ہے کہ بلوچستان میں 2 provincial roads ایسے ہیں جو National Highway یا دیگر صوبوں کو connect کرتے ہیں۔ جیسے بلوچستان سے پنجاب اور خیبر پختونخوا کو connect کرتے ہیں۔ ہمارا ایک road کوئٹہ سے خانوزئی، خانوزئی سے قلعہ سیف اللہ اور قلعہ سیف اللہ سے لورالائی کی طرف connect ہوتا ہے جبکہ خانوزئی سے لورالائی کو connect کرنے کے لیے درمیان میں ایک اور راستہ ہے جو کہ provincial road ہے، آپ اگر اس کو National Highway میں consider کریں یا National Highway اس کو take over کرے تو اس کا 90 کلومیٹر کا فاصلہ کم ہوگا۔

اس وقت بلوچستان سے DG Khan اور ملتان کے راستے سے پنجاب جانے والی ٹریفک ہے، وہ کوئٹہ سے خانوزئی، خانوزئی سے قلعہ سیف اللہ اور قلعہ سیف اللہ سے واپس لورالائی کی طرف آتی ہے۔ جبکہ اگر خانوزئی سے یہ سڑک، جو کہ provincial road ہے اور ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے، اگر اس کو National Highway take over کرلے تو یہ 90 کلومیٹر کا فاصلہ مزید کم ہوگا اور جو سڑک پر traffic کا heavy burden ہے، وہ بھی distribute ہو کر جنہوں نے پنجاب کی طرف جانا ہے وہ پنجاب جائیں گے اور کوئٹہ سے خانوزئی سے قلعہ سیف اللہ، قلعہ سیف اللہ سے ژوب اور ژوب سے DI Khan اور وہاں سے اسلام آباد اور خیبر پختونخوا کو connect کر رہا ہے ، اس راستے پر جو پنجاب، especially DG Khan اور ملتان کا جو load ہوگا، وہ کم ہو جائے گا۔

اس کے ساتھ ژوب سے ٹانک کے لیے جو ایک provincial road ہے، جو خیبر پختونخوا کو بلوچستان سے connect کرتی ہے ، اس کو بھی اگر National Highway take over کرے تو اس سے بھی ژوب سے DI Khan جاتے ہوئے دہانہ سر جیسی خطرناک سڑک پر اور اس پہاڑی سلسلے کو disconnect کرکے اگر ژوب سے ٹانک کو connect کر دیا جائے تو میرا خیال ہے کہ ژوب سے اسلام آباد اور خیبر پختونخوا تک جانے کے لیے۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: کیا آپ کو منسٹر صاحب نے یہ offer دی ہے کہ آپ تمام اس طرح سے بات کریں۔آپ اپنا سوال مکمل کریں۔

سینیٹر دوست علی جیسر: جناب! میں اپنا ضمنی سوال کر رہا ہوں۔ Kindly اگر منسٹر صاحب میری ان گزارشات کو note کر لیں اور ان دو سڑکوں کو، جو کہ ہماری provincial roads ہیں، ان کو take over کر کے National Highways consider کریں تو مسافروں کے لیے آسانی ہو سکتی ہے۔ Kindly کیا آپ اس بارے میں کچھ کہنا چاہیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

جناب عبدالعلیم خان: میرے محترم سینیٹر بھائی نے جو گزارش کی ہے یہ۔۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ وزارتِ مواصلات و تعمیرات ملک کی ایک اہم وزارت ہے۔ اس حوالے سے معزز ممبران کے متعدد سوالات بھی ہیں، تجاویز بھی ہیں اور بہت اچھے مشورے بھی ہیں۔ آپ ان کو کسی فارغ وقت میں بلا کر سب کو مطمئن بھی کریں اور ایک تفصیلی briefing بھی دے دیں۔

جناب عبدالعلیم خان: جناب! میری یہ گزارش ہو گی کہ جو معزز ممبر یہ سمجھتا ہے کہ اس کی کوئی ایسی تجویز ہے جو وہ میرے ساتھ share کرنا چاہتا ہے تو سب کے پاس میرا contact number موجود ہے اور یہ میرے لیے بہت محترم ہیں اور اگر یہ میرے دفتر تشریف لے آئیں تو میں سارے محکمے کو بلا کر ان کی جو بھی تجاویز ہیں، ان شاء اللہ تعالیٰ ہم ان پر عمل درآمد کریں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اگر کسی بھی ممبر کی کوئی تجویز ہے تو وہ اس حوالے سے Motion secretariat کو جمع کروا دے۔ ایک گھنٹہ ہو چکا ہے اور وقفہ سوالات ختم ہو گیا ہے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں جی، کوئی دس منٹ اور نہیں ہیں بلکہ پانچ منٹ زیادہ ہو چکے ہیں۔ وقفہ سوالات ختم ہو چکا ہے اور ایوان میں پیش کیے گئے باقی سوالات اور ان کے چھاپے گئے جوابات ایوان کی میز پر رکھے گئے پڑھے تصور کیے جاتے ہیں[1]۔ اس سے پہلے کہ میں چھٹی کی درخواستیں لے لوں، ہمارے ایوان میں جنوبی سوڈان کا ایک پارلیمانی وفد بھی موجود ہے۔ ہم ان کا اس

---

[1] *[The questions hour is over; the remaining questions and their printed replies are placed on the table of the House shall be treated as read.]*

ایوان میں خیر مقدم کرتے ہیں جس کی قیادت اعلیٰ مرتب جناب نائب سپیکر عبوری قومی قانون ساز اسمبلی کر رہے ہیں۔ یہ وفد ایوان کی کارروائی دیکھنے کے لیے چیئرمین باکس میں تشریف فرما ہے۔ ہم ان کا خیر مقدم کرتے ہیں۔

(The Chair recognized the presence of a parliamentary delegation of South Sudan led by His Excellency Mr. Deputy Speaker, interim National Constituent Assembly, witnessing the House proceedings)

(Desk thumping)

*Question No. 80 **Senator Muhammad Aslam Abro:** *Will the Minister for National Food Security and Research be pleased to state:*

(a) whether it is a fact that National Agricultural Research Council (NARC) has imparted training to farmers belonging to Sindh, if so, number of farmers trained during the last five years alongwith nature of training imparted in each case with year-wise breakup; and

(b) whether there is any proposal to conduct more of such trainings for the farmers of Sindh in future, if so, the details thereof?

Rana Tanveer Hussain: (a) Pakistan Agricultural Research Council (PARC), through its premier institute, the National Agriculture Research Centre (NARC), has played a pivotal role in capacity building by training farmers, agriculture officers, extension personnel's and field assistants across Pakistan. These training initiatives are implemented through various institutes under NARC, including the Agricultural Polytechnique Institute (API).

API, NARC, organized a specialized training program on **Integrated Pest Management of Sugarcane by Developing Biologically Based Management Practices,** during which 20 farmers were trained (Annex-I).

Additionally, the Southern Zone Agricultural Research Centre (SARC) Karachi, a key regional affiliate of PARC, has actively conducted numerous training programs specifically for farmers from Sindh. To date, **10,043 farmers have been trained**

under these programs, which are meticulously designed to address the unique agricultural challenges faced in the Sindh region.

The details of these trainings along with the Participants list, are also attached (Annex-II)

(b) Training programs for Farmers are an on-going activity under the Pakistan Agricultural Research Council (PARC). However, SARC Karachi regularly conduct such trainings. Proposals for future trainings are developed as a part of new projects and will continue to be coordinated in future as well.

Annex-I

TRAINING COURSE ON PEST MANAGEMENT OF SUGARCANE BY DEVELOPING BIOLOGICAL BASED MANAGEMENT PRACTICES UNDER PECS FROM 23-25 FEBRUARY, 2021 AT NARC ISLAMABAD

LIST OF PARTICIPANTS

Sr. No.	Name of participants	District
1	Mr. Rasheed Ahmed Mangrio	Shahaeed Benazir Abad
2	Mr. Junaid Ali Umrani	-do-
3	Mr. Fahad Hussain Dayo	Ghotki
4	Mr. Mehtab Hussain Pathan	-do-
5	Mr. Gull Hassan Ghanghro	Naushehro Feroze
6	Mr. Ali Khan Solangi	-do-
7	Mr. Qurban Ali Sirohi	Sukkur
8	Mr. Yaqoob Abbasi	-do-
9	Mr. Muhammad Hussain	Mirpur Khas
10	Mr. Ahmed Khan Mari	-do-
11	Mr. Abdul Aziz Banglani	Umar Kot
12	Mr. Zohaib Azam	-do-
13	Mr. Ameer Bux Mangi	Dadu
14	Mr. Tarique Ahmed Panhwar	-do-
15	Mr. Muhammad Uris Mastoi	Tando Allah Yar
16	Mr. Wazir Chand	-do-
17	Mr. M. Arif Soomro	Hyderabad
18	Mr. Abdur Rasool Pathan	-do-
19	Mr. Khamiso Memon	Thatta/Sujjawal
20	Mr. Aijaz Ali Khawaja	-do-

16th Mar 2024	PARC-SARC, Karachi/Shikarpur	Business Mushroom Farming	Students & NGO workers	96
30-31 July 2024	PARC-SARC, Karachi	Hands-on Training on Aflatoxin Biocontrol Technique	Students	30
09-20 Dec 2024	PARC-SARC, Karachi	Hands-on Spawn Production and Milky, Oyster & Reishi Mushroom Cultivation	Farmers	1
24-27 Dec 2024	Shikarpur	Business Mushroom Farming	Farmers NGO Workers	350
Arid Zone Research Centre (AZRC), Umerkot				
11/05/2018	HOTEL INDUS, HYDERABAD, SINDH	ONE DAY WORKSHOP ON "COMBATING FOR MALNUTRITION AND DESERTIFICATION AT THAR-DESERT"	FARMERS	60
02/01/2019	PARC-AZRI, UMERKOT, SINDH	SEMINAR ON "INTEGRATED MODELS FOR NUTRITION MANAGEMENT AND REDUCE MIGRATION OF LIVESTOCK IN THAR"	FARMERS	48
30/11/2019	PARC-AZRI, UMERKOT, SINDH	SEMINAR ON "DISSEMINATION OF ACHIEVEMENTS & WAY FORWARD OF PSDP"	FARMERS	62
13/10/2020	VILLAGE HYDER FARM, UMERKOT	ONE DAY SEMINAR ON "IMPROVING AWARENESS ABOUT IMPORTANCE OF PULSES"	FARMERS	68
21/03/2021	PARC-AZRI, UMERKOT, SINDH	"IMPORTANCE AND CULTIVATION OF CHICKPEA AND LENTIL PULSES"	FARMERS	81
23/09/2021	PARC-AZRI, UMERKOT, SINDH	TRAINING ON "CAPACITY BUILDING OF THE REPRESENTATIVES FROM CIVIL SOCIETY ON CLIMATE FRIENDLY DEVELOPMENT"	FARMERS	31
16/06/2021	PARC-AZRI, UMERKOT, SINDH	TRAINING ON "CLIMATE SMART AGRICULTURE IN THARPARKAR FOR GOVERNMENT LINE DEPARTMENT OFFICIALS"	FARMERS	20
25/09/2021	PARC-AZRI, UMERKOT, SINDH	A FIELD DAY / DEMONSTRATION ON SOLAR TUNNEL DRYER AND SOLAR CUM GAS DRYER FOR DRY OF RED CHILIES"	FARMERS	43

26/09/2021	PARC-AZRI, UMERKOT, SINDH	A FIELD DAY / DEMONSTRATION ON SOLAR TUNNEL DRYER AND SOLAR CUM GAS DRYER FOR DRY OF RED CHILIES"	FARMERS		43
26/09/2021	PARC-AZRI, UMERKOT, SINDH	TRAINING ON "CAPACITY BUILDING OF THE REPRESENTATIVES FROM CIVIL SOCIETY ON CLIMATE FRIENDLY DEVELOPMENT"	FARMERS		54
27/09/2021	PARC-AZRI, UMERKOT, SINDH	TRAINING ON "CAPACITY BUILDING OF THE REPRESENTATIVES FROM CIVIL SOCIETY ON CLIMATE FRIENDLY DEVELOPMENT"	FARMERS		42
25/01/2022	PARC-AZRC, UMERKOT, SINDH	ONE DAY AWARENESS SEMINAR ON "ADVANCED CHILLI DRYING FOR EXPORTABLE PRODUCT" UNDER RDA, KOPIA-PAKISTAN TECHNICAL	FARMERS		134
25/02/2022	PARC-AZRC, UMERKOT, SINDH	PULSES TRAVELING SEMINAR "RABI PULSES, 2021-22" UNDER PSDP PROJECT ENTITLED "PROMOTING RESEARCH FOR PRODUCTIVITY ENHANCEMENT IN PULSES"	FARMERS		70
31/01/2023	PARC-AZRC, UMERKOT, SINDH	ONE DAY NATIONAL SEMINAR ON "CHALLENGES TO FLORA AND FAUDA OF THAR DESERT UNDER CHANGING CLIMATE"	FARMERS		89
Apr-24	PARC-AZRC, UMERKOT, SINDH	TRAINING OF AGRO-PASTORAL FIELD SCHOOL FACILITATORS	Professional graduates		50
Apr - Nov 2024	278 Agro-Pastoralist Field Schools in Umerkot and Tharparkar Districts	Dryland agriculture, integrated rangeland and livestock management, soil and water	Agro-Pastoralist farmers		7000
Water & Agricultural Waste Management Institute (WAWMI), Tando Jam					
17-11-2022	Village Tayyab Dars Tehsil & Distt: Tando Allah Yar	Good Management Practices for cultivation of Tissue Culture Banana Plants.	Farmers		35
23-11-2022	Village Karim Bux Siyal Distt: Matyari	Good Management Practices for cultivation of Tissue Culture Banana Plants.	Farmers		30

24-11-2022	Village Ahmed Khan Lashari Tehsil & Distt: Tando Allah Yar.	Good Management Practices for cultivation of Tissue Culture Banana Plants.	Farmers	32
29.11.2022	Village Farman Ali Rajput Tehsil & Distt: Matyari.	Good Management Practices for cultivation of Tissue Culture Banana Plants.	Farmers	38
14.12.2022	Village Muhammad Siddique Jatt Tehsil & District Matyari.	Good Management Practices for cultivation of Tissue Culture Banana Plants.	Farmers	27
20.12.2022	Village Tando Qaisar Tehsil & District Hyderabad.	Good Management Practices for cultivation of Tissue Culture Banana Plants.	Farmers	35
21.12.2022	Village Khari Thebo Tehsil & District Hyderabad.	Good Management Practices for cultivation of Tissue Culture Banana Plants.	Farmers	30
22.12.2022	Village Khan Muhammad Unar Tehsil & District Hyderabad.	Good Management Practices for cultivation of Tissue Culture Banana Plants.	Farmers	28
29.12.2022	Village Pir Shah Saud Shah Tehsil New Saeedabad District Matyari.	Good Management Practices for cultivation of Tissue Culture Banana Plants.	Farmers	33
05.01.2023	Village Bakshal Leghari Tehsil& District Hyderabad.	Good Management Practices for cultivation of Tissue Culture Banana Plants.	Farmers	40
02.02.2023	Village Meer Khokhar Tehsil & District Matyari.	Good Management Practices for cultivation of Tissue Culture Banana Plants.	Farmers	36
08.02.2023	Village Mahmood Dhamach Tehsil & Distt. Hyderabad.	Good Management Practices for cultivation of Tissue Culture Banana Plants.	Farmers	30
23.02.2023	Village Yaqoob Dars Tehsil & Distt. Tando Allah Yar.	Good Management Practices for cultivation of Tissue Culture Banana Plants.	Farmers	35
14.03.2023	Village Shahmir ji Wasi Tehsil & District Matyari.	Good Management Practices for cultivation of Tissue Culture Banana Plants.	Farmers	42
28.03.2023	Village Raees Manzoor Ali Khan Pitafi Tehsil & District Tando Allah Yar.	Good Management Practices for cultivation of Tissue Culture Banana Plants.	Farmers	34
سینیٹر رانا محمود الحسن: جناب والا! میری گزارش ہے کہ ملتان کا airport international airport ہے، وہاں سے بیس کے لگ بھگ daily international flights چلائی جاتی ہیں۔ ملتان سے اسلام آباد کے لیے روزانہ دو پروازیں ہوتی تھیں، وہ بالکل بند کر دی گئی ہیں۔ وزیر ہوابازی موجود نہیں ہیں، تارڑ صاحب! میں گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ ملتان سے اسلام آباد کے لیے پی آئی اے کا operation قطعی طور پر بند کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں میری گزارش ہے کہ ہفتے میں کم از کم دو پروازیں تو چلائی جائیں۔ پہلے two flights daily چلتی تھیں۔ اسی طرح ملتان سے کراچی کے لیے لوگوں کی بہت زیادہ travelling ہے، یہ ہفتے میں پانچ پروازیں چل رہی ہیں، کم از کم روزانہ ایک پرواز تو چلنی

چاہیے، ہمیں پتا ہے کہ اس وقت پی آئی اے کو مشکلات کا سامنا ہے۔ South Punjab کے three airports بند کر دیے گئے ہیں، رحیم یار خان، بہاولپور اور ڈیرہ غازی خان کے ہوائی اڈے بند کر دیے گئے ہیں اور صرف ملتان کا ہوائی اڈا operate کر رہا ہے۔ پنجاب کی تیرہ کروڑ کے قریب آبادی ہے، پاکستان دنیا میں آبادی میں پانچویں نمبر پر ہے اور دنیا میں صرف بارہ ممالک پنجاب سے بڑے ہیں، پنجاب آبادی کے لحاظ سے دنیا کے بڑے ممالک میں تیرہویں نمبر پر ہے۔ لاہور کے بعد دوسرا بڑا ہوائی اڈا ملتان کا ہوائی اڈا ہے۔

جناب والا! میری درخواست ہے کہ کراچی کے لیے ملتان سے روزانہ flights چلائی جائیں۔ ہمیں خوشی ہے کہ ابھی پیرس کے لیے ہماری flights چلی ہیں۔ میں یہ چاہوں گا کہ آپ اس معاملے کو standing committee میں refer کریں۔ اس flight کی economy میں executive economy میں 12 officers گئے ہیں اور دس لوگ economy class میں گئے ہیں، پی آئی کے بائیس لوگ اس پرواز میں مفت سفر کر کے گئے ہیں۔ غضب یہ کہ ایک تو خدا خدا کر کے وہ flight چلی تو اس میں بائیس لوگ اپنی بیگمات اور بچوں کے ساتھ مفت سفر کر کے گئے۔ میں کہنا چاہتا ہوں کہ اس معاملے کو standing committee میں refer کیا جائے اور اس پر inquiry کی جائے کہ 'ابھی دہلی بسی نہیں اور اُچکے پہلے آ گئے ہیں'۔ ان بائیس لوگوں کی کیا ضرورت تھی کہ یہ لوگ اس پرواز میں سفر کر کے جاتے، ان کے کوئی انتظامی معاملات تھے یا انہوں نے کچھ issues کو دیکھنا تھا۔

جناب والا! ملتان کے ہوائی اڈے پر four jetties بنی ہوئی ہیں، two operational ہیں اور دو ابھی تک چلی ہی نہیں ہیں۔ اُس وقت میرا تعلق پاکستان مسلم لیگ سے تھا لیکن یہ ہوائی اڈا پاکستان پیپلز پارٹی نے بنایا تھا اور اس وقت سید یوسف رضا گیلانی صاحب نے یہ initiative لیا تھا، زرداری صاحب نے ملتان ہوائی اڈے کے لیے مہربانی کی تھی، ہم زرداری صاحب اور سید یوسف رضا گیلانی صاحب کے بھی شکر گزار ہیں۔ ملتان سے کراچی کے لیے روزانہ دو، تین flights چلتی تھیں، اب ہفتے میں صرف پانچ flights ہیں اور وہ بھی disturb ہوتی ہیں۔ میں آپ کی موجودگی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے پی آئی اے کو یہ suggestion دینا چاہتا ہوں کہ Multan and South Punjab میں اہل تشیع حضرات کی بہت بڑی تعداد رہتی ہے، اگر

ملتان سے نجف کی daily flight بھی چلے تو وہ viable ہو گی اور وہ بالکل pack جائے گی۔ ملتان سے جدہ کے لیے تین پروازیں جاتی ہیں۔ تیس لاکھ لوگ سعودی عرب میں ہیں، ان میں سب سے زیادہ تعداد South Punjab کے لوگوں کی ہے۔ ہم تو صوبہ مانگ رہے تھے، انہوں نے تو ہماری flights ہی ختم کر دی ہیں، 'ہم نمازیں بخشوانے گئے تھے تو روزے ہمارے گلے پڑ گئے'۔ میں اپنے اُس خطے کے لوگوں اور بھائیوں کے لیے کہوں گا کہ؛

اب کے برس اے دنیا والو اپنا حصہ پورا لیں گے
کانٹوں کو تقسیم کریں گے پھولوں کو تقسیم کریں گے

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی اعظم نذیر تارڑ صاحب۔

Senator Azam Nazeer Tarar (Minister for Law)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وزیر قانون): جناب والا! رانا صاحب نے کافی چیزیں خود ہی بیان کر دی ہیں، جو facts and figures آئے ہیں وہ آپ کے سامنے پیش کر دیتے ہیں۔ جیسے انہوں نے کہا کہ ملتان سے کراچی کے لیے five flights ہیں، ان کا پچھلے مہینے کا سارا schedule میرے پاس موجود ہے، وہ بلا تعطل چل رہی ہیں۔ ملتان سے اسلام آباد پر مسافروں کا load ATR جتنا تھا، یعنی چھوٹے جہاز کے لیے تھا۔ اس وقت پی آئی اے کے پاس وہ دو جہاز ہیں، دوسرا وہ commercially viable نہیں تھا اس لیے اسے suspend کیا گیا ہے۔ جیسے لاہور سے اسلام آباد کو بھی کیا گیا اور میں خود یہ بات کرتا رہا ہوں کہ لاہور سے اسلام آباد کے لیے flights ہونی چاہیئں۔ PIA کی privatization کو reprocess میں ڈال دیا گیا ہے and we are expecting کہ آنے والے مہینوں میں ان شاء اللہ successfully یہ ہو جائے گا۔ ان کے business plan میں international and domestic دونوں چیزیں شامل ہیں، ان شاء اللہ اس میں بہتری نظر آئے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ budget airlines کے لیے بھی Aviation کے پاس proposals ہیں، ان پر بھی کام ہو رہا ہے اور ایسے routes جن پر بوجھ تھوڑا ہے لیکن یہ چھوٹے جہازوں سے profitable ہوں گے، ان کو بھی encourage کیا جا رہا ہے۔

جناب والا! رانا صاحب نے درست کہا ہے کہ جنوبی پنجاب پاکستان کا ایک important خطہ ہے، جس کا diaspora بیرون ملک بھی ہے اور پاکستان کی economy میں ان کی جو contributions ہیں وہ ڈھکی چھپی نہیں ہیں۔ رانا صاحب! اس طرح کی کوئی تخصیص نہیں ہے، لاہور جسے کئی مرتبہ تنقید کا نشانہ بنایا جاتا ہے، اس کی flights بھی نہیں ہیں، اس میں کوئی احساسِ محرومی نہیں ہو گی کیونکہ اس معاملے میں لاہور آپ کے ساتھ کھڑا ہے۔ میاں نواز شریف صاحب نے اپنے دورِ حکومت میں ملتان کو موٹروے کے ذریعے اسلام آباد سے connect کیا، آپ خود سفر کرتے ہیں، ہم بھی کرتے ہیں، اگر آپ موٹروے کے ذریعے لاہور سے اسلام آباد اور لاہور سے ملتان آرام دہ سفر کرنا چاہیں تو اس کی مسافت میں تیس منٹ کا ہی فرق ہے لیکن یہ priority اس لیے دے رہا ہوں کہ دونوں جگہوں پر flight operations نہیں ہیں۔ ہماری خواہش ہے کہ یہ جلد از جلد بحال ہوں۔ جتنا وہاں پر لوڈ ہے اس کے مطابق یہ manage ہو سکیں۔

آپ نے جو دوسری تجاویز دی ہیں وہ بڑی فائدہ مند اور صائب ہیں۔ یہاں پر Aviation Department کے لوگ موجود ہیں۔ آپ کی تجاویز میں ان تک بھی پہنچا دیتا ہوں اور ان شاء اللہ Aviation کے وزیر تک بھی پہنچا دوں گا۔ آپ کو آنے والے مہینوں میں ان شاء اللہ بہتری نظر آئے گی۔ یہ بات اس رپورٹ میں بھی موجود ہے۔ بہت بہت شکریہ۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: پیرس والے معاملے پر جہاں تک فیملی اور بچوں کا تعلق ہے۔ میں خود بھی confirm کروں گا۔ ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ کچھ Officials گئے ہیں۔ اس پر بھی انکوائری کرکے ہاؤس کو اگلی sitting میں apprise کر دوں گا۔ آج آپ نے کہہ دیا

I will get back to you with exact figures *Insha Allah.*

جناب ڈپٹی چیئرمین: Calling Attention Notice نمٹایا جاتا ہے۔ Order No. 10. Honourable Senator Sherry Rehman Sahiba. منظور شدہ تحریک التواء پر بحث شروع کریں۔ جی، بات کریں۔

Discussion on Admitted Adjournment Motion moved by Senator Sherry Rehman regarding decision of the Government to build several Barrages, Dams and link canals on the Indus River for Commercial Commodity farming

سینیٹر شیری رحمان: شکریہ، جناب چیئرمین! آپ کو مبارک ہو کہ اس ہاؤس میں سالوں بعد پہلی مرتبہ تحریک التواء جمع بھی ہو رہی ہے اور منظور بھی ہو رہی ہے۔ اس پر ان شاءاللہ سیر حاصل بحث بھی ہو گی۔ جو issue raise ہوا ہے میں اس کی permission نہیں لوں گی کیونکہ مجھے کہا گیا ہے کہ یہ پہلے سے ہی admitted ہے۔

Discussion on an admitted adjournment motion about the Government's intention to build several Barrages, Dams and link canals on the Indus River for Commercial Commodity farming causing unrest and insecurity amongst farmers of Lower Riparian Provinces where there is already shortage of water.

جناب چیئرمین! میں نے پیپلز پارٹی کے اراکین کے نام بھی دیے ہیں جو اس موضوع پر بات کریں گے۔ میں اختصار کے ساتھ بات کروں گی کیونکہ اس کو پہلی مرتبہ ہم نے Calling Attention کا بھی ایک subject بنایا تھا اور اس وقت بھی کہا گیا تھا کہ یہ کوئی مسئلہ ہی نہیں ہے۔ مطلب اس issue کو 6, 8 ہفتے ہوگئے ہیں۔ جب ہم نے اس کو take up کیا تھا یہ بات بالکل شروعات میں اخبارات میں شائع ہوئی تھی۔ اب اس میں ایک نئی زندگی آ گئی ہے۔ اس کے خلاف اتنے احتجاج ہوئے ہیں۔ پورے سندھ میں پیپلز پارٹی ایک طرف لیکن ہر طبقہ، ہر stakeholder, farmer, association, nationalist parties, opposition, Government, بچے، بوڑھے اور سب نے اس پر احتجاج کیا ہے کہ نگران وفاقی حکومت نے اس وقت یہ منصوبہ بندی کی تھی اور غلطی بالکل واضح ہے کہ نہ صوبوں سے، جو کہ lower riparian ہیں، پانی کی منصفانہ تقسیم کا جو ایک معاہدہ ہے ان سے کوئی consultation نہیں ہوئی۔ تو اب امید تھی کہ شاید اب ہماری حکومت ہے اور آپ صوبوں سے consult کریں گے لیکن ہوا ایسا ہے کہ CWP میں بھی یہ بات نہیں ہوئی ہے۔ صوبہ سندھ نے

واضح طور پر اعتراض کیا ہے کہ جو 6 canals بنانے کا منصوبہ ہے۔ میں بالکل صاف بات کروں گی کوئی لگی لپٹی بات نہیں کروں گی۔ یہ 7.2 million Acres پر محیط جو چولستان ریگستان ہے اس کو ہریالی میں تبدیل کرنے کے لیے، commercial farming کے لیے اور سرمایہ کاری کے لیے یہ پانی divert کیا جا رہا ہے۔ ہمیں کوئی تکلیف نہیں ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ ملک میں سرمایہ کاری ضرور ہو۔ ہماری بہت حد تک agricultural economy ہے۔ اس کے اثرات ہر طرف ہوتے ہیں۔ موسم اور ماحول کے اثرات ہوتے ہیں لیکن اس وقت جو صورت حال ہے۔ جناب چیئرمین! 25 سالوں سے IRSA رپورٹ کر رہی ہے کہ سسٹم میں پانی کی کمی ہے۔ Indus Water System ہماری واحد شہ رگ ہے جس سے ملک میں پانی کی تقسیم ہوتی ہے۔ 1991 Water Accord اسی پر دستخط ہوئے تھے۔ کوشش ہوتی ہے کہ اس میں منصفانہ تقسیم ہو لیکن اس پر بھی عمل درآمد نہیں ہو رہا ہے۔ میں 22 سال سے زیادہ پارلیمان میں ہوں۔ جب میں قومی اسمبلی میں ہوتی تھی وہاں پر بھی یہ بات ہوتی تھی کہ Water accord کو follow نہیں کیا جا رہا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس پر جو data ہے، جتنے بھی ادراک ہیں اور جتنے بھی statistic ہیں تو وہ بھی صحیح نہیں دیے جاتے اس کے ساتھ بھی کھیل کھلواڑ ہوتا ہے کہ اتنا پانی آج سسٹم میں ہے اور اتنا نہیں ہے اور data is used and misused to misinform lower riparians. اب صوبہ بلوچستان اور سندھ دونوں اس پر شدید اعتراض کر چکے ہیں۔ جناب چیئرمین! دیکھیں اس لیے یہ نہیں ہے کہ ہمیں اس پر اعتراض کرنے کا شوق ہے۔ آپ ان صوبوں سے پوچھ لیں کہ جہاں نیچے کے سارے delta کے علاقے جتنے بھی ہیں ویسے ہی کئی سالوں سے قحط سالی کے شکار ہیں۔ They are drought ridden, often famine ridden, جہاں livestock کچھ نہیں کر سکتی اور جہاں کچھ نہیں اگ سکتا تو آپ مجھے بتائیں کہ آپ 7 million Acres کس طرح زرخیز بنانا چاہیں گے جب آپ کے سسٹم میں already پانی پہلے سے موجود ہی نہیں ہے اور آپ کے reservoirs نہیں بن پا رہے ہیں۔ بھئی آپ پانی کو conserve کریں۔ دنیا میں already یہ بات چل چکی ہے۔ اقوام متحدہ جیسے مستند ادارے نے کہا ہے کہ پاکستان 2025 میں water scarce ہوگا۔ اب بہت سے علاقے پاکستان میں already water scarce ہیں۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ پانی وہاں پر

regularly نہیں آتا اور آپ کی آبادی کی مقدار کے مطابق وہ فراہم نہیں ہو سکتا۔ کراچی میں پانی کے لیے اب چھینا جھپٹی ہوتی ہے۔ یہ ملک کا سب سے بڑا شہر ہے۔ کراچی میں لوگوں کے پاس وسائل ہیں لیکن آپ نیچے عمر کوٹ، بدین اور ٹھٹھ کے علاقوں میں دیکھیں۔ وہ جو فلموں میں نظر آتا ہے کہ famine والی، جب زمین crack ہونے لگتی ہے۔ وہ اب فلم نہیں ہے۔ وہ ایک اصلیت ہے اور پاکستان کے lower riparians کے لیے ایک زمینی حقیقت ہے۔ تو جب پانی کوٹڑی اور گڈو سے نیچے نہیں آ رہا ہے۔ آپ دیکھیں بیس سال پہلے دریائے سندھ ٹھاٹھیں مارتا تھا۔ اب پانی روک روک کر نیچے آ ہی نہیں رہا ہے۔ جب سمندر تک پانی کا flow نہیں ہوگا تو سمندر کا پانی اندر آنے لگتا ہے۔ جب سمندر کا پانی اندر آکر everybody know it in the world کہ جب sea intrusion ہوتی ہے تو پورا ساحل خشک ہو جاتا ہے۔ وہ نمکین ہو جاتا ہے اور کسی کام کا نہیں رہتا۔ بنجر ہو جاتا ہے۔ جب سیلاب آتا ہے تو بھی سندھ اور بلوچستان میں salinity پیدا ہوتی ہے۔ تو بابا اس ملک کے باشندوں پر رحم کریں۔ اس میں کوئی راکٹ سائنس نہیں ہے۔ ہمیں ابھی تک یہ assurance کیوں نہیں دی گئی کہ بھئی ہم آپ کے صوبے سے بات کریں گے۔ چلیں آپ کی بات غلط ہے ایسا کوئی منصوبہ نہیں ہے۔ اب CCI ان سارے مسئلے مسائل کو حل کرنے کے لیے جو ایک آئینی فورم ہے۔ جو ہم کہتے ہیں کہ جمہوریت کا حسن ہے۔ اگر dialogue جمہوریت کا حسن ہے، consulting جمہوریت کا حسن ہے اور ہماری پارٹیوں کا معاہدہ یہی ہے کہ آپ PSDP کو چھوڑیں آپ ہم سے مشورہ کیے بغیر کوئی بڑا اقدام نہیں لیں گے۔ تو جب ایک صوبہ کہہ رہا ہے اور بار بار کہہ رہا ہے۔ صوبائی سطح پر کہہ رہا ہے اور یہاں پر کہہ رہا ہے۔ جو ایوان اکائیوں کی نمائندگی کرتا ہے۔ تو یہ assurance پہلے سے کیوں نہیں آ رہی ہے کہ ہم commercial farming کے لیے آدھے پاکستان کو پانی کے deficit کا شکار نہیں بنائیں گے، قحط سالی کا مزید شکار نہیں بنائیں گے۔ دیکھیے، پانی بنیادی انسانی حق ہوتا ہے۔ کیا صوبوں کے پاس، سندھ کے پاس یہ حق نہیں ہے کہ وہ اپنا پانی مانگیں۔ وہ کہیں کہ ہمیں یہ پانی مہیا ہے، اس پر منصوبہ بندی ہو چکی ہے لیکن کوئی assurance نہیں دی گئی، کوئی CCI کی میٹنگ نہیں ہوئی۔ گیارہ مہینے ہو گئے ہیں لیکن CCI کی میٹنگ نہیں ہوئی۔ مشترکہ مفادات کی کونسل کو ہر تین مہینے بعد میٹنگ کرنا ہوتی ہے۔ یہ آئینی فورم ہے۔ ملک میں جو حالات ہیں، خاص طور پر پانی کے معاملے پر، پانی کی تقسیم پر اور یہ

تو controversial projects بن چکے ہیں تو حکومت چُپ کیوں بیٹھی ہے؟ آگے بڑھنا ہے تو بتائیں کہ وہ پانی کہاں ہے۔ آپ ایک desert کو لے کر green کریں گے، ملک سے باہر بیچنے کے لیے، commercial farming کے لیے جبکہ آدھا پاکستان اور اس کے باشندے famine کا شکار ہوں گے because that is exactly what is going to happen. There is already desertification in Sindh. Balochistan has become drowned. Please go and see. لہٰذا، گرین پاکستان کا یہ مطلب تو نہیں تھا کہ اگر caretaker کو گرین پاکستان کا مطلب سمجھ نہیں آیا تو ہمیں تو سمجھ آنا چاہیے۔ Green Pakistan means the greening of Pakistan through recharging water. یہ مستقل طور پر ایک water recharge, project ہے کہ ہمارے آبی ذخائر ختم نہ ہوں۔

جناب! سندھ میں تو سارا پانی کھارا ہو چکا ہے۔ آپ نے border پر اتنے رہٹ لگا دیے ہیں کہ وہ پانی کھارا ہو گیا ہے۔ آپ ٹیوب ویل لگائیں بھی تو aquifer میں میٹھا پانی نہیں ملتا۔ میں surface water کی بات نہیں کر رہی، میں نیچے کے پانی کی بات کر رہی ہوں۔ بجائے اس کے کہ ملک پانی کے ذخائر کو بچانے کے لیے، اپنے مستقبل کا تحفظ کرنے کے لیے، بنیادی حقوق کی رسائی سب تک پہنچانے کے لیے منصوبہ بندی کرے، ہم دیکھ رہے ہیں کہ الگ الگ silos میں، الگ الگ ڈبوں میں پالیسی بن رہی ہے اور ایک صوبہ چیخ رہا ہے، اس کی زمین جل رہی ہے جبکہ کوئی شنوائی نہیں ہے اور کوئی جواب نہیں آیا۔ منسٹر آئے ہوئے ہیں، انہوں نے کہا کہ میں نے کل آپ سے پڑھنی ہے، میں نے کہا ظاہر ہے ابھی تک آپ لوگوں نے کوئی policy statement نہیں دیا ہے اور نہ ہی CCI کو بلایا ہے جس میں سندھ کے چیف منسٹر کا خط بھی جا چکا ہے، یہ ساری چیزیں جا چکی ہیں۔ جو بھی مجبوریاں ہیں، سندھ سے discuss کریں۔ سندھ نے CDWP میں تو object کیا ہے اور ایک وجہ سے object کیا ہے۔ یہ نہ کہیں کہ فلاں نے agree کیا ہے۔ کسی نے اوپر سے نیچے تک agree نہیں کیا ہے۔ اگر کوئی مجبوری ہے، کوئی معاہدہ sign ہو گیا ہے تو please discuss it with us. ہم سے بات کریں۔ ہم سب پاکستانی ہیں، ہم یہاں ہر چیز کو سیاست کی بھینٹ چڑھانے کے لیے نہیں کھڑے ہیں۔ CCI کی میٹنگ call کرلیں اور یہ معاملہ resolve

کریں۔ سب کو جو بھی خدشات ہیں، ان کو آپ تسلی دیں کہ اگر یہ farming ہو رہی ہے تو ہم پانی یہاں سے لے آئیں گے، فلاں جگہ سے لے آئیں گے

چیئرمین صاحب! فی الحال جو صورت حال ہے، IRSA پچیس سال سے کہہ رہا ہے کہ پانی نہیں ہے اور جو shortages ہیں، وہ بھی آپ کے سامنے ہیں۔ پنجاب کی shortage کم ہوتی ہے، سندھ کی بہت زیادہ ہوتی ہے۔ بلوچستان کی تو خیر ایک الگ story ہے۔ So, let us be very clear. This has to be sorted out. There are constitutional forums to sort this and as per Senate of Pakistan, it is our right share جو صوبوں کے حقوق کا ضامن ہے۔ یہ ایک بہت بنیادی مسئلہ ہے جسے بار بار آپ کے سامنے لانے کی ضرورت ہمیں پیش نہیں آنی چاہیے۔ بہت بہت شکریہ اور میرے دوسرے ممبرز کو بھی آپ please موقع دیجیے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ ایک اہم مسئلہ ہے جو کہ شیری رحمان صاحبہ نے آرڈر نمبر ۱۰ کے تحت اٹھایا ہے۔ اس کے ساتھ ایک لسٹ آئی ہے، اس کے مطابق ہم سب کو time دیں گے۔ اس کے علاوہ کوئی بھی ممبر اس issue پر بول سکتا ہے۔ لیڈر آف دی اپوزیشن۔

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب ڈپٹی چیئرمین! میں سینیٹر شیری رحمان صاحبہ کی گفتگو سن رہا تھا۔ میں تھوڑا confuse اس لیے تھا کہ مجھے سمجھ نہیں آئی کہ یہ تو حکومت کا حصہ ہیں، گلہ کس سے کر رہی ہیں اور کیوں ان کی شنوائی نہیں ہو رہی؟ آپ حکومت کے ایک major ally ہیں، آپ نے even constitutional amendments کو بڑا spearhead کیا ہے، ہم سمجھتے ہیں کہ آپ کا اتنا حق بنتا ہے کہ آپ کی بات سنی جائے۔ جہاں تک principle ہے، ہم اسے support کرتے ہیں۔ دیکھیں، IRSA کا اپنا ایک role ہے لیکن جو ایک بنیادی international principle ہے، وہ lower riparian کا ہے۔ اس میں consultation کے بغیر معاملہ نہیں چلتا۔ چونکہ lower riparian کو ایک disadvantage ہوتا ہے جس کے لیے انہیں ایک advantage دیا جاتا ہے کہ ان کی بات سنی جانی چاہیے۔

دوسری بات، ہر چیز کے لیے forums موجود ہیں۔ بدقسمتی سے ہم نے خود ہی ان forums کو مفلوج کر دیا ہے۔ خاص طور پر جو بین الصوبائی مسائل ہیں، اس کے لیے CCI جو کہ

ہمارے آئین اور قانون میں ہے اور اس کی میٹنگ توّے دنوں یعنی تین مہینے بعد ہونی چاہیے لیکن جس طرح کہا گیا کہ گیارہ مہینے ہوگئے ہیں، اس کی میٹنگ نہیں ہوسکی۔ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ وہ platforms ہیں جن کو استعمال نہ کرنا سمجھ سے بالاتر ہے۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ CCI کو کبھی institutionalize نہیں ہونے دیا گیا۔ CCI کا کوئی سیکرٹریٹ نہیں بنا جس کے وعدے مختلف اوقات میں کیے گئے لیکن وہ نہیں بنا۔ اس سے یہ ہوا ہے کہ وہ جو ایک اتنا اہم آئینی platform ہے اور صوبوں کے درمیان جو بھی مسائل آتے ہیں، اس کے لیے وہ فورم استعمال ہونا چاہیے لیکن سمجھ میں نہیں آتا کہ اسے کیوں نہیں استعمال کیا جاتا۔ حکومت والے ہی بتا سکتے ہیں کہ کیوں CCI کی میٹنگ نہیں بلائی گئی؟ کیوں اس طرح کے فیصلے کیے جارہے ہیں جس طرح کہ ایک صوبہ جس کے لوگ affect ہورہے ہیں اور ان کی زمینوں کے بنجر ہونے کا خدشہ ہے۔ میرے خیال میں یہ ایک بڑی normal سی بات ہے کہ اس میں apart from politics کچھ چیزیں ایسی ہیں اور ہم حکومت سے اور اس کے اتحادیوں سے بھی یہ توقع رکھتے ہیں کہ کچھ چیزیں ہوتی ہیں جن کو اصول کی بنیاد پر support یا oppose کیا جانا چاہیے تو چیزیں بہت بہتر ہوں گی۔

اس صورت حال میں ہم سمجھتے ہیں کہ اس issue کو CCI میں جانا چاہیے۔ CCI کی میٹنگ convene ہونی چاہیے۔ یہ اپنے good offices استعمال کریں، ان کی حکومت ہے تو یہ اس کی میٹنگ کیوں نہیں بلاتے؟ ہم تو یہاں پر ان کی جو بھی تکالیف ہیں، share کرتے ہیں لیکن وہ حکومت میں رہتے ہوئے، کس سے گلہ کر رہے ہیں، مجھے اس کی سمجھ نہیں آئی۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر کامران مرتضٰی صاحب۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: جناب! اس پر بھی بات کرلیتے ہیں۔ میں نے آپ سے ویسے بھی time مانگا تھا، دو منٹ اور دے دیں تاکہ میں اس پر بھی بات کرلوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس پر پہلے کریں، بعد میں وہ بھی کرلیں۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: پہلے میں اس معاملے پر بات کرلیتا ہوں۔ اگر یہ سمجھا جائے کہ ویسے ہی کوئی نہریں بن رہی ہیں تو شاید اس سے لوگ بہت متاثر ہوں گے کہ کوئی بڑا ترقیاتی کام ہو رہا ہے مگر سوال یہ ہے کہ نہریں بنیں گی تو کس لیے بنیں گی؟ کوئی نہر بنتی ہے تو کس لیے؟ پانی کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کے لیے نہر بنے گی۔ وہ پانی اگر تو آپ کے پاس زائد ہے تو پھر اس صورت

میں اس زائد پانی کو کہیں پہنچانا ہے، چولستان پہنچانا ہے یا کہیں اور پہنچانا ہے تو اس پر شاید کسی کو اعتراض نہیں ہوگا مگر آپ IRSA کا ریکارڈ دیکھ لیجیے کہ آپ کے پاس گزشتہ کئی دہائیوں سے پانی دستیاب نہیں ہے۔ پانی جو آپ کے معاہدے میں ہے، جو 1991 کے Accord میں ہے، اس کے مطابق بھی آپ کو پانی دستیاب نہیں ہے۔ پانی کے دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے کوئی ایک صوبہ ہی affect نہیں ہو رہا ہے، پنجاب بھی affect ہو رہا ہے مگر وہ نسبتاً کم تر درجے میں affect ہوتا ہے۔ سندھ بھی affect ہو رہا ہے لیکن وہ بھی نسبتاً کم تر درجے میں affect ہوتا ہے مگر ہم جو آخر میں پڑے ہوئے ہیں، ہم تک تو پانی آتا ہی نہیں ہے۔ کیا یہ ہمارا باقی ماندہ پانی بھی لے جانے کی ایک کوشش ہے۔ یقیناً یہ کوشش آپ کو اور ہمیں زیادہ دور کرے گی، اس فیڈریشن میں فاصلے مزید بڑھائے گی۔ یہ جو آپ پانی کی canal بنا رہے ہیں، یہ ایسی لکیریں ثابت ہوں گی جو آپ کو صوبوں کے حوالے سے ultimately نقصان دیں گی۔

صوبوں کے حوالے سے سندھ میں بھی کافی بارشیں ہو جاتی ہیں، چلیے سندھ کا بارش سے بھی پانی کا مسئلہ کسی حد تک حل ہو جاتا ہے۔ پنجاب میں بھی کافی بارشیں ہو جاتی ہیں، وہاں بھی مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔ ہم یا تو خشک سالی کا شکار ہوتے ہیں، ہمارے پاس روزگار کے کوئی مواقع نہیں ہوتے کیونکہ خشک سالی ہے۔ لے دے کر ایک ہی کنال وہاں تک گئی تھی اور وہاں پر اکثر پانی پر جھگڑے ہوتے ہیں اور اسی بنیاد پر وہاں پر ابھی تک زمینوں کے معاملات settle نہیں ہو پاتے ہیں۔ جب وہاں زمینوں کے معاملات پہلے ہی settle نہیں ہو پا رہے ہیں اور اگر زمین کا ہی مسئلہ ہے اور چولستان میں آپ کے پاس بڑی اور زیادہ زمینیں پڑی ہیں اور وہاں نہریں لے کر جانی ہیں تو یہ facility بلوچستان کو کیوں حاصل نہیں ہے کیونکہ وہاں پر بھی تو بڑی زمینیں پڑی ہیں۔ ہم تو آپ کے کل رقبے کا 43 فیصد ہیں۔ اگر وہاں تک پانی لے جایا جاتا تو چولستان کے نسبتاً یہ آپ کے لئے زیادہ beneficial ہوتا۔ دوسری بات یہ کہ جو کچھ کیا گیا ہے، یہ سب Caretaker Government کے وقت میں کیا گیا ہے۔ ویسے تو Caretaker Government کا concept ہی غیر مناسب ہے اور یہ کبھی بھی اس کا اختیار نہیں ہوتا ہے۔ اگر اس کا اختیار Article 230 میں دیکھ بھی لیں تو وہ یہ کبھی بھی نہیں ہے کہ ایسے جوہری فیصلے کیے جا سکیں جس کا نقصان صوبوں، عوام اور ملک کو as a whole ہوتا ہو۔ میرا خیال ہے کہ اس فیصلے کو undo

کیا جائے یا اسے اس وقت تک معطل رکھا جائے جب تک صوبوں کے درمیان اس پر بات نہ ہو۔ اگر صوبے اسے permit نہیں کریں گے تو اس کا نقصان ملک کو as a whole ہوگا۔ اس پر insist نہ کیا جائے۔

جناب! سینیٹر شیری رحمان بڑے محتاط انداز سے اس پر بات کر رہی تھیں مگر یہ جو پانی لے جانے کا منصوبہ ہے، اس متعلق انگلی ایک ہی طرف اٹھتی ہے۔ کسی ایک جانب انگلی اٹھتی ہے اور جس جانب انگلی اٹھتی ہے، اس سے ان کے لیے محبت میں کوئی اضافہ نہیں ہوتا بلکہ لوگوں کے دل میں یہ بات آتی ہے کہ آپ پاکستان میں جو کچھ بھی کرتے ہیں، وہ اپنے فائدے اور مفاد کے لئے کرتے ہیں۔ جب اس طرف انگلی اٹھتی ہے تو پھر دوسرے لوگ اس کی زبان بھی دیکھتے ہیں کہ اس زبان سے زیادہ تعلق رکھنے والے کون ہیں اور پھر زبانوں کے درمیان غلط فہمیاں پیدا ہوتی ہیں۔ اس لئے زبانوں اور صوبوں کے درمیان غلط فہمیوں سے بچنے کے لئے اس معاملے کو سلجھانے کے لئے جو دستوری فورم ہے، اسے وہاں لے جایا جائے اور اس بات پر insist نہ کیا جائے کہ کسی اور حکومت نے بھلے وہ Caretaker Government ہی کیوں نہ ہو جس کا یہ اختیار ہی نہیں تھااور اس نے فیصلہ کیا ہوا ہے اور آنکھیں بند کرکے اس پر عمل درآمد کروانا ہے۔ اسے روکا جائے۔

جناب! مجھے دو منٹ اور دیجیے گا۔ دو اور issues ہیں جن پر میں بات کرنا چاہتا ہوں۔ آپ کو پتا ہے کہ ہمارے ہاں خواتین کی عزت مردوں سے زیادہ کی جاتی ہے۔ میں ہمیشہ یہی کہتا ہوں کہ جو خواتین سینیٹر ہیں، یہ میری بہنیں اور بیٹیاں ہیں اور یہ ہمارے برابر نہیں بلکہ ہم سے زیادہ معتبر ہیں اور عزت میں ہم سے زیادہ ہیں۔ 18 جنوری کو ایک واقعہ ہوا ہے۔ بلوچستان سے کچھ خواتین سندھ میں بلوچ یکجہتی کمیٹی کی طرف سے احتجاج کر رہی تھیں۔ اس میں چند درجن بچیاں تھیں اور بوڑھے لوگ تھے اور ساتھ میں اور بچے بھی تھے۔ ان کے خلاف 18 تاریخ کو ایک FIR کاٹی گئی ہے جس کا نمبر 26 of 2025 تھانہ کلاکوٹ، کراچی سٹی ہے۔ ان بچیوں کی چادریں کھینچی گئی ہیں۔ ان کی توہین کی گئی ہے اور ان کے ساتھ برا سلوک کیا گیا ہے۔ سندھ حکومت جہاں پر بلاول صاحب، زرداری صاحب، شیری صاحبہ اور میرے بھائی شہادت اعوان صاحب کا اثر ہے، ہم ان سے یہ توقع نہیں رکھتے تھے کہ ہماری بہنوں اور بچیوں کے ساتھ یہ سلوک کیا جائے گا۔ ان میں سے کچھ کو وکیلوں کی طرف سے ذاتی مچلکے جمع کروانے کے بعد چھوڑ دیا گیا ہے مگر باقی لوگ ابھی تک custody میں

ہیں۔ میرے خیال میں میرے بھائی شہادت اعوان اور میری بہن شیری صاحبہ اس معاملے کو دیکھیں گے۔اس کے ساتھ ساتھ۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر کامران مرتضیٰ: میں بس ایک منٹ لوں گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کل بات کرلیں۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: بس ایک آخری بات کرنی ہے۔ ہمارے ایک وکیل کے ساتھ بہت برا ہوا ہے۔۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر صاحب بیٹھ جائیں۔ جی سینیٹر جام سیف اللہ خان۔

Senator Jam Saifullah Khan

سینیٹر جام سیف اللہ خان: میں آپ کا بہت شکر گزار ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ محترمہ شیری رحمان صاحبہ نے دوبارہ اس issue کو بڑے articulate طریقے سے elaborate کیا ہے۔ میں پی ٹی آئی کے سینیٹر شبلی فراز صاحب اور جے یو آئی کے سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب کا بھی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اس مؤقف کی تائید کی ہے۔ میں سندھ میں دو مرتبہ وزیر آبپاشی رہ چکا ہوں۔ 2010 اور 2022 میں سندھ میں floods آئے کیونکہ بارشیں بہت زیادہ ہوئی تھیں اور اس سے ایک ایسا perception بن گیا ہے کہ بہت زیادہ پانی ہے، پانی آتا ہے اور ضائع ہو کر سمندر میں گر جاتا ہے۔ ملک میں ایک ایسی lobby ہے جو ہمیشہ یہ چاہتی ہے کہ controversial dams and canals بنیں اور وہ اس issue کو اٹھا کر اپنے مقاصد حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ آپ کو پتا ہے کہ global warming ہو رہی ہے اور پانی کم ہوتا جا رہا ہے۔ جس حساب سے ہماری آبادی بڑھ رہی ہے، اس حساب سے پانی کی consumption بھی زیادہ ہو رہی ہے۔ ہمارے پانچ، چھ اضلاع ایسے ہیں جس میں عمرکوٹ، بدین اور دادو شامل ہیں اور خاص طور پر ابھی میرے بھائی سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب نے بلوچستان کا ذکر کیا، بلوچستان میں پانی سندھ سے جاتا ہے اور اگر سندھ میں پانی کم ہوتا ہے تو سکھر بیراج سے بلوچستان کی جو canals نکلتی ہیں، ان کی ایک حد تک pond level نہیں بڑھتی یعنی ان میں زیادہ پانی نہیں آتا تو بلوچستان کے لئے پانی جا ہی نہیں

سکتا۔ ہماری بہن سینیٹر راحت جمالی صاحبہ ایوان میں بیٹھی ہیں۔ بلوچستان میں ان کی زمینیں ہیں۔ جب بھی پانی کی shortage ہوتی تو میرے دوست جان جمالی صاحب اور دیگر دوست مجھ سے بات کرتے اور کہتے کہ ہمیں پانی پہنچائیں۔

جناب! جس طریقے سے یہ پلان بنا رہے ہیں اور مجھے بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ last time یہ issue اٹھا تھا۔ بڑی معذرت کے ساتھ کہ منسٹر صاحب کو اس وقت ایک clear position دینی تھی لیکن ڈھیلے ڈھالے طریقے سے، بڑے vaguely اور ہنستے مسکراتے انہوں نے اسے ٹالا تھا۔ یہ بڑا اہم issue ہے۔ اسے ذرا seriously لیں۔ جیسے ہمارے دوستوں نے کہا کہ آپ ایسا نہیں کر سکتے کہ ایک طرف 7 لاکھ ایکڑ آباد کریں اور اسی وجہ سے دوسری طرف اتنی ہی زمین اور اس سے زیادہ غیر آباد ہو جائے۔ آپ کو بتایا گیا کہ اس میں sea intrusion بھی ہو رہی ہے اور لاکھوں ایکڑ زمین saline ہو گئی ہے اور وہ آہستہ آہستہ کاشت کے قابل نہیں رہی ہے۔ جہاں پر یہ shortage ہوتی ہے، اگر آپ وہاں water cycle اور بارشوں کا pattern دیکھیں تو ایک سال زیادہ بارش ہوتی ہے اور زیادہ پانی آتا ہے اور اس کے بعد سات یا آٹھ سال ایسے ہوتے ہیں جو severe drought کے ہوتے ہیں۔ اس میں پانی کی کمی ہوتی ہے۔ اگر کوٹری سے down stream پانی نہیں جاتا تو اس سے mangroves affect ہوتے ہیں اور بدین اور ٹھٹہ کی زمین saline ہو جاتی ہے۔ یہ ایک Federation ہے۔ اس میں چار صوبے ہیں۔ آپ unilaterally یا زور زبردستی اگر کوئی canal بنائیں گے تو unfortunately اس کے بڑے repercussions ہوں گے اور میں سمجھتا ہوں کہ ایسا کر کے آپ ملک کی وحدت کو خطرے میں ڈال رہے ہیں۔

جناب! اگر حکومت CCI کی meeting نہیں بلاتی ہے تو ہم اس بات پر غور کر رہے ہیں کہ اس issue کو constitutional bench کے پاس لے کر جائیں کیونکہ یہ لوگوں کے بنیادی حقوق اور جان و مال کے متعلق ہے۔ بلوچستان اور سندھ کے جو پانچ، چھ اضلاع ہیں، ان میں غربت اتنی زیادہ ہے اور اگر آپ نوٹس کریں تو poverty level سے جو لوگ نیچے جا رہے ہیں، یہ انہی علاقوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ میں نواز لیگ کے اپنے بھائیوں کو یہی کہوں گا کہ دیکھیں ہم آپ کے حمایتی ہیں لیکن آپ بھی ہمیں اس طرح taken for granted نہ لیں۔ میں آپ کو یہ

واضح کرنا چاہتا ہوں کہ یہ سندھ کا ایک اتنا major issue ہے کہ اگر آپ نے اس issue کو صحیح طریقے سے handle نہیں کیا تو آپ کے ساتھ ہمارا چلنا impossible اور بڑا مشکل ہو جائے گا۔ میں آپ سے دوبارہ گزارش کروں گا کہ اس میں نہ پڑیں۔ میرے دوستوں نے اور سینیٹر کامران مرتضٰی صاحب جیسے میرے وکیل دوست نے کہا کہ lower riparian states کے الگ rights ہوتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اگر ایسی طاقتیں ہیں جو اس میں زیادہ interest لے رہی ہیں تو آپ انہیں تھوڑا سمجھائیں کہ .do not play with fire یہ ضروری نہیں کہ بس ان کے ساتھ ساری معلومات ہوتی ہیں۔ آپ ساری پارٹیوں کو confidence میں لیں اور kindly اس سلسلے کو بند کریں اور اسے فوراً بند بھی ہونا چاہیے۔ مجھے کچھ دوستوں نے بتایا کہ کسی کی permission کے بغیر وہاں پر تو کام بھی شروع ہو چکا ہے۔ اگر ایسی کوئی بات ہے تو میں Minister for Water Resources سے یہ گزارش کروں گا کہ اسے فوراً بند کروائیں otherwise we will take this issue to the Supreme Court. آپ کا شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ جی سینیٹر عرفان الحق صدیقی صاحب۔ آپ مسلم لیگ ن کے پارلیمانی لیڈر ہیں اور اچھی گفتگو کرتے ہیں۔ سینیٹر جان محمد صاحب ان کے بعد آپ کی باری ہے۔

Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بہت شکریہ، جناب چیئرمین! میں ان معاملات میں expert نہیں ہوں، خاصی technical سی باتیں ہیں لیکن میں نے تھوڑا بہت اس کو دیکھا ہے۔ اس میں یہ ہے کہ 1991 میں یعنی آج سے کوئی چونتیس سال پہلے پانی کی تقسیم کے لیے میاں محمد نواز شریف صاحب کے دور میں اس حوالے سے ایک accord ہوتا ہے۔ جسے پھر مارچ کے مہینے میں Council of Common Interests (CCI) بھی approve کرتی ہے۔ اس accord کے تحت طے پاتا ہے کہ صوبوں کا پانی جو سندھ کے حوالے سے تقسیم ہوگا، اس کی شرح کیا ہوگی۔ پنجاب کو کتنا ملے گا، سندھ کو کتنا ملے گا، الغزل قیاس۔ اب معاملہ جو میری سمجھ میں آ رہا ہے، ہو سکتا ہے میں غلط ہوں، وزیر صاحب بیٹھے ہیں، یہ اس کی وضاحت کریں گے۔ شیری نے ماشاءاللہ بڑے اچھے طریقے سے اپنا مقدمہ پیش کیا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ یہ

معاملات سب کے مل جل کر،ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھ کر طے ہونے چاہییں، جس کا بنیادی نکتہ یہ ہونا چاہیے کہ کسی کا حق نہ مارا جائے،اپنے حق میں اضافہ کرنے کے لیے کسی کے حق پر تجاوز نہ کیا جائے۔ اس میں بنیادی چیز یہ ہے کہ کس کے حصے میں کتنا پانی آیا۔ جب کسی ایک صوبے کے حصے میں،مثال کے طور پر میں سندھ کی مثال لے لیتا ہوں ،مجھے معلوم نہیں کہ اس کی شرح کیا ہے، تیس یا چالیس فیصد پانی آتا ہے،تو سندھ کو یہ اختیار حاصل ہونا چاہیے اخلاقاً بھی اور قانوناً بھی،اس وقت جو بھی قواعد وضوابط ہیں،accord ہے،اس کے مطابق کہ وہ اس پانی کو کس طرح استعمال کرتا ہے۔ وہ نہریں باغات میں لے کر جاتا ہے،وہ نہریں کھیتوں میں لے کر جاتا ہے، وہ نہریں تھر میں لے جاتا ہے،وہ تھر میں جاتے ہوئے ایک اضافی نہر نکال دیتا ہے کہ اس علاقے کے کھیتوں کو پانی کی ضرورت ہے، بشرط کہ وہ اپنے حصے کے اندر رہتا ہے،اپنے حصے سے تجاوز نہیں کرتا لیکن اگر وہ تجاوز کرتا ہے تو پھر معاملہ 1991 کے accord کی خلاف ورزی کا آجاتا ہے۔

یہاں پر کامران مرتضٰی صاحب نےاس کو ایک ایسے issue کے طور پر پیش کیا ہے جیسےاس فیصلے کو روکیں یا وفاق پر کوئی بڑی ضرب لگنے والی ہے۔ ایسا کون سا فیصلہ ہوا ہے جسے روکنا ہے۔ مجھے تو اس کا نہیں پتا، اگر ہے تو وہ سامنے لائیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ اگر پنجاب نے اپنے حصے کے پانی میں یہ طے کرلیا ہے کہ ہماری یہ دس نہریں ہیں یا چھ نہریں ہیں، ان نہروں میں سے اپنے حصے میں کوئی اضافہ کیے بغیر 1991 کے accord کو مجروح کیے بغیر، سندھ کے پانی میں تجاوز کیے بغیر اپنے حصے کی نہروں کے اندر سے مزید نہریں نکال کر ہم کچھ مزید علاقے کو سیراب کرنا چاہتے ہیں تو کم از کم میری ناقص رائے میں یہ مجھے کوئی جرم نہیں لگتا ہے۔ یہ بالکل ایسے ہے جیسے میرے گھر میں پانی آرہا ہے، نلکا لگا ہوا ہے،وہ میرے حصے کا پانی ہے۔ میں اس پانی سے اپنی گاڑی صاف کررہا ہوں، میں اس پانی سے پی بھی رہا ہوں،اس پانی سے صحن صاف کررہا ہوں، اس پانی سے اپنے باغیچے کو پانی دے رہا ہوں، یہ میرا کام ہے۔ میرا پڑوسی یہ نہیں کہہ سکتا کہ تم یہ کیوں کررہے ہو۔ میرے کہنے کا مطلب یہ ہے جب تک ہم 1991 کے accord کے اندر اندر ہیں اور ہم اس سے تجاوز نہیں کررہے۔ اگر پانی کی ایک بوند اس سے زیادہ پنجاب لے رہا ہے تو پھر آپ اعتراض کریں۔ اگر وہ پانی کی ایک بوند بھی زیادہ نہیں لے رہا اور اپنے حصے کے پانی کو اپنی ترجیحات کے مطابق،اپنے مقاصد کے مطابق، اپنے اہداف کے مطابق استعمال کررہا ہے تو اس پر میرا خیال ہے کہ

objection نہیں ہونا چاہیے۔ اسی طرح سندھ کا کیس ہے۔ ہم نہیں کہہ سکتے کہ بھائی! یہ آپ کے حصے کا پانی ہے، آپ تھر میں کیوں لے کر جارہے ہو، آپ فلاں جگہ کیوں لے کر جارہے ہو، آپ اس کے اندر سے نہریں کیوں نکال رہے رہو،,this is their share پانی جو بھی حصے میں لکھ دیا گیا ہے، وہ اس کا کار مختار ہیں، وہ اس کو بہتر طریقے سے استعمال کر سکتے ہیں۔

میری ناقص رائے کے مطابق، اگر پنجاب نے کوئی نئی نہریں بنانے کا فیصلہ کیا ہے، پہلے سے جو موجود نہریں ہیں، ان ہی میں سے نکال کر اسی پانی کو جو آپ نے پنجاب کو اس accord کے تحت دیا ہوا ہے اور وہ اس میں اضافہ نہیں کر رہا، آپ کے حصے کا یا کسی اور کے حصے کا پانی نہیں لے رہا تو پھر اس پر میرا خیال تو نہیں ہے کہ ہمیں اس پر کوئی اعتراض ہونا چاہیے اور اگر ہے بھی تو اس کو وزیر صاحب واضح کر دیں گے اگر میں غلط ہوں کیونکہ میں نے پہلے کہہ دیا کہ میں کوئی technical آدمی نہیں ہوں لیکن ایک عام آدمی کی زبان میں جو میں سمجھا ہوں، وہ میں نے بیان کر دیا ہے کہ صوبوں کا ایک حصہ ہے، وہ اپنے حصے کے اندر رہتے ہوئے، اور مختلف چیزوں پر بھی حصے ہیں، ان سب حصوں کے اندر رہتے ہوئے، وہ پانی کے علاوہ بھی ہو سکتے ہیں، وہ تجاوز نہیں کرتے اور دوسرے کا حق نہیں مارتے تو پھر اس میں میرا خیال تو نہیں کہ کوئی ایسا issue ہے کہ یہ فیصلہ واپس لے لیں اور وفاق ٹوٹ جائے گا اور یہ ہو جائے گا۔ میرا خیال ہے کہ ایسی باتیں نہیں ہونی چاہییں۔ شکریہ، جناب۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میڈم شیری نے بڑا اہم موضوع اٹھایا ہے۔ ہم اس پر بہت مفصل بات کریں گے۔ اس میں سب کو وقت دیں گے۔ کافی لوگوں نے request کی ہے، سب کو وقت ملے گا، کوئی جلدی نہیں ہے۔ اس مسئلے پر سیر حاصل گفتگو کریں گے۔ جی دنیش صاحب۔

Senator Danesh Kumar

سینیٹر دنیش کمار: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! میں شکر گزار ہوں میڈم شیری رحمان صاحبہ کا کہ انہوں نے بہت بڑے مسئلے پر تحریک التواء پیش کی ہے۔ جناب والا! آپ کو میں تھوڑا brief کروں۔ 1991 میں جو accord ہوا تھا، اس کے تحت، اب مجھے exact figures یاد نہیں ہیں، کوئی 43% پانی سندھ کو جانا تھا، کوئی 45% پانی پنجاب کو جانا تھا، بلوچستان کے لیے پانچ فیصد سے بھی کم پانی کا حصہ رکھا گیا تھا۔ خیبر پختونخوا کے لیے بھی 2-3% پانی کا حصہ رکھا گیا تھا۔ ہم

اس پر بھی خوش تھے کہ آدھا پاکستان ہے، آدھے پاکستان کی جو زمین ہے وہ بلوچستان ہے،اس کے لیے پانی کا ٹوٹل حصہ پانچ فیصد ہو جاتا ہے، ہم اس پر بھی خوش تھے، ہم کہہ رہے تھے کہ ٹھیک ہے۔ جناب! یقین جانیں، میں کہوں گا کہ یہ مہربانی تھی پاکستان پیپلز پارٹی کی، محترم بھٹو صاحب کی کہ اس وقت ہماری کیرتھر کینال، مانجھوٹی کینال نصیر آباد ڈویژن میں نکالی، جس سے وہاں پر خوشحالی آگئی۔ وہ بلوچستان کا واحد علاقہ تھا جسے ہم پانی کی وجہ سے food basket بھی کہتے ہیں۔ مگر جس طرح محترمہ سندھ کا کیس لڑ رہی ہیں، محترمہ سے میری ایک عرض ہے، پیپلز پارٹی کے لوگ بیٹھے ہیں، ان سے بھی میری عرض ہے کہ جب آپ کیس لڑتے ہیں اور جس چیز سے آپ متاثر ہوتے ہیں لیکن یہی صورت حال ہے کہ بلوچستان کے لوگ سندھ سے متاثر ہیں۔ جناب! ہمارا جو پانچ فیصد پانی آتا ہے، ہماری تین بڑی نہریں سندھ کے ذریعے سکھر بیراج سے آتی ہیں۔ جس طرح جام صاحب نے کہا، ہمیں ہمیشہ کہا جاتا ہے کہ پنجاب نے ہمارا پانی روکا ہے تو اس لیے ہم بلوچستان کا پانی روک رہے ہیں۔ ہمارا ہے ہی پانچ فیصد، پھر بھی ہمارا پانی روکا جا رہا ہے۔ محترمہ! میری آپ سے عرض ہے کہ اگر آپ نے کیس کو مضبوط کرنا ہے تو بلوچستان کی حق تلفی اس پانچ فیصد میں نہ کریں، بلوچستان کے ہر مکتبہ فکر کا بندہ آپ کے ساتھ ہوگا اور اس احتجاج میں ہم آپ کے ساتھ ہوں گے۔

جناب! اسی طرح ہمارا کچھی کینال ہے۔ کچھی کینال کو پانی پنجاب سے جاتا ہے،اس سے بھی ہمیں پورا پانی نہیں مل رہا۔ ہمارا تو پنجاب بھی پانی [2][***] کر رہا ہے، سندھ بھی پانی [***] کر رہا ہے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: [***] کا لفظ expunge کر دیں۔

سینیٹر دنیش کمار: بس چوری ہے جناب! میں آپ کو کہتا ہوں، میرے پاس ثبوت ہیں، [***] کر رہے ہیں۔ جناب! آج کل ہم سے زیادتی کر رہے ہیں۔ جس طرح یہاں پر کہا گیا کہ ہر صوبے کا حق ہے کہ وہ اپنے پانی سے جو بھی کرنا چاہتا ہے، بالکل ہم مانتے ہیں کہ جی حق ہے، پنجاب کا حق ہے کہ وہ چولستان کو سیراب کرے یا سندھ کا حق ہے کہ وہ تھر پارکر کو سیراب کرے، ہمیں کوئی اعتراض نہیں یہ خوشی کی بات ہے۔ مگر اصل مسئلہ تب آتا ہے جب کبھی drought آجاتا ہے پانی کم ہو جاتا ہے تو آپ یہ سوچیں کہ آپ کا جو موجودہ set up ہے، زمینیں زرخیز نہیں ہو پا رہی

---

[2] *“Words expunged as ordered by the Chair.”.*

ہیں تو آپ اور نئے کنال بنا کرکے اس کو اور برباد کر دیں گے۔ یہ جو accord ہے اس پر من و عن عمل کیا جائے اور کوئی نیا پھڈا نہ کیا جائے جو پاکستانی عوام کے لیے مسئلہ ہو، سندھ کے عوام کے لیے مسئلہ ہو، پنجاب کے عوام کے لیے مسئلہ ہو، بلوچستان کے عوام کے لیے ہو۔ اگر گرین پاکستان کا Initiative لینا ہے تو بہت اچھی بات ہے، خوشی کی بات ہے، میں سمجھتا ہوں کہ اگر گرین پاکستان کی ابتدا کرنی ہے تو آپ بلوچستان آئیں۔ بلوچستان کی سرزمین virgin land ہے۔ وہاں پر اگر یہ ایک چیز کی جائے تو آپ کو یوریا وغیرہ کی بھی ضرورت نہیں ہوتی اور وہاں پر organic فصل ہوتی ہے اور یہ پوری دنیا کو پتا ہے۔ اگر آپ خضدار کی کاٹن لیں اس کا ریٹ پورے ملک کی کاٹن سے زیادہ ہے کیونکہ وہاں پر بہت اچھی فصل ہوتی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جی۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب! آپ بلوچستان کے ہیں تو۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کے اور دوست بھی بات کریں گے۔

سینیٹر دنیش کمار: میں اپنی بات ختم کروں گا اور میں ہاتھ جوڑ کر اپنے دوستوں سے کہوں گا کہ کہتے ہیں کہ دو ہاتھیوں کی لڑائی میں گھاس کچلا جاتا ہے، ہم بلوچستان والوں پر رحم کریں، آپ دونوں کی لڑائی میں ہم پسے جا رہے ہیں اور نصیر آباد ڈویژن میں جو امن و امان ہے وہ اسی وجہ سے کہ وہاں پر لوگوں کا روزگار ہے، وہ وہاں پر کھیتی باڑی کر رہے ہیں اور اپنا رزق حلال کما رہے ہیں۔ مہربانی کرکے سندھ اور پنجاب کے دوستوں سے میری گزارش ہے کہ کم از کم جو ہمیں 5% پانی مل رہا ہے وہ چوری نہ کیا جائے، بہت بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر پونجو صاحب۔

<u>Senator Poonjo</u>

سینیٹر پونجو: چیئرمین صاحب! آپ کی بڑی مہربانی، آج انتہائی اہم موضوع پر آپ نے مجھے گفتگو کرنے کے لیے وقت دیا ہے۔ جناب! ایک عرض ہے کہ یہ جو canals کا issue ہے کہ سندھو دریا پر چھ کینال بنائے جا رہے ہیں۔ Ministry of Water Resources آج تک یہ کہہ رہی ہے کہ کوئی کینال نہیں نکل رہا ہے لیکن practical طور پر ایسے ہونے جا رہا ہے اور Caretaker Government تھی اس زمانے میں یہ Green Initiative کے

نام سے طے ہوا تھا کہ وہ چھ کینال بنائیں گے۔ میں ایک گزارش پیش کرنا چاہتا ہوں سندھ کا issue, پانی کاissueمسلسل ہر آئے دن، سالانہ طور پر سندھ کو پانی کم مل رہا ہے۔ اگر ہم جاتے ہیں پانی کیhistoryمیں تو جب برّصغیر تھا، جب یہاں ہم ایک ملک تھے، اس زمانے میں بھی1950 سے پہلے بھی یہ water accordجو ہے وہ ہمارا بنتا آیا، یہdisputeہمارا رہتا آیا کیونکہ میں پہلے بھی ایوان میں عرض کر چکا ہوں کہ یہ تین دریا جس میں ہماراwater systemتھا، دونوں ممالک کے درمیان یہ طے پایا تھا کہ اس میںcombined share ہے۔جناب! اس زمانے میں پنجاب کی سرکار نے ہندوستان کو بیچ دیے حالانکہ اس معاہدے میں جو انہوں نے بیچ دیے تھے، اس میں سندھ کو اعتماد میں لینا چاہیے تھا کیونکہ ہم بھیpartner تھے کیونکہ ہمارے ساتھ جو جڑا پانی ہے اس میں بھی پنجاب کے پانی پر ہماری مالکی ہے۔ اگر ہم بھائی ہیں ایک دوسرے کے ساتھ رہ رہے ہیں، ہم یہ تفریق نہیں کرتے ہیں کہ یہ پنجاب ہے، سندھ ہے، بلوچستان ہے یا کے پی ہے۔ ہم سب یہ چاہتے ہیں کہ تمام علاقوں کے جو issues ہیں اس کوcollectively resolve کیا جائے۔

اس کے بعد یہ سلسلہ1915,1916,1917اور1948 تک رہا اور upper riparianجو تھے انہوں نے پھر سندھو دریا سے تین کینالز نکالے اس میں تونسہ جہلم لنک کینال اور اس کے بعد آپ نے دیکھا کہ مشرف کے زمانے میں بھی گریٹر تھل کینال نکالا گیا اور کہا گیا کہ سندھ کا جو پانی ہے وہshare کے مطابق ملے گا, ہم آپ کے پانی پر کوئی زیادتی نہیں کریں گے اور جب زیادہ بارشیں ہوں گی تو ہم گریٹر تھل کینال کو صرف flood کے طور پر اس کو استعمال کریں گے۔ لیکن ایسا نہیں ہوا اور مستقل مزاجی سے گریٹر تھل کینال بہہ رہا ہے اور ہمارا پانی اس میں جا رہا ہے، ہمیں اس پر بھی اعتراض نہیں تھا ہم رڑیاں کرتے رہے۔

اس کے بعد سر ہمارا جو سندھ طاس معاہدہ ہوا، اس میں طے پایا جو سندھ نے پہلے بھی اس کو قبول نہیں کیا تھا لیکن ہم نے مرتے مرتے مجبوری میں زبردستی اس فیصلے کو مانا کہ1991کے accord کو ہم نے تسلیم کیا۔اس زمانے کے اعداد و شمار کے مطابق سندھ کو جو پانی دیا گیا اس سے ایک کروڑ چونتیس لاکھ ایکڑ زمین آباد ہوئی اور پنجاب میں تین کروڑ ستر لاکھ آباد ہوئی تھی، آج سندھ کی حالت یہ ہے کہ سندھ میں ابھی جو خریف گزرا ہے اس کے اعداد و شمار یہ ہیں کہ

سندھ میں ستر لاکھ ایکڑ زمین آباد ہو رہی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آدھے سے زیادہ زمین کا پانی ہمارے پاس نہیں آرہا ہے اور پنجاب میں جو ایک کروڑ پچاسی لاکھ ہوتا تھا وہ پونے چار کروڑ ایکڑ آباد ہو رہی ہے تو ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ ہماری جب آدھی آبادی ہو گئی ہے تو پنجاب کی بھی آدھی آبادی ہوتی لیکن پانی ہمارا جارہا ہے اور زمین زیادہ پنجاب کی آباد ہو رہی ہے۔

ہمیں پنجاب کے کسانوں سے ناراضگی نہیں ہے اور نہ ہی چولستان کے لوگوں سے ہے کہ یہ نہر ان کے پاس جارہی ہے لیکن اس قسم کی practice ہوتی آئی ہے۔ آج تک یہ سلسلہ چلتا آرہا ہے، ہمارے پانی پر دہشت گردی ہوتی آئی ہے، آئے دن ہم سے ہمارا پانی زور زبردستی چھینا جارہا ہے۔ ابھی یہ کینال نکالے جارہے ہیں اور یہ کہا جارہا ہے کہ چولستان کے غریبوں کو پانی دیا جائے گا، سرائیکی وسیب کے کسی بھی کسان کو یہ پانی نہیں ملے گا۔ میں ایوان بالاء کے فلور سے کہہ رہا ہوں کہ آج سے پہلے جب بھی نہریں نکالی گئیں تو مجھے بتائیں کہ بلوچستان اور سندھ سے کن لوگوں کو زمینیں دی گئی تھیں، کتنے کسان ہیں جو وہاں آباد ہو گئے اور وہاں زمین آباد کر رہے ہیں؟ جناب! ایسا نہیں ہوا، ابھی بھی یہ ہمیں اسی طریقے سے پانی دے رہے ہیں۔

سکھر بیراج کے بعد جب ہمارے پاس کوٹری بیراج بنا تو ہمیں یہ کہا گیا کہ کوٹری بیراج بنانے کے بعد آپ کی سولہ لاکھ ایکڑ زمین زیادہ زرخیز ہوگی، ہوا کیا! Kotri downstream میں پانی سالانہ طور پر نہیں جارہا ہے۔ ہمارا ٹھٹہ، سجاول اور میرپور خاص کا کچھ حصہ اور اس کے بعد بدین یہ سارے علاقے سیلائن ہو گئے ہیں، وہاں کی زمینوں کا پانی کڑوا ہو گیا ہے، وہاں آبادی نہیں ہوتی۔ اگر یہ سلسلہ رہا تو 2030 تک صرف سکھر تک پانی ہوگا، باقی تو سارا سندھ غیر آباد بنجر بن جائے گا۔ پنجاب بڑا صوبہ ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ وہ بھائی کا کردار ادا کرے۔ میں نواز لیگ کے دوستوں کو کہتا ہوں کہ آپ دیکھیں، آپ ایمانداری کریں، ہمارے ساتھ یہ زیادتی ہو رہی ہے کیونکہ ہمارے حق پر ڈاکہ ڈالا جارہا ہے۔ ابھی افنان اللہ صاحب نے کہا کہ آپ اپنی ٹوٹی سے پانی نکال لیں، جناب! آپ ہماری ٹوٹی سے پانی لے رہے ہیں۔ آپ سندھو دریا پر کینال نکال رہے ہیں، اگر کسی اور سے یا جہلم سے نکالتے تو ہم اعتراض نہیں کرتے۔ آپ جہاں سے پانی لے رہے ہیں وہ سندھو دریا ہے، اس سندھو دریا سے جب آپ کروٹ بدل کے پانی اُٹھاؤ گے تو ہمارا حصہ ہوگا۔

جناب ڈپٹی چیرمین: باقی دوستوں نے بھی اسی حوالے سے بات کرنی ہے۔

سینیٹر پونجو: اس قسم کا سلسلہ چلتا رہا تو ہماری یہ باہمی مشاورت اور ہمارے باہمی تعلقات خراب ہوں گے۔ سندھ کے لوگ ہم سے سوال کرتے ہیں کہ آپ پانی کے مسئلے پر کیا کر رہے ہیں، ہم نے مرتے ہوئے 1991 accord قبول کر لیا اس کے مطابق جو ہمارا حصہ بنتا ہے وہ تو ملنا چاہیے لیکن وہ ہمیں نہیں مل رہا۔ آج شیری رحمان صاحبہ نے جو Adjournment Motion پیش کی ہے، اس پر kindly implementation کروایا جائے۔ ہمارے وزیر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں انہوں نے پہلے بھی اس فلور پر کہا تھا کہ اس قسم کی کوئی بھی development نہیں ہوگی، تو ہم اس وزیر سے توقع رکھتے ہیں کہ وہ آج اسی فلور پر statement جاری کریں اور ہمیں یہ بتائیں کہ ہمارے ساتھ یہ زیادتی نہیں ہوگی، آپ کی بڑی مہربانی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، سینیٹر منظور کاکڑ صاحب، مختصراً بات کریں۔

Senator Manzoor Ahmed

سینیٹر منظور احمد: شکریہ، جناب چیئرمین! بالکل بات کو مختصر کروں گا۔ ایک importance بلوچستان کا مسئلہ ہے بلکہ میں پورے پاکستان کا بھی مسئلہ رکھ لیتا ہوں۔ ابھی سردیاں اور بلوچستان میں برف باری ہو رہی ہے۔ ایسے علاقے جہاں پر ڈیڑھ ڈیڑھ فٹ اور دو دو فٹ تک برف باری ہوئی ہے۔

جناب والا! گرمیوں میں بجلی نہیں اور سردیوں میں گیس نہیں۔ جب گرمیوں کا موسم آتا ہے اور زمینداروں کے حوالے سے ان کی معیشت کی بات ہوتی ہے تو پھر بجلی غائب ہو جاتی ہے، load shedding زیادہ ہوتی ہے۔ پھر دعوے یہ کیے جاتے ہیں کہ میں ایک district کو 21 گھنٹے بجلی دیتا ہوں، اس district کو اتنی بجلی دیتا ہوں اور اس کو اتنی بجلی دیتا ہوں، وہ statement سراسر غلط ہوتی ہے۔

جناب والا! دوسری بات گیس کی ہے۔ بلوچستان میں اس وقت minus temperature چل رہا ہے۔ minustemperature میں لوگ جس پریشانی سے گزر رہے ہیں یہ آپ بخوبی جانتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ شاید دیر سے آئے ہیں۔ میڈم شیری رحمان صاحبہ نے پانی کے حوالے سے تحریک التوا پیش کی، آپ اس پر بات کرلیں۔

سینیٹر منظور احمد: میں اپنی بات Point of Order پر رکھ رہا ہوں۔ میں اپنی بات separateاس لیے کر رہا ہوں کیوں کہ اگر بڑے صوبے اپنی چیزوں کے لیے چلا رہے ہیں تو بلوچستان پر تو کوئی گناہ ہی نہیں، پھر تو بلوچستان کو بھی چلانا چاہیے۔ اگر بڑے صوبوں کا یہ حال ہے، بلوچستان کو تو کوئی پوچھتا ہی نہیں ہے۔

جناب والا! گیس کی load sheddingاور گیس کا pressureنہ ہونا۔ میں صرف کوئٹہ شہر کی بات کروں گا، آپ ہنہ کو لے لیں، آپ نواکلی لے لیں، کلی عمر لے لیں، گلبرگ لے لیں، اس میں تو گیس بھی نہیں ہے، آپ سریاب لے لیں اور آپ قلات لے لیں وہاں پر minus temperatureچل رہا ہے۔ آخر کار لوگ کس کے پاس جائیں گے؟ ہمارا جو گیس کے حوالے سے department ہے کیا وہ بلوچستان کو اتنی گیس نہیں دے سکتے کہ لوگ اپنی روزمرہ کی زندگی گزار سکیں۔ جب billing دینے کی بات آتی ہے تو وہ اتنی overload billing بھیج دیتے ہیں تو لوگ پریشان ہو جاتے ہیں جبکہ load shedding بھی ہے اور pressure بھی نہیں ہے، کچھ بھی نہیں ہے لیکن billکے حوالے سے ماشاء اللہ۔

جناب والا! میں بلوچستان کے حوالے سے پھر بات کروں گا۔ یہاں پر ابھی گوادر ایئرپورٹ کا افتتاح ہوا، بہت خوش آئند بات ہے اور میں ان کو بہت مبارک باد بھی دیتا ہوں۔ یہ وہی گوادر ہے جہاں پر دیکھا جائے تو بنیادی چیزیں نہیں ہیں۔ Scholarshipsکے حوالے سے میں پھر یہ بات رکھوں گا جو 7000 بچے scholarshipکے لیے باہر لے کر جانے تھے۔ میں ان سے data مانگتا ہوں کہ ان میں سے بلوچستان کے کتنے بچے ہیں؟ میری knowledgeکے مطابق 7000 میں سے بمشکل 250 بچے بلوچستان سے ہوں گے۔ جناب والا! پھر میں بلوچستان کا رونا نہ رؤں؟ پھر کیا میں بلوچستان کے حوالے سے بات نہ کروں؟ یہاں پر motorwaysکی بات ہوئی تھی پھر اگر ہم بلوچستان کے حوالے سے بات کرتے ہیں تو یہ کہتے ہیں کہ غلط بات کرتے ہیں۔ جناب والا! یہ جو خونی شاہراہ جس پر بات ہوئی تھی تو ہماری بہن نے یہاں بات رکھی تھی۔

جناب والا! جس طرح ہمارے اور بھی projects چل رہے ہیں، اس کے حوالے سے بات کروں گا۔ دس ارب روپے کا project ہے، پچاس ارب روپے کا project ہے، آپ اس میں ایک ارب روپے رکھ لیتے ہیں، کیا اس سے کوئی completion ہو گی؟ کبھی بھی نہیں ہو گی۔ بلوچستان کے حوالے سے اور دوسرے صوبوں کے حوالے سے جہاں پر یہ مسئلے مسائل ہیں ان کو حل ہونا چاہیے۔ میں آپ سے request کرتا ہوں کہ آپ اس کو کمیٹی میں refer کر دیں، ہم اس پر کمیٹی میں جا کر بات کر لیں گے۔

جناب والا! اس وقت minus temperature چل رہا ہے اور لوگ اذیت میں ہیں، لوگ پریشانی میں ہیں، خواتین روڈوں پر نکلی ہیں، خواتین نے یہاں پر strike دی ہے جو کہ کبھی نہیں ہوا۔ کیا وجہ ہے؟ وجہ تو یہ ہی ہے نا کہ گیس بھی بلوچستان کا اور بلوچستان کو گیس مل بھی نہیں رہا۔ جناب والا! اس مسئلے کو کمیٹی میں refer کر دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: منظور کاکڑ صاحب نے بلوچستان کے حوالے سے گیس اور بجلی کا جو مسئلہ اٹھایا ہے، لازمی بات ہے یہ مسئلہ باقی صوبوں میں بھی ہو گا۔ کل سینیٹر کامران مرتضٰی صاحب نے بھی مسئلہ اٹھایا، دنیش صاحب نے بھی اٹھایا اور باقی ممبران نے بھی مسئلہ اٹھایا ہے۔ ہمارے لیے سارا ملک برابر ہے مگر جہاں پر زیادہ issues ہیں تو میں وزیر صاحب سے پھر وہی کہوں گا گزارش، مہربانی، پھر یہ کہتے ہیں کہ آپ گزارش اور مہربانی کیوں کہتے ہو۔ یہ جو تحریکِ التوا ہے اس پر بات ہو رہی ہے تو اس کو ہم بعد میں۔۔۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، جی یہ مسئلہ کمیٹی کو refer کرتے ہیں۔ ابھی آپ لوگ میڈم شیری رحمان صاحبہ کی تحریک کے حوالے سے بات کریں جس پر ہم دو گھنٹے سے بات کر رہے ہیں۔ آپ لوگ کوشش کریں کہ آج کا جو موضوع ہے، پانی کا جو مسئلہ سندھ کے دوستوں کی طرف سے آیا ہے یا ممبران کی طرف سے آیا ہے اس پر بات کریں۔ جی سینیٹر جان بلیدی صاحب۔

سینیٹر جان محمد: شکریہ جناب چیئرمین! محترمہ شیری رحمان صاحبہ نے سندھ کا بنیادی بلکہ اس ملک کا جو اہم ترین مسئلہ ہے وہ ایوان میں لائی ہیں۔ چونکہ ہم ایک federation میں رہتے ہیں اور اس Federation کو چلانے کے لیے ضروری ہے کہ ہمارے جو federating

units ہیں، ہم ان کا احترام رکھیں اور جو معاہدے اور فیصلے آئین اور قانون کے مطابق ہوتے رہے ہیں، ان سے تجاوز نہ کریں۔ پانی کا مسئلہ بلوچستان کا بھی ہے لیکن پانی کا main مسئلہ سندھ کے ساتھ ہے اور سندھ کے اس case کو ہم کسی بھی صورت خراب کرنے کی کوشش نہیں کریں گے اور جو دوست خراب کرنے کی طرف جاتے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں جب تک سندھ کو پانی ملے گا تو اس سے بلوچستان کو پانی بھی ملے گا۔ IRSA جو بنی ہے وہ بالکل اسی بنیاد پر بنی ہے کہ تمام صوبوں کو اس میں برابری کی بنیاد پر نمائندگی دی گئی ہے۔ وہ نمائندگی اس لیے دی گئی ہے جس سے پانی کی تقسیم کے معاملے پر نظر رکھی جاسکے۔ اب جو چھ نہریں بنانے کی بات ہے اس کو اگر ہم اس طرح ہلکا لیں گے کہ یہ کسی صوبے کا مسئلہ ہے وہ اپنے پانی کو جہاں مرضی استعمال کریں، ایسا کچھ بھی نہیں ہے۔ یہ قوموں کا مسئلہ ہے، یہ ہماری قومی اکائی ہے۔ اس کا مسئلہ ہے اور اس تقسیم کو کسی صورت خراب ہونے نہیں دیا جائے گا۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ Federation مضبوط ہو اور جو قومیں ہیں ان کے درمیان جو تعلقات ہیں وہ بہتر ہوں اور بہتر انداز میں Federation کو آگے بڑھائیں تو یہ ضروری ہے کہ جو قومی issues ہیں، ان قومی issues کو address کیا جائے۔ جہاں کسی سرزمین کے ساتھ اگر زیادتی ہو رہی ہے تو اس زیادتی کو روکا جائے۔ اگر پاکستان کی care-taker government نے کوئی فیصلہ کیا، اول تو اس کا کوئی قانونی، آئینی حق ہی نہیں بنتا کہ وہ قوموں کے ان معاملات پر فیصلہ کرے۔ کیونکہ ان معاملات پر ہمارے پاس ادارے موجود ہیں۔

جناب والا! اگر کسی کو کوئی نئی بات کرنی ہے تو ابھی اس کو CCI میں لے کر جائے۔ پہلے یہ فیصلہ CCI میں کریں کہ یہ ہونا چاہیے کہ نہیں ہونا چاہیے۔ عجیب بات یہ ہے اور آپ سوچیں یہ بڑی خوبصورت بات کی گئی۔ اس وقت سندھ میں ستر لاکھ ایکڑ زمین آباد ہو رہی ہے۔ جو دریائے سندھ سے پانی لیا جاتا ہے اس سے ستر لاکھ ایکڑ زمین آباد ہو رہی ہے۔ آپ نے ایک نیا سلسلہ شروع کیا ہے اور اس کے لیے بھی آپ کا یہ plan ہے کہ آپ نے ساٹھ لاکھ ایکڑ زمین آباد کرنی ہے۔ آپ سوچیں جتنا سندھ ہے، سندھ پانی کے لیے رو رہا ہے، بلوچستان اپنے حصے کے لیے رو رہا ہے اور وہاں آپ ساٹھ لاکھ ایکڑ زمین اور آباد کریں گے۔ دیکھیں یہ issue جو شروع سے آرہا ہے اور ہر جگہ ہوتا ہے کہ نہر میں اگر کوئی ٹیل پر ہے تو اس کو پانی کے حوالے سے مشکلات ہیں۔ اب یہ ایک general صورت حال ہے اور سندھ آخر میں ہے۔ سندھ کا delta برباد ہو رہا ہے۔ اس میں کہتے

ہیں کہ یہ پانی ضائع ہو رہا ہے۔ یہ پانی ضائع نہیں ہو رہا بلکہ پانی کا سمندر میں جانا بھی ایک ضرورت ہے۔ جب سمندر کا پانی اوپر کی طرف آتا ہے تو وہ زمینیں خراب کرتا ہے۔ یہ مچھلیوں کی افزائش نسل کے لیے بھی ضروری ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ سندھ کے پانی کو تقسیم کرنے کا جو منصوبہ ہے ہم اس کی پر زور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ منصوبہ سندھ کے خلاف ہی نہیں بلکہ پورے ملک کے خلاف ایک سازش ہے۔ اس سازش کو ختم ہونا چاہیے۔ سندھ کے پانی کا جو حصہ ہے اس کو تقسیم کرنے کی اجازت کسی کو بھی نہیں ہونی چاہیے اور جس طرح سندھ کی حکومت نے اس معاملے کو مشترکہ مفادات کونسل میں لے جانے کی بات رکھی ہے کہ وہاں اس پر بات کرکے فیصلہ کریں اور جب تک وہاں اس پر فیصلہ نہیں ہوگا، تب تک اس پر کام نہیں ہونا چاہیے۔ اس کام کو رکنا چاہیے اور یہ green initiative کی بات ہے۔

دیکھیں جی، اس کا بجٹ آپ نے 125 million rupees رکھا ہے لیکن کس مد میں؟ پورا بلوچستان بنجر پڑا ہے۔ آپ وہاں جا کر جہاں پر dam کی ضرورت ہے وہاں پر dams بنائیں۔ آپ پانی بچائیں، اس پانی سے آبادی کریں۔ آپ کو کس نے روکا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی شکریہ جان بلیدی صاحب۔ آپ کا وقت پورا ہو چکا ہے، باقی لوگوں نے بھی بات کرنی ہے۔

سینیٹر جان محمد: آپ کو کس نے بلوچستان میں dam بنانے سے روکا ہے۔ آپ جائیں اور ہنگول ڈیم بنائیں۔ یہ سب سے بہترین dam بنانے کی جگہ ہے جہاں پر کوئی بھی متاثر نہیں ہوگا۔ آپ ہنگول پر dam بنائیں۔ ہمارے پاس اتنی ساری sites موجود ہیں لیکن بلوچستان کو کوئی ایک ٹکا دینے کو تیار نہیں ہے اور جو قومی issue ہے اس کو خراب کرنے کی سازش کی جا رہی ہے۔ ہم سندھ کے ساتھ ہیں اور سندھ کے پانی کی تقسیم کے منصوبے کو ختم ہونا چاہیے۔ اگر واقعتاً اس منصوبے کو ختم نہ کیا گیا تو اس کا بہت منفی نتیجہ آئے گا اور بہت منفی reaction آئے گا اور میں سمجھتا ہوں کہ جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت وقت پر عائد ہوگی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: بہت شکریہ۔ سینیٹر دوست علی جیسر صاحب۔

Senator Dost Ali Jeesar

سینیٹر دوست علی جیسر: Honourable Chairman صاحب! حقیقت یہ ہے کہ ہم شیری رحمان صاحبہ کے شکر گزار ہیں۔ وہ اس House of the Federation میں پاکستان پیپلز پارٹی کی party leader ہیں۔ انہوں نے ایک بہت اچھا قومی یک جہتی کا مسئلہ اٹھایا ہے۔ اس میں کوئی شبہ نہیں ہے کہ یہ صرف سندھ کا مسئلہ ہی نہیں ہے بلکہ national harmony کا مسئلہ ہے۔ اس سلسلے میں سندھ اسمبلی جو کہ پاکستان کی خالق اسمبلی کہلاتی ہے کہ جب اس نے Resolution pass کی تو پاکستان بن گیا۔ تو اس سندھ اسمبلی نے ابھی ایک متفقہ Resolution pass کی کہ یہ canals ناجائز بنائے جا رہے ہیں۔ یہ سندھ کے حصے کا پانی لیا جا رہا ہے۔ یہ سندھ کے حقوق کے ساتھ اور سندھی لوگوں کے ساتھ زیادتی کی جا رہی ہے۔ اس میں مطالبہ کیا گیا کہ یہ canals بند کرنے چاہیں اور ان کی construction نہیں ہونی چاہیے۔

یہ فیصلے چوبیس گھنٹوں میں ہوئے تھے۔ محض چوبیس گھنٹوں میں اس بات کا فیصلہ کیا گیا کہ بے شک اس میں پانی ہے یا نہیں ہے، یہ سات canals بنا دو۔ اس سلسلے میں کوئی meeting نہیں کی گئی۔ کوئی مشورہ نہیں کیا گیا۔ اس کے لیے سندھ اسمبلی نے کہا کہ اس plan کو رد کر دو۔ اس پر ہمارے باقی دوست جیسے کہ کامران مرتضیٰ صاحب اور ہمارے Leader of the Opposition صاحب نے بھی کچھ غلط تو نہیں کہا، یہی ہماری سندھ اسمبلی کے بھی مطالبات ہیں۔ IRSA کی meeting کریں اور اس میں اس کو discuss کریں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ ذرا mic کے نزدیک ہو جائیں۔

سینیٹر دوست علی جیسر: جناب! میرا تھوڑا سا قد لمبا ہے اور mic تھوڑا سا نیچے ہے جس کی وجہ سے تھوڑا distance رہتا ہے۔ جناب! اس میں پتا نہیں کیوں ایسا مسئلہ پیدا ہوا ہے کہ سندھ اسمبلی، جو کہ پاکستان کی خالق اسمبلی ہے، آج اس کی Resolution کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ آج کیوں اس پر کہیں سے کوئی بھی بیان نہیں آیا۔ اس پر کہیں سے بھی ایسا کچھ نہیں کہا جا رہا کہ یہ سندھ اسمبلی کی Resolution ہے تو اس پر عمل ہونا چاہیے، اس پر کوئی special meetings ہونی چاہیں یا پاکستان میں اور کچھ ہونا چاہیے لیکن پتا نہیں ایسا کیوں نہیں کیا گیا۔ تو جب یہ لوگ کہتے ہیں کہ یہ national harmony کا مسئلہ ہے اور ملکی یک جہتی کو نقصان پہنچایا جا رہا ہے تو ادھر

یہ کہا جارہا ہے کہ یہ کوئی ملکی یک جہتی کو نقصان پہنچانے کا معاملہ ہے؟ خیر، جب آپ ایسے معاملات کو ایسے نظرانداز کریں گے تو یقیناً ایسا ہی ہو گا۔

جناب! میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ ابھی جو پانی کی position ہے، اس پر میں honourable Minister sahib کو اور آپ کو بھی DAWN اخبار کی ایک picture دکھانا چاہتا ہوں۔ جو نالے بہتے ہیں اس پر DAWN اخبار میں ایک picture چھپی ہے جس میں یہ ہے کہ کوٹری سے ایک نالے سے بھی کم پانی گزر رہا ہے۔ جو flood کا پانی آتا ہے وہ تو صرف بیس سے چالیس دن تک یہ پانی زیادہ ہوتا ہے۔ باقی تو اس میں پانی ہوتا نہیں ہے۔ باقی دنوں میں دریا کی صورت حال پر DAWN اخبار نے یہ ایک picture چھاپی ہے جس میں کوٹری سے نیچے ایک نالہ بہہ رہا ہے۔

جناب! اس سلسلے میں World Bank کی ایک report ہے جس میں وہ لکھتے ہیں کہ سمندر میں پانی نہ جانے سے پاکستان کو ہر سال دو ارب ڈالر کا نقصان ہو رہا ہے۔ ہم ایک ارب ڈالر کے لیے IMF سے بھیک مانگتے پھر رہے ہیں اور دوسری طرف ہم ملک کو اتنا نقصان پہنچا رہے ہیں۔ ہم کبھی بھی اس کا technical جائزہ کیوں نہیں لیتے؟ Asian Development Bank پاکستان کو آب پاشی کے منصوبوں میں سب سے زیادہ finance کرتا ہے۔ اس کی ایک شرط ہے جس میں کوٹری سے نیچے پانی کسی بھی حال میں zero نہیں ہونا چاہیے۔

اب اگر ہم کیٹی بندر کے شہر کو دیکھیں تو وہ 1947 میں میونسپل کمیٹی کا درجہ رکھتا تھا۔ صرف کوٹری سے پانی کم جانے کی وجہ سے ابھی وہ شہر چالیس میل سمندر کے اندر غرق ہو چکا ہے یعنی سمندر اُس سے آگے چالیس میل تک اندر آچکا ہے۔ جناب اسی طرح 1947 میں کھارو چھان شہر کی آبادی بیس ہزار تھی جو اب صرف ایک ہزار کی آبادی رہ گئی ہے۔ اب اگر تو یہی حالات رہے تو وہ بھی سمندر میں غرق ہو جائے گا۔ یہ ہے کوٹری سے نیچے پانی جانے کی اہمیت۔

عالمی ماہرین کہتے ہیں کہ آئندہ صدی میں دریائے سندھ سمیت آٹھ دریا مر جائیں گے۔ دریائے سندھ کی موت صرف دریا کی موت نہیں ہو گی بلکہ یہ سندھی تہذیب کی موت ہو گی۔ Oceanography committee کی report میں ہے کہ سجاول اور بدین اضلاع 2060 تک سمندر روز ہو جائیں گے۔ اگر پانی نیچے نہیں جاتا تو یہ پورے اضلاع سمندر میں چلے جائیں

گے ۔ پانی کے ماہر ڈاکٹر حسن عباس صاحب کہتے ہیں کہ ہر روز Indus delta کی 95 ایکڑ زمین سمندر روز ہو رہی ہے۔

سندھ حکومت کی ایک report کے مطابق Indus delta کے مختلف اضلاع میں بتیس لاکھ ایکڑ زمین سمندر روز ہو چکی ہے۔ یہ صورت حال ہے۔ ایک پاکستانی پانی کے ماہر ہیں جن کا 1991 accord کے حوالے سے بھی اہم کردار ہے، ان کا نام ادریس راجپوت ہے جو ایک بہت شاندار انسان ہیں اور پاکستان کے ایک بہت منجھے ہوئے پانی کے ماہر ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ کڑواری کینال نکلنے کے بعد آئندہ وقت میں گندم کے season میں سکھر بیراج تک اتنا پانی بھی نہیں پہنچے گا جس سے left and right کی ساتوں canals کو پانی مل سکے۔ سکھر کینال تک بھی پانی نہیں پہنچے گا۔ وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر کوٹری بیراج تک پینے کا پانی بھی پہنچ جائے تو یہ بہت بڑی غنیمت ہو گی۔ اگر نئی canals بن گئیں تو کوٹری بیراج کی یہ حالت ہونی ہے ۔ جناب! ان سب نقصانات کی تلافی کے سلسلے میں۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کوئی مشورہ یا کوئی suggestion دے دیں۔

سینیٹر دوست علی جیسر: جی جناب! میں suggestion بھی دے رہا ہوں۔ اب یہ حالت ہے کہ ایسا لگ رہا ہے کہ ایک علاقے کو green کر رہے ہیں اور جو green علاقہ ہے، اس کو بنجر کر رہے ہیں۔ دنیا کا کوئی اصول اس طرح کا نہیں ہے۔ جناب! شہباز شریف صاحب پنجاب کے وزیر اعلیٰ تھے۔ انہوں نے پانی کو کبھی متنازع نہیں بنایا اور ہمیشہ پانی کے مسائل کو اچھے طریقے سے حل کروایا ہے۔ آج کیا ہوا ہے؟ آج کیا مسئلہ ہے؟ شہباز شریف صاحب جب سے وزیر اعظم بنے ہیں تو سندھ کا پورا پانی غرق کروا رہے ہیں۔ ایسا نہیں کرنا چاہیے۔ ہم تجویز دیتے ہیں کہ یہ سکیمیں بند کرنی چاہیے، اس پر کام بند ہونا چاہیے، ان سکیموں کو رد کرنا چاہیے، جس میں پاکستان کا ایک پورا صوبہ ناراض ہو۔ وہ قرارداد پاس کر رہا ہے۔ جس نے پاکستان کو بنایا تھا اس کو کس طرح نظر انداز کر سکتے ہیں۔ مہربانی فرما کر یہ کینال قابل عمل نہیں ہے ان کو رد کیا جائے۔ جناب آپ کا بہت بہت شکریہ آپ نے وقت دیا۔ ہم سینیٹر شیری رحمان صاحبہ کے بھی شکر گزار ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، شکریہ۔ گزارش یہ ہے کہ یہ واقعی House of the Federation ہے۔ یہاں پر چاروں صوبوں کے نمائندے بیٹھے ہیں۔ اگر کوئی ایسا مسئلہ ہو پانی کا

یا کوئی اور مسئلہ ہو، اس کو صوبوں اور قومیتوں کے درمیان نہیں بنانا چاہیے۔ ہمارے لیے سارے قابل احترام ہیں۔ یہ پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کا ایشو نہیں ہے بلکہ یہ پورے ملک کا ہے۔ اس حوالے سے بات کی جائے۔ میرا مشورہ ہے اس کو دو صوبوں کے درمیان مسئلہ نہیں بنانا چاہیے۔ جو بھی معاملات ہیں اس کا حل تلاش کرنا چاہیے۔ اگر یہ ایشو ہے تو اس کا کیا حل ہے؟ اس حوالے سے یہاں پر بڑے تجربہ کار سینیٹر صاحبان، مختلف پارٹیوں کے نمائندے بیٹھے ہوئے ہیں۔ جی، سینیٹر سید علی ظفر صاحب۔

Senator Syed Ali Zafar

سینیٹر سید علی ظفر: سینیٹر شیری رحمان صاحبہ نے ایک بہت اہم issue raise کیا ہے، جس کی بات بھی ہوتی رہی ہے کہ divert کی جارہی ہیں کینالز for a particular project اور انہوں نے کہا ہے کہ سندھ کو اور سندھ کے رہنے والوں کو جو specially agriculture میں ہیں ان کو بڑا affect ہوگا۔ میری نظر میں ایک relevant issue raise کیا گیا ہے، ہم سب سینیٹرز نے جو آواز اُٹھائی ہے سندھ کے لوگوں کے لیے اس کو support کرتے ہیں۔ لیکن ایک افسوس کی بات اس کے ساتھ یہ ہے کہ جب سینیٹر شیری رحمان صاحبہ نے ایک particular پانی کے ایشو کو raise کیا تھا اور باقی لوگوں نے اس کا ذکر کیا، اس کے ساتھ ساتھ جو نیشنل ایشو پانی کا ہے اس کا بھی ذکر ضرور کرتے کیونکہ پاکستان کے سامنے ایک water bomb اس وقت درپیش ہے۔ ہمیں کہا جاتا تھا کہ ہم water-stressed country ہیں لیکن آج کے زمانے میں 2024 سے بلکہ 2021 سے ہم water scarcity والی country ہو گئے ہیں۔ جب water scarcity والی country ہیں United Nations کہتا ہے کہ جو 90 per cent drinking water ہے وہ contaminated ہے، glaciers are melting اور کہا جاتا ہے کہ 2050 تک we will be facing water drought تو یہ issues ہیں جو کہ صرف پھر سندھ کے نہیں رہ جائیں گے جس طرح جناب چیئرمین صاحب آپ نے درست فرمایا پھر پورے پاکستان کے issues بنتے ہیں۔ ہمیں suggest کرنا پڑے گا اور مجھے امید تھی کہ suggestion آئے گی کہ ہم کس طرح سارے water scarcity کے ایشو کو solve کر سکتے ہیں۔ آج بھی میں نے calculate کروایا تو 30

million area per feet پانی سمندر میں waste ہو رہا ہے۔ ہم ایک طرف بات کر رہے ہیں کہ صوبوں کو پانی نہیں مل رہا، ہمیں divert نہیں کرنا چاہیے، دوسری طرف پانی 30 million area per feet ضائع ہو رہا ہے۔ پانی کی ہمارے پاس صرف تیس دن کی سپلائی ہے جب کہ minimum ایک ہزار دن کی سپلائی ملک میں ہونی چاہیے۔ ان situations کو دیکھتے ہوئے کیا چیز identify کریں؟ جناب! پہلے problem identify کریں اور پھر اس کا حل تلاش کریں تو میں نے 9 items لسٹ کیے جس کو ہمیں discuss اور solve کرنے کی ضرورت ہے۔

جناب! نمبر۔ا کسی نے inefficient irrigation system کی بات نہیں کی، یہ ایک حقیقت ہے کہ ہمارے ملک میں جو irrigation system ہے اس کی efficiency بہت ضروری ہے اس وقت اس کو improve کرنا۔ اب بہت پانی ادھر سے ضائع ہوتا ہے۔ اس پر ہمیں الگ بیٹھ کر بات کرنی پڑے گی یہ سارے پاکستان کو affect کرتا ہے۔ نمبر۔۲ کیا وجہ ہے کہ اتنا land ضائع ہو رہا ہے؟ پانی زیادہ استعمال کر رہا ہے over use of chemical fertilizer یہ دوسرا major issue ہے جو identify کرنے کی ضرورت ہے۔ نمبر۔۳ اگر آپ دیکھیں کافی لمبی study ہوتی ہے لیکن میں نے بڑی study کی ہوئی ہے، میں صرف ذکر کروں گا inadequate crop rotation کا جو crop rotation کے systems ہیں ہم نے وہ استعمال نہیں کیے۔ Climate change is an issue یہ ایک major issue ہے جو کہ ہمیں solve کرنے کی ضرورت ہے۔ over population, this is connected with water scarcity صرف یہ نہیں کہ ہم کسی جگہ پانی کو commercial استعمال کے لیے divert کر رہے ہیں۔ but over population کی وجہ سے جو مسائل ہیں آبادی کے روک تھام کے لیے آ رہے ہیں وہ no technological adaptation ہیں۔ آپ سندھ میں چلے جائیں بڑے بڑے land owners ہیں، middle class and lower class طبقہ ہے ان کے پاس hardly lands ہیں but no technological innovation, hardly technological innovations وہی پرانا سسٹم کہ پانی کو ضائع کرتے جاؤ

let's discuss that, let's innovate, sir lastly my 9th point on this.

جناب! What about dams? 9th point on this is ابھی کچھ سینیٹرز صاحبان نے ذکر کیا تھا کہ اس طرف تو غور کریں ہم آپس میں لڑ لڑ کر تھک گئے ہیں۔ جناب! مجھے یاد ہے ہماری لڑائی کس کے ساتھ شروع ہوئی تھی، ہماری لڑائی انڈیا کے ساتھ تھی کیونکہ ان کے پاس جو sources of river ہے وہاں پر وہ dams بنا رہے تھے، دو تین cases تھے جو انڈیا کے خلاف لڑے in the international forum ان کو بڑا keenly study کیا اور میں نے اس سے conclusion draw کیا کہ ان کا کہنا تھا کہ آپ پانی کو ضائع کر رہے ہیں ہم کیوں نہ اپنا پانی save کریں۔ میں نے دیکھا ہمارا مسئلہ کیا تھا کہ ہم اپنے صوبوں کے مسئلے میں پڑے ہوئے ہیں، one province saying کہ آپ نے پانی لے لیا دوسرا province saying کہ آپ نے پانی نہیں لیا، ٹھیک ہے وہ issues ہیں but when it comes to the national issue ہمیں وہ بھی دیکھنا ہے کہ وہاں کیا ہو رہا ہے؟ اسے ہم نے کس طرح face کرنا ہے کیونکہ وہ لوگ dams بنا رہے ہیں اور ہم لوگ ابھی تک ان issues میں پڑے ہوئے ہیں۔ these are the fundamental issues sir, جس پر as a Senator ہمیں غور کرنا ہے and I think ان کو identify and solve the issue کریں گے تو باقی سارے مسائل ان شاء اللہ solve ہوں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: زبردست، شکریہ۔

سینیٹر سید علی ظفر: جناب! اس کے بعد جب آپ فارغ ہو جائیں then I will take time for my next کچھ issues ہیں جس پر ابھی میں نے بات کرنی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی ٹھیک ہے۔ سینیٹر ناصر محمود صاحب۔

<u>Senator Nasir Mehmood</u>

سینیٹر ناصر محمود: پانی کا ہی مسئلہ ہے۔ جناب چیئرمین! میرا خیال ہے کہ چاروں صوبے ہیں ان کا پانی کا ہی مسئلہ ہے، ہم سب کو مل کر اس کا حل نکالنا چاہیے اور سب سے پہلے ذمہ داری صوبے کے وزیر اعلیٰ کی ہوتی ہے۔ مجھے نہیں پتا چلتا کہ جب یہ vote لے کر آتے ہیں وہ اپنی عوام کو بتائیں کہ ہم آپ کے مسائل کا کیا کرتے ہیں وہ چھوڑ دیتے ہیں کہ وفاق نے ایسا کیا۔ لیکن میں نے ساری باتیں

سنیں ہیں، میں نے تو کسی اور مسئلے پر بات کرنی تھی آپ نے حکم کیا ہے تو چاہے کوئی کسی بھی صوبے سے تعلق رکھتا ہو، سب کی خواہش ہے کہ وہ پانی کے مسئلے پر بات کرے اور وہ کر بھی رہے ہیں۔ اس مسئلے کا سب سے اچھا حل یہی ہے کہ چاروں صوبوں کے وزیر اعلیٰ کو بلا لیا جائے کہ وہ اس کا حل نکالیں۔ ایسا ہوا ہے تو اچھی بات ہے، میں نے یہ نہیں سنا۔ میں کسی اور مسئلے پر بات کرنا چاہتا ہوں کہ 180 ملین پاؤنڈ کی بات ہے۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ پہلے پانی کے مسئلے پر بات کرلیں۔

سینیٹر ناصر محمود: اچھا چلیں مجھے پھر اس کے بعد وقت دے دیں میں اس پر بات کرلوں گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی ضرور۔ جی سینیٹر شہادت اعوان صاحب۔ کیا آپ ناراض تو نہیں ہوئے ہیں؟ آپ کو ہم نے آخر میں اس لیے موقع دیا کیونکہ آپ میری طرح صبر کرنے والے انسان ہیں۔

سینیٹر شہادت اعوان: جناب چیئرمین! منسٹر صاحب بات کرلیں وہ wind-up کرلیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر مصدق مسعود ملک صاحب۔ بڑے غور، تحمل اور توجہ سے انہوں نے تمام points note کیے ہیں اور اڑھائی سے تین گھنٹے تک انتظار بھی کیا ہے۔ جی سینیٹر مصدق مسعود ملک صاحب۔

<u>Senator Musadik Masood Malik (Minister for Water Resources)</u>

سینیٹر مصدق مسعود ملک: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! سینیٹر شیری رحمان صاحبہ نے یہاں آج جو adjournment motion پیش کی ہے اسے میں پڑھ دیتا ہوں۔ اس پر لکھا ہوا ہے کہ "regarding decision of the Government to build several Barrages, Dams and link canals on the Indus River for Commercial Commodity farming causing unrest and insecurity amongst farmers of Lower Riparian Provinces where there is already shortage of water",

یہ کہا ہے کہ حکومت نے کمرشل فارمنگ کے لیے دریائے سندھ پر barrages, dams and link canals بنائی ہیں یا بنانے کا منصوبہ ہے۔ پہلے تو میں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ River Indus کے اوپر نہ کوئی ڈیم بن رہا ہے، نہ کوئی بیراج بن رہا ہے اور نہ ہی کوئی link canal بن رہی ہے۔ ہمارے دریا پر صرف دو ڈیم بنے ہیں جو اضافی ڈیم ہیں جن پر کام ہو رہا ہے، ایک دیا میر بھاشا

ہے اور ایک داسو ہے۔ داسو ڈیم نہیں ہے وہ run of the river project ہے جس سے بجلی بنے گی اور دیا میر بھاشا ڈیم ہے۔ یہ دونوں ڈیم 2009-2010 میں پیپلز پارٹی کی حکومت میں CCI میں approve ہوئے تھے۔ میں تو تھوڑا سا background بتا کر آپ کی تعریف کر رہا ہوں۔ ہماری جتنی بھی link canals ہیں وہ 1960 اور 1974 کے بعد کوئی نہیں بنی ہیں۔ ہماری تمام link canals 1960 اور 1974 کے درمیان میں بنی ہیں۔ میرے خیال میں اگر آپ چاہتے ہیں کہ میں صرف adjournment motion پر بات کروں تو adjournment motion تو ختم ہو گئی ہے، چونکہ adjournment motion میں جو بھی claims کیے گیے ہیں اس میں سے ایک بھی صحیح نہیں ہے۔

میں تو آپ کے اور چیئرمین صاحب کے تابع ہوں، وہ جس وقت مجھے اجازت دیں گے تو میں اپنی بات کر پاؤں گا جب اجازت نہیں دیں گے تو میں بیٹھ جاؤں گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی مصدق صاحب آپ اپنی بات جاری رکھیں۔

سینیٹر مصدق مسعود ملک: شیری رحمان صاحبہ نے گلہ کیا، برحق ہو گا، مجھے آج تک جتنی مرتبہ بھی پانی کے معاملے پر بلایا گیا ہے میں تین یا چار مرتبہ قومی اسمبلی کے floor پر تفصیل سے اسی طرح دو یا اڑھائی گھنٹوں تک بیٹھنے کے بعد پانچ، دس یا پندرہ منٹ میں اپنی position explain کر چکا ہوں، اس وجہ سے خدارا آپ مجھے یہ مت کہیے کہ آپ نے مجھے بلایا اور میں حاضر نہیں ہوا۔ مجھے جب بھی بلایا گیا ہے تو میں حاضر ہوا ہوں اور آپ جب بھی بلائیں گے میں آپ کے سامنے حاضر ہوں گا۔

میں آپ کی بات کو adjournment motion کی spirit سے باہر لے کر جاتا ہوں کیونکہ آپ نے جو باتیں کی ہیں، technically تو میں نے آپ کو جواب دے دیا ہے لیکن آپ نے جو دیگر technical باتیں کی ہیں وہ اس technicality کے باہر ہیں۔ اس وقت جو project چل رہا ہے جس کا آپ نے ذکر نہیں کیا وہ ہے چولستان کینال کا ہے۔ اس کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے، اسی وجہ سے میں آپ کے adjournment motion کے حوالے سے بات کر رہا ہوں اگر آپ چاہیں تو میں اسے adjournment motion تک limit کرتا ہوں اور آپ اگلی adjournment motion لے آئیں تو میں حاضر ہو جاؤں گا۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ Chair کو مخاطب کریں، مصدق صاحب آپ بات کریں۔

سینیٹر مصدق مسعود ملک: نہ جانے آج کوئی ناراضگی سی لگ رہی ہے۔ انہوں نے ایک گلہ تو یہ بھی کیا کہ مسکرا کر بات کیوں کرتے ہیں۔ میں اب مسکراہٹ کو بھی control کرنے کی کوشش کروں گا۔ دیکھیں بات یہ ہے کہ چولستان کا منصوبہ دریائے ستلج پر ہے اور چولستان کا river وہ سلیمانکی بیراج سے لیا جائے گا جو کہ پنجاب میں ہے۔ ارسا کے اوپر یہ مقرر ہے جو کہ وفاقی حکومت کے پاس ہے، کہ جب بھی کوئی اضافی کینال بنائی جائے تو وہ ایک certificate issue کرے کہ یہ صوبہ certify کر رہا ہے کہ یہ جو بھی کینال بنائے گا یا جو بھی پانی کا استعمال کرے گا وہ اپنے حصے سے کرے گا۔ یہ certificate IRSA issue کر چکا ہے اور اس کا PC-1 وفاقی حکومت کی طرف سے نہیں بلکہ پنجاب حکومت نے ارسا کے water certificate کے بعد پیش کیا ہے جس میں اس نے کہا ہے کہ پنجاب certify کرتا ہے کہ اسے جو پانی کا حصہ دیا گیا ہے یہ کینال صرف اپنے حصے کا پانی اس میں استعمال کرے گا۔ ابھی تھوڑی دیر پہلے عرفان صدیقی صاحب بھی کوئی بات کر رہے تھے جسے میں قانونی طور پر آپ کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں۔ ہمارا جو Water Accord ہے اس کا پیرا نمبر 8 آپ کے سامنے پیش کروں گا۔ "There would be no restriction on all Provinces or either Province to undertake new projects within their agreed water share". یعنی اٹھارھویں آئینی ترمیم کے بعد اور اس accord کے بعد کوئی بھی صوبہ اس کے حصے کا جو پانی ہے، وہ اپنے حصے کے پانی کو کیسے استعمال کرتا ہے یہ حق سندھ کو بھی ہے، خیبر پختونخوا، سندھ اور بلوچستان کو بھی ہے، تمام صوبوں کو یکساں حق حاصل ہے کہ پانی کی تقسیم کے بعد وہ اپنے کس علاقے کو آباد کرنا چاہیں، کہاں نالہ، کہاں کھائی بنانا چاہیں، کہاں چھوٹا دریا بنائیں یہ jurisdiction completely صوبوں کے پاس ہے۔

چولستان کا 225 ارب روپے کا PC-1 CDWP نے اس certificate کے بعد approve کیا ہے اور اس کے اندر کوئی ایسی جگہ نہیں ہے جو inter provincial پانی کے flows میں آ رہی ہو۔ Within the province اس کے اپنے share میں وہ ایک کینال

کسی علاقے کو آباد کرنے کے لیے بنا رہے ہیں۔ میں آپ کو دوسری بات یہ certify کرنا چاہتا ہوں کہ پانی کی جو treaty ہے exactly اس کی مطابقت سے پانی کا flow دیا جاتا ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر مصدق مسعود ملک: اگر آپ چاہتے ہیں کہ میں خاموش ہو جاؤں تو میں خاموش ہو جاتا ہوں۔ اگر اجازت ہو تو میں اپنی بات مکمل کر لوں۔ تمام صوبوں کو پانی کے accord کی مطابقت سے پانی دیا جاتا ہے اسی لیے ارسا میں ہر صوبے کی representation موجود ہے۔ پانی کی monitoring کا جو ذکر کیا گیا اور کہا گیا کہ غالباً پانی کی تقسیم میں کچھ گڑبڑ ہوتی ہے، پانی کی تقسیم کی monitoring اس وقت صوبوں کے پاس ہے یعنی سندھ کے اندر کتنا پانی flow کر رہا ہے، سکھر میں گڈو بیراج سے یا کسی بھی جگہ پر وہ طاقت Irrigation Department کے پاس ہے، وہ وفاقی حکومت کے پاس نہیں ہے۔ وفاقی حکومت نے telemetry کا ایک programme تجویز کیا ہے جو fund ہو چکا ہے، جو غالباً 2027 کے بعد یہ بات کہ یہاں سے کتنا پانی flow کیا ہے جیسے آپ کے smart meter آپ کو بتا سکتے ہیں کہ ایک ایک molecule کہاں سے flow کر رہا ہے یا ایک ایک electron کہاں سے flow کر رہا ہے۔ اس کے بعد یہ بات کہ ہمارے ہاں تمہارے ہاں سے اتنا پانی آیا تھا اور ہاں اتنا پہنچا ہے اگرچہ درمیان میں دس بیس میل کا ہی فرق ہو گا۔ یہ بات ختم ہو جائے گی۔

اس کے بعد digital meters کے ذریعے، automatic meters کے ذریعے real time میں ہر second میں کتنا پانی flow کر رہا ہے وہ پورے پاکستان پر visible ہو جائے گا۔ کچھ چیزوں کا جو ذکر کیا گیا downstream Kotri جو پانی کی تقسیم سے یعنی جو آپ نے گفتگو فرمائی ہے کہ شاید غیر منصفانہ تقسیم ہوتی ہے اور flows شاید مناسب نہیں ہیں۔ Kotri کے اندر downstream کی جو annual requirement ہے جو سمندر میں پانی جاتا ہے وہ آپ بالکل ٹھیک کہہ رہی ہیں اور میرے تمام دوست اور اصحاب۔ وہ ضائع نہیں ہوتا وہ ضروری ہے اور 8.5 million acre foot per year Kotri سے سمندر میں پانی گزرنا چاہیے۔ April till September 21.5 million acre foot پانی Kotri downstream اس سال جا چکا ہے۔ میں دوبارہ آپ کو بتا دیتا ہوں سالانہ

ضرورت 8.5 million acre foot کی ہے، April and September کے درمیان اس سال 21.5 million acre foot پانی جو ہے وہ سمندر میں downstream Kotri جا چکا ہے۔ جو 2013-14 سے ہمارے آج تک 2022-23 تک کی average out flow سالانہ ہے وہ 15.6 million acre foot ہے۔ اس وجہ سے ضرورت 8.5 million acre foot کی ہے، پچھلے دس سال کا جو data ہے وہ 15.6 million acre foot water flow کا ہے سمندر میں جو جا رہا ہے۔ اس سال صرف September and April کے درمیان میں 21.5 million acre foot پانی جو ہے وہ سمندر میں downstream Kotri جا چکا ہے۔

یہ figures میں صرف اس وجہ سے دے رہا ہوں تاکہ یہ جو ہمیں ایک خدشہ ہے یا وہم ہے کہ پانی روکا جا رہا ہے اور اگر روکا جا رہا ہے تو گزرے گا نہیں اور اگر گزر رہا ہے تو روکا نہیں جا رہا۔ دونوں چیزیں تو ایک ساتھ ہو نہیں سکتیں۔ Finally کچھ چیزیں سینیٹر صاحب نے بڑی اہم چیزیں اس وقت تجویز کی ہیں اور pollution کے حوالے سے کی ہیں، agriculture کی efficiency کے حوالے سے کی ہیں، crop rotation کے حوالے سے کی ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ یہاں پر بہت سے 18th Amendment کے architect بیٹھے ہیں۔ اسی جگہ پر بیٹھ کر ہم نے یہ حتمی فیصلہ کیا تھا کہ agriculture اور پانی کا استعمال اور پانی کا access اس میں وفاقی حکومت کوئی مداخلت نہیں کرے گی۔ وفاقی حکومت سے اگر support مانگی جائے اور اگر budget اجازت دیتا ہو تو وفاقی حکومت ضرور support کرے گی۔ مگر 18th Amendment میں یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ تمام agriculture کے مسائل صوبہ خود طے کرے گا۔ تمام شہروں میں، دیہی آبادیوں میں پانی کس طرح پہنچے گا۔ کون سی نہر کے ذریعے، کون سی pipe کی scheme کے ذریعے وہ صوبہ طے کرے گا۔ پانی پینے لائق ہوگا، پانی healthy ہوگا، پانی میں pollution نہیں ہوگی۔ یہ تمام معاملات صوبہ طے کرے گا۔

18th Amendment میں باقاعدہ آپ نے لکھا کہ پانی، agriculture, sanitation یہ تمام صوبائی معاملات ہیں جن میں وفاقی حکومت مداخلت نہیں کرے گی اور صوبے میں سے اس کا حصہ revenues میں سے اس کو دیا جاتا ہے وہ دیگر عوامل کے علاوہ ان تمام

عوامل جو ہیں ان میں اپنی عوام کی صحت، پانی کا access, pollution, crop rotation, agricultural efficiency ان تمام معاملات کا صوبوں نے اپنے پاس اختیار رکھا ہے۔ یہ تمام بہت اہم معاملات ہیں غالباً آج کی جو ہماری adjournment motion ہے اس سے تعلق نہیں رکھتے تھے جو شیری رحمان صاحبہ نے بات بھی کی یہ بالکل ٹھیک ہے مگر معاملہ اہم ہے۔ اس وجہ سے میں سمجھتا ہوں کہ ان تجاویز پر بھی غور کرنا چاہیے۔

ڈیم کے اوپر تو بہت مشکل ہے کوئی rational discussion کرنا ہے اگر آپ کوئی کمیٹی تجویز کریں گے تو ہم بیٹھ جائیں گے۔ بلاوجہ کوئی بھی ایسی چیز جس سے stress کے اندر اضافہ ہو چاہے وہ ڈیم کے حوالے سے ہو یا کسی اور چیز کے حوالے سے ہو میری کوشش یہ ہوتی ہے کہ میں اس کا ذکر یہاں پر نہ کروں۔ اگر آپ تجویز کریں گے تو ہم بیٹھ جائیں گے اور دیکھ لیں گے کہ کہاں کہاں کتنا پانی store کیا جا سکتا ہے تاکہ پاکستان کی water storage, water requirement بڑھے تیس دن سے زیادہ بڑھے۔ مگر اس سے زیادہ اہم چیز یہ ہے کہ پانی تو ہمارے پاس ہوتا ہے، پانی ہمارے پاس سے گزر بھی جاتا ہے۔ جب فصلوں کے لیے پانی کی ضرورت ہوتی ہے تو اس وقت پانی کی shortage ہو جاتی ہے کیونکہ ہمارے پاس پانی کو regulate کرنے کے لیے وہ ڈیم نہیں ہیں جہاں سے ہم پانی کو روک کر چھوڑ سکیں اس وقت جب ضرورت ہو۔

اس وجہ سے زیادہ تر ایسا ہوتا ہے کہ ہماری جتنی بھی storage capacity ہے اس کے بعد جب بھی پانی آتا ہے وہ بہہ جاتا ہے۔ کبھی اس کی ضرورت ہوتی ہے تب بھی بہہ جاتا ہے، کبھی اس کی ضرورت نہیں ہوتی ہے تب بھی بہہ جاتا ہے۔ آخری بات جو آپ کہہ رہی ہیں CCI کے حوالے سے میرے خیال سے ایک CCI کی meeting تو غالباً ہونے والی ہے۔ اس میں یہ تمام معاملات آ جائیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین ! میں تو ذاتی طور پر floor پر بھی حاضر ہوں آپ کے لیے بھی اور اپنے تمام دوستوں کے لیے بھی، اسی خدمت میں مجھے مامور کیا گیا ہے۔ میرا دفتر بھی آپ کا دفتر ہے آپ جب مرضی تشریف لائیں۔ جب آپ کہیں گے میں تب بھی حاضر، آپ کی Committees میں بھی آ جاؤں گا اور ان شاءاللہ CCI میں بھی جب آپ مجھے بلائیں گے،

بلائیں گی تو میں ان شاء اللہ ضرور وہاں پر حاضر ہوں گا لیکن میں نے کہا کہ چیدہ چیدہ جو اہم چیزیں آپ سامنے لے کر آئے ہیں ان پر میں کم از کم ضرور جو حقائق میرے پاس ہیں آپ کے سامنے پیش کر دوں۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر صاحبہ۔

سینیٹر شیری رحمان: میں شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں منسٹر صاحب کا کہ انہوں نے اتنی دیر انتظار کیا۔ دیکھیں issue بالکل جو اعداد و شمار ہیں اس میں بہت سخت تضاد ہے، فرق ہے اور یہ تقسیم کا issue جو ہے اور اس پر جو debate ہوتی ہے وفاق کی، پنجاب کی، سندھ کی ہر حقائق، بلوچستان کے بھی حوالے سے ہمیشہ یہ data پر ہی ہوتی ہے۔ میرے سامنے جو data ہے اور تصویر بھی ہمارے فاضل ممبر نے دکھائی ہے یہ وہ cusec million acre foot نہیں ہے جو آپ کہہ رہے ہیں۔ Kotri کی جو capacity ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ کہاں کی تصویر ہے؟

سینیٹر شیری رحمان: یہ dawn میں چھپی ہے قحط سالی کی تصویر ہے Kotri barrage کے نیچے اور زمینی حقائق بالکل جو data استعمال کیا جا رہا ہے اس سے برعکس ہیں۔ یہ ایک تاریخی بات ہے جو ہم بار بار کر چکے ہیں۔ مجھے افسوس ہے کہ ہمارے ممبرز اس طرح کی بات کر رہے ہیں کہ میرے پاس اتنا ہے جیسے کوئی ٹوٹی جس کو ہم بند کر دیں۔ یہ تاریخ گواہ ہے کہ پورے دو صوبے ہیں low riparian وہ اسی بحث میں ملوث کرتے کرتے، یہ ہی سنتے سنتے کہ ہم اپنا پانی لے رہے ہیں تم اپنا پانی سنبھالو، ایسا نہیں ہوتا۔ پانی جب نکال لیا جاتا ہے تو وہ نکال لیا جاتا ہے اور پھر آپ چیختے رہ جاتے ہیں کیونکہ یہ چولستان کا project اتنا بڑا ہے دنیا میں، پاکستان میں، ہمارے پاس سب سے بڑا irrigation man made system ہے اور وہ اس وقت under stress ہے۔ یہ تاریخی بات ہے اور اس وقت کے اعداد و شمار آپ بھی challenge کریں اور میں بھی کروں۔ اس سے کوئی فائدہ نہیں ہے لیکن میں ضرور یہ on record کہوں گی کہ ارسا نے خود 25 years سے deficits یعنی کمی کی بات کی ہے، پانی کی کمی۔ Scarcity کی بات تو میں نے UN کے حوالے سے کر دی اور میں اس وقت تقسیم کی بات کر رہی ہوں۔ تقسیم اور کمی کی اب کمی کی جب بات ہو رہی ہے انہوں نے کہا ہے کہ 1999 till 2023 Punjab and

Sindh have experienced annual water shortages of 13.7% and 19.4% respectively. یعنی یہ دونوں صوبوں کی shortages رہی ہیں۔ یہ percentages بتا رہی ہیں۔ اب پنجاب کس طرح کا account دے رہا ہے اور surpluses یہ ہم challenge کرتے ہیں بہت عزت سے بغیر اس کو کوئی اکھاڑہ بنائے۔ لیکن یہ مسئلہ رہا ہے کوئی چالیس سال سے۔ یہ چالیس سالوں سے مسئلہ رہا ہے، ایسی بات نہیں ہے کہ میں نے نلکا بند کر دیا، میں نے اپنا پانی رکھا ہے، میں وہ پانی استعمال کر رہی ہوں۔ جناب والا! یہی تو ساری بحث ہے، سندھ کی بات سنیں اور بلوچستان کی آواز سنیں، مجھے افسوس ہے کہ اس سطح پر debate ہو رہی ہے۔ میں چاہتی ہوں کہ یہ معاملہ کمیٹی میں جائے، ہم سب movers اس کمیٹی میں آئیں گے، اسے thrash out کریں گے کیونکہ IRSA نے خود کہا ہے کہ existing and future need, 50 million acre feet سے زیادہ ہے۔ Annual flow from 1999 to 2023 below Kotri 14 million acre feet ہے، یہ IRSA کے figures ہیں۔ اب annual deficit 36.63 million acre feet Indus system میں ہے، یہ مانی ہوئی بات ہے اور record پر IRSA خود کہتا رہا ہے کہ there is a deficit, یہ distribution and allocation میں کام نہیں کر رہا۔ اب climate change کی بھی بات ہوئی، glacier melt کی بھی ہوئی، یہ کرنے کی ساری چیزیں بہت مرتبہ ہو چکی ہیں کہ 2025 میں water scarce ہوں گے۔

اس وقت جو ہمارا irrigation system ہے، جسے command area کہتے ہیں، وزیر صاحب اسے check کر لیں، یہ کمیٹی میں آ جائے، ہم اس پر discussion کر لیں گے، ایوان میں واپس لے آئیں گے۔ ہم نہیں چاہتے کہ اس پر کوئی تقسیم کی سیاست ہو لیکن پانی کی تقسیم تو چالیس سالوں سے ایک بہت مبہم اور متنازعہ معاملہ رہا ہے اور اب یہ بڑھتا جا رہا ہے۔ جب آپ کہتے ہیں کہ ہم یہاں اتنا بڑا irrigated command area بنا رہے ہیں جو پورے system سے زیادہ ہے تو مجھے بتائیں کہ یہ پانی کہاں سے آ رہا ہے؟ اگر lower riparian کو مل جائے گا تو میں اپنا نام بدلتی ہوں۔ یہ کہاں کہا جا رہا ہے کہ lower riparian کو مل رہا ہے۔ قحط سالی کا عالم دیکھیں، technical باتوں میں dazzle کرنے کی کوشش مت کریں، زمینی حقائق

دیکھیں۔ Indus river جو ستر کی دہائی میں summer میں ہوتا تھا اور جو اب ہوتا ہے۔ آپ کہیں تو میں آپ کو power point presentation دے دیتی ہوں، آپ دیکھیں کہ یہ لڑائی جھگڑے کا گھر نہیں ہے لیکن یہ issue نہ صرف CCI میں بلکہ ہماری کمیٹی میں resolve ہونا چاہیے، CCI کی تاریخ دیجیے۔ بجائے اس کے کہ پنجاب معاہدے کرے اور کہہ دے کہ ہم نے معاہدہ کر دیا، یہ نہیں ہو سکتا، پنجاب اکیلے پانی پر معاہدے نہیں کر سکتا کہ یہ ہمارا ٹب ہے ہم اس میں سے کر رہے ہیں، اس ٹب سے بہت سارا پانی جا چکا ہے، بہہ چکا ہے اور سندھ بنجر ہو چکا ہے، بلوچستان desert بن گیا ہے۔ آپ میری ٹوٹی اور اپنی ٹوٹی کی بات نہ کریں، یہ ہمارے لیے انسانی حق ہے کہ ہم اس پر بات کریں، ہمیں اس کی explanation چاہیے کہ یہ کیسے ہو رہا ہے، یہ معاہدے کیسے ہو رہے ہیں؟ یہ Federal system ہے، Federation میں وہی river lifeline بنا ہوا ہے، وہ پاکستان کی شاہ رگ ہے۔

جناب والا! آپ اس پر direction دیں کہ سارے officials آتے رہیں اور جب تک بلوچستان اور سندھ کے ممبران satisfy نہیں ہوں گے، یہ معاملہ کمیٹی میں رہے گا۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ جی مصدق ملک صاحب۔

سینیٹر مصدق مسعود ملک: جناب چیئرمین! پہلی بات یہ ہے کہ میں آپ کے پاس صرف evidence لا سکتا ہوں کیونکہ جو بات بلوچستان نے کی ہے میں وہ repeat نہیں کر سکتا، جو آپ نے کہی ہے وہ بھی repeat نہیں کر سکتا، نہ میں وہ زبان بول سکتا ہوں کیونکہ میری ذمہ داری وفاق کی ہے، میں پنجاب کا وزیر نہیں ہوں۔ میں وہ نہیں کہوں گا کہ ڈاکا کون ڈالے اور چوری کون کرے، میں وہ زبان نہیں بول سکتا ہوں، یہ میری ذمہ داری نہیں ہے، میری ذمہ داری تو ملک ہے، میں ملک کی بات کروں گا اور میں آپ سے ملک کی بات صرف evidence کے ذریعے کروں گا، opinion کے ذریعے نہیں کروں گا۔ آپ نے جو evidence دیا ہے، میں اسی کا جواب دینے کے لیے حاضر ہوا ہوں۔ میں نے آپ کے سامنے اپنی گزارشات میں جو چیز پیش کی وہ یہ تھی کہ آپ کے پاس پانی کو regulate کرنے کا طریقہ کار نہیں ہے یعنی جب آپ کی خریف کی فصل ہو رہی ہوتی ہے تو بے انتہا پانی بہہ رہا ہوتا ہے لیکن جب ربیع کی باری آتی ہے تو موسم کی وجہ سے آپ کے پاس پانی کو store کر کے regulate کرنے کا طریقہ نہیں ہے، اس وجہ سے خریف میں

وہی water flows کم ہو جاتے ہیں۔ سالانہ water flow جو سمندر میں جا رہا ہے وہ 15.6 million acre feet سالانہ ہے لیکن جب آپ کو پانی کی ضرورت ہوتی ہے، جب آپ نے فصلیں اگانی ہوتی ہیں، اس وقت تو پانی flow نہیں کرتا اور جب آپ کو پانی کی ضرورت نہیں ہوتی، جیسے میں نے آپ کو بتایا کہ اپریل اور ستمبر میں 25.5 million acre feet water flow کر گیا، اگر 8 million acre feet کی ضرورت تھی تو باقی پانی store کیا جا سکتا تھا۔

جناب والا! میں صرف evidence پر بات کر رہا ہوں۔ ربیع کے season میں۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر مصدق مسعود ملک: جناب والا! مجھے بھی بات کرنے کا حق ہے، میں نے بھی تین گھنٹے بات سنی ہے۔ آپ سوال ضرور کریں، میں پھر کھڑا ہو کر جواب دوں گا، میں جواب ہی دینے کے لیے حاضر ہوا ہوں۔ جناب والا! یہ تصویر ربیع کی ہے، یہ خریف کی نہیں ہے، اس وقت half a million acre feet water flow کر رہا ہے۔ اگر آپ کے پاس storage ہو اور water regulatory system ہو تو جب آپ چاہیں گے تو water flow کرے گا لیکن جب آپ evidence کی بنیاد پر بیٹھ کر آپس میں گفتگو بھی نہ کر سکیں اور آپ کو یہ لگے کہ اس کا مطلب تو یہ ہے کہ پانی روک لیں گے، پھر جب اوپر glacier سے پانی آئے گا تبھی بہے گا، آپ کے پاس regulatory system تو ہے ہی نہیں، فریاد صرف اللہ سے کی جا سکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ پانی کیوں نہیں بہہ رہا۔ جب پانی آ نہیں رہا تو پانی کیسے بہے گا؟ جب پانی آ رہا ہوتا ہے تو آپ اسے روکتے نہیں ہیں اور جب آپ کو ضرورت ہوتی ہے تو آپ اسے کیسے چلائیں گے؟ میں یہ تمام گزارشات اسی وجہ سے آپ کے سامنے رکھ رہا ہوں کہ ہم سب مل بیٹھیں، آپ چاہے CCI کو تجویز کریں، وہ ایک forum ہے، ہمارے پاس آپ کی کمیٹی ایک forum ہے۔ آج آپ نے مجھے بلایا، میں حاضر ہو گیا، جتنے evidences تھے میں لے کر آ گیا۔ یہ ایک forum ہے، آپ مجھے جہاں بلائیں، میں حاضر ہوں، آپ میرے پاس تشریف لانا چاہیں تو میں کافی بھی پلاؤں گا، اس پر گفتگو بھی کروں گا۔ ہم اس کو solve کریں گے لیکن آپ کے ساتھ بیٹھ کر کریں گے، polarized گفتگو سے تو کوئی solution نہیں آئے گی، آپ کے ساتھ evidence کی بنیاد پر بیٹھیں گے اور ان شاء اللہ اس

problem کو solve کریں گے۔ میں آپ کا خادم ہوں، اسی خدمت پر مجھے مامور کیا گیا ہے۔ جہاں چاہیں، جب چاہیں، جس forum پر چاہیں، میں حاضر ہو کر آپ کی satisfaction تک اس پر بات کروں گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ تحریکِ التواء Order No. 10 پر تھی جس پر دو، اڑھائی گھنٹے مفصل بحث ہوئی حالانکہ ایک تحریک پر دو گھنٹوں سے زیادہ بحث نہیں ہو سکتی لیکن اس پر ہو گئی۔ اس پر دونوں طرف سے بات ہوئی، ساری پارٹیوں نے اس پر بات کی۔ ہم اس پر بحث کے بعد کسی کمیٹی میں نہیں بھیج سکتے، ہم نے اس پر بحث کروائی۔ آپ اس معاملے کو شہادت اعوان صاحب والی آبی وسائل کی کمیٹی میں raise کر سکتے ہیں اور وہاں بحث بھی کر سکتے ہیں۔ آپ بہت senior ہیں، ہم تو آپ سے سیکھتے ہیں۔۔۔

سینیٹر شیری رحمان: وہ کہہ رہے ہیں کہ اسے کمیٹی میں بھیجیں، انہیں کوئی مسئلہ نہیں ہے تو یہاں کیا debate ہے؟

We are not satisfied with the answer.

جناب ڈپٹی چیئرمین: وزیر صاحب نے آپ کو کہا کہ میرے دفتر آجائیں، مل کر بات کریں گے۔ میں تو یہی کہہ رہا ہوں کہ اس مسئلے کا حل یہی ہے کہ آپس میں بیٹھ کر بات کی جائے۔ ایک issue پر ممبر دو دو، تین تین مرتبہ بات نہیں کر سکتے، شیری صاحبہ کر رہی ہیں، وہ پارلیمانی لیڈر ہیں۔ مصدق صاحب! آپ اس کے بارے میں بتادیں۔

سینیٹر ڈاکٹر مصدق مسعود ملک: جناب والا! جیسے آپ کہیں گے، میں آپ کے ساتھ ہوں، میں حاضر ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مجھے یہ کوئی نہیں ہے، میں نے کہا کہ دو، اڑھائی گھنٹوں کی مفصل بحث کے بعد اگر پھر بھی اسے کمیٹی میں بھیجنا ہے تو پہلے ہی بھیج دیتے۔ آپ لوگ آ رہے ہیں اور جا رہے ہیں، میری حالت بھی دیکھیں، میں بھی تو ایک seat پر چار، ساڑھے چار گھنٹوں سے بیٹھا ہوا ہوں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں کہتا ہوں کہ تین گھنٹوں کی بحث کے بعد بھی اگر آپ نے اسے کمیٹی میں ہی بھیجنا تھا تو اس پر پھر اتنی بحث کیوں کی؟ مجھے کمیٹی میں جانے پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ آپ لوگ آپس میں بات کر لیں کیونکہ یہ حکومتی بینچوں کا issue ہے۔ اس پر مصدق ملک صاحب بات کریں۔ منسٹر صاحب کہہ رہے ہیں کہ اس میں آپ کے جو سوالات ہیں وہ حقائق کے برعکس ہیں۔ دیکھیں آپ نے ایک صوبے کا issue اٹھا دیا اور سندھ کے عوام اور لوگوں نے دیکھ لیا۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ ماشاءاللہ اتنی پرانی ممبر پارلیمنٹ ہیں۔ آپ اس طرح تو ہمیں pressurize نہیں کر سکتیں۔ ہم تو قانون اور rules کے مطابق چلیں گے۔ اس طرح تو ہم نہیں چلیں گے۔ عجیب بات ہے۔ میں نے 35 ,30 سالہ سیاست میں بہت سی چیزیں دیکھی ہیں۔ میں صرف یہ کہہ رہا ہوں کہ تین گھنٹے بحث کے بعد آپ اس کو دوبارہ کمیٹی میں بھیجنا چاہتی ہیں۔ کل کوئی اور issue ہوگا تو اس پر بھی تین چار گھنٹے بحث ہوگی پھر آپ لوگ اس کو بھی کمیٹی میں بھیجیں گے۔ اس کا کوئی حل نکالیں۔ جی، شہادت اعوان صاحب۔

Senator Shahadat Awan

سینیٹر شہادت اعوان: جناب چیئرمین! اس میں یہ ہوا ہے کہ جب یہ issue highlight ہوا اور اس issue پر چیف منسٹر سندھ نے، جس وقت یہ سلسلہ چل رہا تھا، جب یہ Central Development Committee میں گیا تو اس وقت سے حکومت سندھ نے اپنی reservations Federal Government کو convey کیں۔ اس کے بعد کیا ہوتا ہے کہ وہاں سے یہ اچانک recommend ہو کر ECNEC میں چلا جاتا ہے۔ ECNEC IRSA کی رپورٹ لینے کے بعد اس کو conditional approve کر کے یہ project approve ہو جاتا ہے۔ 211 billion کا فنڈ بھی پنجاب کو یک دم release کر دیا جاتا ہے۔ جب میں نے یہ دیکھا کہ پنجاب کے کہنے پر یہ سب کچھ ہو جاتا ہے۔ جناب چیئرمین! جس طرح پنجاب کی سکیمیں ہیں اسی طرح میری ایک سکیم K-4 ہے۔ اس میں کتنے فیصد پانی ملتا ہے۔ M-6 پر میرے سندھ کو کتنا ملتا ہے؟ پنجاب کو 211 billion کا فنڈ یک دم مل گیا۔ اس کے بعد being Chairman Water Resources Committee اس issue کو پچھلے مہینے کی 9

تاریخ کو ہم نے in camera meeting میں رکھا۔ میری کمیٹی کے دوست ممبران تشریف رکھتے ہیں وہ بھی آپ کو بتائیں گے۔ یہ کمیٹی نوٹس میں موجود ہے۔ ہم نے میٹنگ رکھی لیکن اتفاق سے next day Chief Minister Sindh Sahib کی بیٹی کی شادی تھی تو ہم نے اس میٹنگ کو defer کر دیا۔ In between چونکہ میڈم کی یہاں پر Adjournment Motion آ گئی تو ہم نے اس issue کو نہیں لیا۔ ہم اس issue کو already in camera کر رہے تھے۔ میری گزارش یہ ہوگی کہ چونکہ ہاؤس میں اتنی اہم چیز آئی ہے تو اس کے حوالے سے کمیٹی میں سب دوست آ جائیں اور یہ issue discuss ہو جائے اور یہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔ یہ figures بھی ہم وہاں پر sort out کریں گے۔ یہ in detail ایک مسئلہ ہے تاکہ صوبوں کے درمیان ہم آہنگی رہے۔ تو میری گزارش ہوگی کہ بہتر یہ ہوگا کہ ہاؤس اس کو refer کر دے۔ Otherwise committee تو اس چیز کی conscious ہے۔ ہم پہلے بھی اس کو take up کر رہے تھے اور موشن کی وجہ سے رکھے ہوئے تھے۔ جناب چیئرمین! آپ سے میری استدعا ہے کہ اس کو کمیٹی میں بھیج دیں۔ ہمارے تمام دوست وہاں پر کمیٹی میں آئیں۔ ہم مل بیٹھ کر اس پر تفصیلی گفتگو کریں۔ جناب چیئرمین! میری آپ سے استدعا ہے کہ اس نے تو کمیٹی میں discuss ہونا ہے کیونکہ یہ اتنا اہم issue ہے۔ تو بہتر یہی ہوگا کہ ہاؤس بھیجے گا تو ہم ہاؤس کو رپورٹ پیش کریں گے۔ اس لیے جناب چیئرمین! اس کو کمیٹی میں بھیج دیں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی علی ظفر صاحب۔ آپ اس پر کوئی مشورہ دے دیں۔ کوئی راستہ ہمیں بتا دیں۔

Senator Syed Ali Zafar

سینیٹر سید علی ظفر: میں اس کے بارے میں منسٹر صاحب اور دوسرے ممبران کو ایک suggestion دینا چاہتا ہوں۔ میں کچھ عرصے کے لیے Water Minister بھی تھا، تو ہم نے ایک پوری کانفرنس کی جس میں ہم نے کہا کہ یہ جو تقسیم کا مسئلہ آتا ہے یہ کس طرح حل کیا جا سکتا ہے؟ آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، برطانیہ، امریکہ، کینیڈا اور یورپ سے ماہرین آئے تھے ان سب نے آ کر ایک suggestion دی۔ انہوں نے کہا کہ یہ کوئی بڑا issue نہیں ہے جتنا پاکستانیوں نے بنایا ہوا ہے۔ یہ تو صرف ٹیکنالوجی کا مسئلہ ہے۔ آپ ٹیکنالوجی لے آئیں تو آپ کو پتا چل جائے گا کہ ہر spot

پر کتنا پانی کدھر استعمال ہو رہا ہے۔ میں سب دوستوں کو یہ suggestion دوں گا کہ Let us solve this issue by importing and installing that technology on our system. تاکہ یہ issue ساری عمر کے لیے حل ہو جائے۔ منسٹر صاحب ثبوت پیش کرتے ہیں پھر سینیٹر شیری صاحبہ ثبوت اٹھاتی ہیں تو ہم اس مسئلے کو کبھی حل نہیں کر سکتے کہ کون کتنا پانی تقسیم کر رہا ہے۔ جناب چیئرمین! جہاں تک rules کا تعلق ہے۔ میری نظر میں تو یہ بہت clear ہیں کہ once the debate has taken place پھر اس کے بعد کچھ نہیں ہو سکتا۔ جناب چیئرمین! اس پر آپ کی جو بھی ruling ہو گی مگر میں یہ suggest کروں گا کہ آپ ایک نئی قرار داد لائیں ساری چیزوں کو دیکھ کر according to the evidence.

جناب ڈپٹی چیئرمین: مصدق ملک صاحب کا قومی اسمبلی میں بھی ایک دو سوال ہیں۔ آپ ذرا ہمیں اس کے بارے میں بتا دیں۔

سینیٹر مصدق مسعود ملک: شہادت اعوان صاحب اگر کمیٹی میں بلائیں گے تو میں تب بھی حاضر ہوں۔ آپ یہاں پر بلائیں تب بھی حاضر ہوں۔ یہ میرے دفتر تشریف لائیں تب بھی حاضر ہوں۔ جناب چیئرمین! میں تو صرف حاضر ہوں۔ آپ جو بھی فیصلہ کریں۔ آپ کے جو قوانین کہتے ہیں۔ اگر اجازت نہیں دیتے تو شہادت اعوان صاحب مجھے بلا لیں۔ وہ ہمارے Boss ہیں۔ جیسے ہی بلائیں گے ہم وہاں پر حاضر ہو جائیں گے۔ جناب چیئرمین! CCI کی میٹنگ ہو رہی ہے۔ میں آپ کو اس کی تاریخ کے بارے میں پتا کر کے بتا دیتا ہوں۔

Senator Syed Shibli Faraz

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب چیئرمین! اس پر کافی مفصل گفتگو ہوئی ہے۔ میرا خیال ہے کہ ہمیں آگے چلنا چاہیے۔ آپ نے ہمیں کبھی اتنی گنجائش نہیں دی کہ ہم ایک issue کو اتنا لمبا کھینچ رہے ہیں۔ آپ رولنگ دیں۔ جو بھی آپ نے رولنگ دینی ہے آپ رولنگ دیں۔ اس قصے کو آپ ختم کریں کیونکہ اب غیر سنجیدگی کا تاثر اس میں داخل ہونے لگا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، سینیٹر شیری رحمان صاحبہ۔

Senator Sherry Rehman

سینیٹر شیری رحمان: جناب چیئرمین! ٹھیک ہے۔ آپ کہہ رہے ہیں کہ Standing Orders ہیں کہ Adjournment Motion کے بعد کوئی مسئلہ کمیٹی میں نہیں جاسکتا۔ پھر ہم جمعہ کے دن اس کو دوسرے موشن میں دوبارہ لے آتے ہیں

because it can go to the Committee after a Point of Order. Simple, because it should have been resolved here today but there is a contest, a historic data contest over water.

یہ بالکل غیر سنجیدہ نہیں ہے۔ افسوس ہے کہ لیڈر آف دی اپوزیشن کو پاکستان کے حقوق کے بارے میں غیر سنجیدہ لگ رہا ہے۔ پانی کا data بہت contested ہے۔ وزیر صاحب کو بھی پتا ہے اور ہم سب کو پتا ہے۔ یہ resolve نہیں ہوا ہے۔ آپ کہہ رہے ہیں کہ آپ Adjournment Motion کے حوالے سے Standing Orders کے پابند ہیں۔ یہ Rules نہیں ہیں، یہ Standing Orders ہیں۔ اس میں بڑا فرق ہے۔ Now, the issue is that we will raise it again as a Point of Public Importance on Friday پھر آپ اس کو کمیٹی میں بھیج دیں تاکہ آپ کا بھی مسئلہ حل ہو جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں نے آپ کو پہلے گزارش کی کہ مجھے تو یاد نہیں پڑتا کہ پچھلے سات آٹھ ماہ میں تحریک التواء پر کبھی اتنی لمبی بات ہوئی ہے۔

سینیٹر شیری رحمان: نہیں، اس پورے سیشن میں نہیں ہوا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ واحد issue ہے جس پر مفصل بات ہوئی ہے اور تمام سیاسی پارٹیوں نے اس پر بحث کی ہے۔ میرے سامنے سینیٹ کا ایک Standing Order No. 1.40 ہے۔ اس میں جو سینیٹ کے rules ہیں۔ جب کسی issue پر اتنی مفصل بات ہو جاتی ہے تو اس کے بعد اس کو کمیٹی کے پاس دوبارہ نہیں بھیجا جاسکتا۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ آپ اس کو دوبارہ سینیٹ میں پیش کریں۔ Rules کو تو ہم relax نہیں کر سکتے۔ ہم نے Rules کے مطابق چلنا ہے۔

Senator Sherry Rehman: I will do as you said but these are not Rules, these are Standing Orders.

گزارش یہ ہے جناب چیئرمین! قطع کلامی معاف، اس ایوان میں adjournment motionپر دو دن تک discussion چلی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ یقین کریں۔ ہمیں جتنا پیار بلوچستان سے ہے۔ اتنا سندھ، خیبر پختونخوااور پنجاب سے بھی ہے۔ یہ سارے صوبے ہمارے اپنے ہیں۔ یہ ہمارااپنا ملک ہے۔اس کو ہم ابھی Standing Order No. 1.40کے مطابق دوبارہ کمیٹی کے پاس نہیں بھیج سکتے۔ آپ دوبارہ اس کو سینیٹ میں پیش کر دیں۔ ان شاء اللہ دوبارہ اس پر بحث ہو گی۔

میرے خیال میں اس پر اب بحث اختتام پذیر ہوئی۔ یہ ایوان مورخہ 24 جنوری، 2025 بروز جمعہ صبح 10:30 بجے تک ملتوی کیا جاتا ہے۔

[The House was then adjourned to meet again on Friday, the 24th January, 2025 at 10:30 a.m.]